ترجمہ: فاطمہ بنت منذر نے حضرت اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز آدمی کی ملکیت نہ ہو اس کے حوالے سے خود کو سیر ظاہر کرنے والے کی مثال یوں ہے جیسے اس نے جھوٹ کے دو کپڑے پہنے ہوں۔

وضاحت: کسی شخص کا کوئی ایسی صفت ظاہر کرنا جو اس میں نہ ہو یعنی جاہل کا اپنے آپ کو عالم ظاہر کرنا۔ مالدار کا اپنے آپ کو دولت مند اور غنی ظاہر کرنا اس طرح ہے جیسا کسی نے کسی سے دو جھوٹے جوڑے کپڑے لے کر پہن لیے ہوں۔

309 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا ابْنُ جَامِعٍ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَهُ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُورٍ''

ترجمہ: فاطمہ بنت منذر نے حضرت اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو

چیز آدمی کی ملکیت نہ ہو اس کے حوالے سے خود کو سیر ظاہر کرنے والے کی مثال یوں ہے جیسے اس نے جھوٹ کے دو کپڑے پہنے ہوں۔

کھانے کے وقت وضو کرنے کے فوائد

310 اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْخُتُلِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْفَضْلِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَسَنِ الزُّبَيْدِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمَرْوَزِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، مُتَّصِلًا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الْوُضُوءُ قَبْلَ الطَّعَامِ يَنْفِي الْفَقْرَ وَبَعْدَهُ يَنْفِي اللَّمَمَ، وَيُصِحُّ الْبَصَرَ"

ترجمہ: حضرت موسیٰ بن جعفر اپنے والد اور دادا سے متصل روایت کرتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانے سے پہلے وضو کرنا فقر کو دور کرتا ہے اور کھانے کے بعد (وضو کرنا) جنون اور چھوٹے گناہوں کو دور کرتا ہے اور نگاہ کو صحیح کرتا ہے۔

وضاحت: کھانے کا وضو یہ ہے کہ ہاتھوں دھونا اور کلی کرنا ہے۔

قصہ گوئی کرنے والا نفرت کا، غور کرنے والا رحمت کا، تاجر رزق کا منتظر ہے اور ذخیرہ اندوزی کرنے والا اور نوحہ کرنے والی پر لعنت برستی ہے

311 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَاذَ بْنِ مِهْرَانَ الطُّوسِيُّ، ثنا طَاهِرُ بْنُ عِيسٰى، ثنا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّوَاسِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْهَاشِمِيُّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْعَبَادِلَةِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "الْقَاصُّ يَنْتَظِرُ الْمَقْتَ وَالْمُسْتَمِعُ اِلَيْهِ يَنْتَظِرُ الرَّحْمَةَ، وَالتَّاجِرُ يَنْتَظِرُ الرِّزْقَ، وَالْمُحْتَكِرُ يَنْتَظِرُ اللَّعْنَةَ، وَالنَّائِحَةُ وَمَنْ حَوْلَهَا مِنِ امْرَاَةٍ مُسْتَمِعَةٍ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ"

(معجم الکبیر للطبرانی رقم الحدیث: ۱۳۵۶۷، الزھد والرقائق لابن المبارک والزھد لنعیم بن حماد، جلد ۱ صفحہ ۱۷، رقم الحدیث: ۴۹)

ترجمہ: مجاہد نے حضرات عبادلہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قصہ گو نفرت کا منتظر ہوتا ہے، غور سے سننے والا رحمت کا منتظر ہوتا ہے، تاجر رزق کا منتظر ہوتا ہے اور ذخیرہ اندوزی کرنے والا

لعنت کا منتظر ہوتا ہے اور نوحہ کرنے والی اور جو عورتیں اس کے اردگرد اس کو سنتی ہیں ان پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت برستی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں لمبی عمر سعادت مندی ہے

312 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، ثنا بُكَيْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَهْلٍ الْحَدَّادُ، بِمَكَّةَ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ قُرَيْشٍ، ثنا اِدْرِيسُ بْنُ مُوْسَى الْهَرَوِيُّ، قَالَ: ثنا مُوْسَى بْنُ نَاصِحٍ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''السَّعَادَةُ كُلُّ السَّعَادَةِ طُوْلُ الْعُمُرِ فِي طَاعَةِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مکمل سعادت مندی یہ ہے کہ لمبی عمر ہو، جو اللہ کریم کی اطاعت میں (بسر) ہو۔

کامل بدبخت شخص کون ہے؟

313 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَيُّوبَ بْنِ دَاوُدَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السُّكَيْنِ الْبَلَدِيُّ، ثنا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَعْلَى بْنُ الْاَشْدَقِ بْنِ الْجَرَادِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْعُقَيْلِيُّ وَيُكْنَى بِاَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَرَادٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الشَّقِيُّ كُلُّ الشَّقِيِّ مَنْ اَدْرَكَتْهُ السَّاعَةُ حَيًّا لَمْ يَمُتْ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن جراد بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کامل بدبخت وہ شخص ہے جس پر قیامت زندہ حالت میں آپہنچی اور وہ مرا نہیں۔

نوٹ: اس سے مراد یہ ہے کہ قیامت برے لوگوں پر قائم ہوگی۔ اس لیے وہ شخص مکمل بدبخت ٹھہرا۔ جس پر قیامت اس حالت میں آئی کہ وہ زندہ تھا اور اس پر موت واقع نہیں ہوئی تھی۔

انسان کے لیے بڑی ہلاکت کیا ہے؟

314 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا بَحْرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْقَرْقُوبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِشْرٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا قَتَادَةُ بْنُ الْوَسِيمِ اَبُوْ عَوْسَجَةَ الطَّائِيُّ،

ثنا عُبَيْدُ بْنُ آدَمَ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْوَيْلُ كُلُّ الْوَيْلِ لِمَنْ تَرَكَ عِيَالَهُ بِخَيْرٍ وَقَدِمَ عَلَى رَبِّهِ بِشَرٍّ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہلاکت اس شخص کے لئے ہوگی، جس نے اہل وعیال کو تو خیریت کے ساتھ پیچھے چھوڑا اور (خود) اپنے رب عزوجل کی طرف برائی کے ساتھ لوٹا۔

مظلوم کی دعا قبول کی جاتی ہے، اگرچہ وہ فاسق ہو

315 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا أَبُو الطَّيِّبِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، قَالَ: ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ مُسْتَجَابَةٌ وَإِنْ كَانَ فَاجِرًا فَفُجُوْرُهُ عَلَى نَفْسِهِ''

ترجمہ: سعید بن ابوسعید نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مظلوم کی دعا قبول کی جاتی ہے اگرچہ وہ فاجر ہی کیوں نہ ہو۔ اس کا فسق وفجور اس کی ذات پر ہے۔

وضاحت: مظلوم کی دعا رد نہیں ہوتی اگرچہ وہ نافرمان ہی کیوں نہ ہو۔ اس کی نافرمانی اور گناہ اس کی ذات کے ساتھ ہے لیکن اللہ کریم اس کی پکار کو قبول فرمالیتا ہے۔ اس لیے مظلوم کی آہ سے بچنا چاہیے۔

تین آدمیوں کی دعا کے قبول ہونے میں کوئی شک نہیں ہے

316 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمٌ، ثنا أَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ يَحْيَى، يَعْنِي ابْنَ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَعْنِي: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "ثَلَاثُ دَعَوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٌ لَا شَكَّ فِيْهِنَّ: دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ، وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ، وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلَى وَلَدِهِ"

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین بندوں کی دعا کے قبول ہونے میں کوئی شک نہیں۔ مظلوم کی دعا، مسافر کی دعا اور باپ کی دعا اپنے بیٹے کے لئے۔

قاضی کے لیے تین درجے ہیں

317 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ ظُهَيْرٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، عَنْ مُحَارِبٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَلْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ: قَاضِيَانِ فِي النَّارِ وَقَاضٍ فِي الْجَنَّةِ. قَاضٍ قَضَى بِغَيْرِ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَهُوَ فِي النَّارِ، وَقَاضٍ قَضَى بِالْهَوٰى فَهُوَ فِي النَّارِ، وَقَاضٍ قَضَى بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ"

(سنن ابو داؤد (۳۵۷۳) ج ۳ ص ۲۹۹، سنن ترمذی (۱۳۲۲) ج ۳ ص ۶۰۵، سنن ابن ماجه (۲۳۱۵) ج ۲ ص ۷۷۶، شرح السنة ج ۱۰ ص ۹۴۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاضی تین قسم کے ہوتے ہیں، دو دوزخی اور ایک جنتی۔ ایک وہ قاضی جس نے فیصلہ کیا اللہ کے نازل کردہ حکم کے بغیر (کتاب اللہ کے خلاف فیصلہ کیا) وہ دوزخ میں ہوگا۔ وہ قاضی جس نے اپنی خواہشات کے ساتھ فیصلہ کیا وہ بھی جہنم میں ہوگا، وہ قاضی جس نے اللہ کے نازل کردہ حکم (قرآن کے) مطابق فیصلہ دیا، وہ جنت میں ہوگا۔

منافق میں دو چیزیں جمع نہیں ہوسکتی

318 اَخْبَرَنَا مُنِيْرُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ، اَبنا اَبُوْ يَزِيْدَ الْقَرَاطِيْسِيُّ، ثنا اَسَدٌ، ثنا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدِ بْنِ سَخْتَوَيْهِ الْاِسْفَرَايِيْنِيُّ، ثنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا مَعْمَرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَصْلَتَانِ لَا تَكُوْنَانِ فِي مُنَافِقٍ حُسْنُ سَمْتٍ وَلَا فِقْهٌ فِي دِيْنٍ''

(الزهد والرقائق لابن المبارك (۴۵۹) ج ۱ ص ۱۵۵۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منافق میں دو خصلتیں نہیں ہوتیں: اچھی عادت اور دین کی سوجھ بوجھ۔

مؤمن میں دو چیزیں جمع نہیں ہوتیں

319 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا اَبُوْ

عَلِيّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيّ الْأَعْسَمُ، ثنا رِزْقُ اللهِ بْنُ مُوسٰى، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ غَالِبٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِي مُؤْمِنٍ الْبُخْلُ وَسُوءُ الْخُلُقِ''

(شعب الایمان (۱۰۳۳۶) سنن ترمذی (۱۹۶۲) ج ۴ ص ۳۴۳، مسند ابو داؤد طیالسی (۲۳۲۲) ج ۳ ص ۶۶۰،

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو عادتیں مؤمن میں جمع نہیں ہوتیں: بخل اور برے اخلاق۔

دو آنکھوں کو دوزخ کی آگ نہیں جلائے گی

320 أَخْبَرَنَا أَبُو إِسْحَاقَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيّ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْغَازِي، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَدَّادِ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مُوسَى الْبَلْخِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ هَارُونَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ: عَيْنٌ بَكَتْ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ، وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِي سَبِيلِ اللهِ "

(شعب الایمان (۷۷۴)

ترجمہ: حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ دو آنکھوں کو دوزخ کی آگ نہیں چھوئے گی' آدھی رات کو اللہ کے خوف سے رونے والی آنکھ' اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے رات بسر کرنے والی آنکھ۔

321 أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيّ بْنِ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَرَّاقُ، حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْمُقْرِئُ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ خَلَّادٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ: عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ وَعَيْنٌ حَرَسَتْ فِي سَبِيلِ اللهِ "

(شعب الایمان (۷۷۴)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو آنکھوں کو دوزخ کی

آگ نہیں چھوئے گی' اللہ کریم کے خوف سے رونے والی آنکھ' اللہ کے راہ میں پہرہ دینے والی آنکھ۔

دو شخص کبھی سیر نہیں ہوتے

322 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا أَبُو بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْهُومَانِ لَا يَشْبَعَانِ: طَالِبُ عِلْمٍ، وَطَالِبُ دُنْيَا"

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۶۱۱۸) سنن دارمی (۳۴۶) مسند البزار (۴۸۸۰) شعب الایمان (۹۷۹۸))

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو چیزوں کا حریص کبھی سیر نہیں ہوتا، علم کا طالب' دنیا کا طالب۔

بوڑھے میں دو چیزیں جوان ہو جاتی ہیں

323 أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُعَلِّمُ، أبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْأَنْطَاكِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْغَضَائِرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ أَبُو مَرْوَانَ الْعُثْمَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "الشَّيْخُ شَابٌّ فِي حُبِّ اثْنَتَيْنِ: فِي طُولِ الْحَيَاةِ، وَكَثْرَةِ الْمَالِ"

(مسلم (۱۰۴۶) سنن ترمذی (۲۳۳۸) سنن ابن ماجہ (۴۲۳۳) شعب الایمان (۹۷۸۱))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھے شخص کا دل دو چیزوں کی محبت میں جوان رہتا ہے' لمبی زندگی' مال کی کثرت۔

اللہ تعالیٰ چار بندوں کو ناپسند کرتا ہے

324 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''أَرْبَعَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللهُ تَعَالَى الْبَيَّاعُ الْحَلَّافُ، وَالْفَقِيرُ الْمُخْتَالُ، وَالشَّيْخُ الزَّانِي، وَالْإِمَامُ الْجَائِرُ''

(سنن نسائی (۲۵۷۶) مسند البزار (۸۴۵۳) صحیح ابن حبان (۵۵۵۸) شعب الایمان (۴۵۱۲))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ چار بندوں کو ناپسند کرتا ہے، قسمیں کھا کر سامان بیچنے والا، متکبر فقیر، بوڑھا زانی، ظالم حکمران۔

تین ہلاک کرنے والے اعمال اور تین نجات دینے والے

ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ، وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ ، فَالثَّلَاثُ الْمُهْلِكَاتُ: شُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ. وَالثَّلَاثُ الْمُنْجِيَاتُ: خَشْيَةُ اللهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ، وَالْقَصْدُ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَى، وَالْعَدْلُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا

325 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ بَكْرٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ، وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ. فَالثَّلَاثُ الْمُهْلِكَاتُ: شُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ. وَقَالَ: وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ: خَشْيَةُ اللهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ، وَالْقَصْدُ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَى، وَالْعَدْلُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا"

(الزهد لابی داؤد رقم الحدیث: ۲۲۵ المجالسة وجواهر العلم رقم الحدیث: ۸۹۹ شعب الایمان رقم الحدیث: ۷۳۱

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں اور تین نجات دینے والی ہیں ہلاک کرنے والی یہ ہیں: فرمانبرداری میں بخل کرنا، خواہشات کی پیروی، بندہ کا اپنے آپ میں غرور تکبر کرنا، اور تین نجات دینے والی یہ ہیں: پوشیدہ اور اعلانیہ (خلوت اور جلوت) ہر حال میں اللہ سے ڈرنا، تنگدستی اور فراخدستی (دونوں حال) میں میانہ روی اختیار کرنا، غصہ اور خوشی (دونوں حالتوں) میں انصاف کرنا۔

326 وَأَخْبَرَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ الْحَسَنِ الْمَصَاحِفِيُّ، ثنا أَبُو حَامِدٍ أَحْمَدُ بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ الْإِسْفَرَايِينِيُّ بِمَكَّةَ، عِنْدَ بَابِ النَّدْوَةِ عِنْدَ أُسْطُوَانَةِ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللهُ، ثنا أَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ بَكْرٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ، وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ. فَأَمَّا الْمُهْلِكَاتُ فَشُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ. وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ: خَشْيَةُ اللهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ، وَالْقَصْدُ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَى،

وَالْعَدْلُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا"

(الزهد لابی داؤد رقم الحدیث: ۲۲۵ المجالسۃ وجواهر العلم رقم الحدیث: ۸۹۹ شعب الایمان رقم الحدیث: ۷۳۱)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں اور تین نجات دینے والی ہیں ہلاک کرنے والی یہ ہیں: فرمانبرداری میں بخل کرنا' خواہشات کی پیروی' بندہ کا اپنے آپ پر غرور وتکبر کرنا۔ اور تین نجات دینے والی یہ ہیں: پوشیدہ اور اعلانیہ (خلوت اور جلوت) ہر حال میں اللہ سے ڈرنا' تنگدستی اور فراخدستی (دونوں حال) میں میانہ روی اختیار کرنا' غصہ اور خوشی (دونوں حالتوں) میں انصاف کرنا۔

327 وَأَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْكَاتِبُ، ثنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَالِسِيُّ بِبَالِسَ سَنَةَ إِحْدَى وَثَلَاثِينَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، ثنا عَمِّي إِبْرَاهِيمُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ الْفَضْلِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ، وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ. فَأَمَّا الْمُهْلِكَاتُ فَشُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ، وَأَمَّا الْمُنْجِيَاتُ: فَخَشْيَةُ اللهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ، وَالْقَصْدُ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَى، وَالْعَدْلُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا"

(الزهد لابی داؤد رقم الحدیث: ۲۲۵ المجالسۃ وجواهر العلم رقم الحدیث: ۸۹۹ شعب الایمان رقم الحدیث: ۷۳۱)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں اور تین نجات دینے والی ہیں ہلاک کرنے والی یہ ہیں: بخل جس کی اطاعت کی جائے' خواہشات کی پیروی' بندہ کا اپنے آپ پر غرور وتکبر کرنا۔ اور تین نجات دینے والی یہ ہیں: پوشیدہ اور اعلانیہ (خلوت اور جلوت) ہر حال میں اللہ سے ڈرنا' تنگدستی اور فراخدستی (دونوں حال) میں میانہ روی اختیار کرنا' غصہ اور خوشی (دونوں حالتوں) میں انصاف کرنا۔

الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا، فَهُوَ عَلَى الْبَادِئِ حَتَّى يَعْتَدِيَ الْمَظْلُومُ

ایک دوسرے کو گالی دینے والے دو افراد میں سے گناہ اس شخص کو ہوگا جس نے پہلے کی تھی' جب تک مظلوم زیادتی نہ کرے

328 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أبنا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَكِيمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا، فَهُوَ عَلَى الْبَادِئِ.

حَتّٰى يَعْتَدِيَ الْمَظْلُوْمُ''

(صحیح مسلم رقم الحدیث: ۲۵۸۷ سنن ابی داؤد رقم الحدیث: ۴۸۹۴ سنن ترمذی رقم الحدیث: ۱۹۸۱ مسند ابی داؤد طیالسی رقم الحدیث: ۱۱۷۶ مسند احمد مخرجا رقم الحدیث: ۷۲۰۵

ترجمہ: یونس نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت کیا وہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو گالی گلوچ کرنے والوں نے جو کچھ بکواس کیا اس کا وبال ان دونوں میں سے شروع کرنے والے پر ہوگا' جب تک مظلوم زیادتی نہ کرے۔

329 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدَنِيُّ، ثنا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، ثنا ابْنُ لَهِيْعَةَ وَعَمْرُوْ بْنُ الْحَارِثِ وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اَلْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا، فَعَلَى الْبَادِئِ حَتّٰى يَعْتَدِيَ الْمَظْلُوْمُ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةَ، وَابْنِ حَجَرٍ قَالُوْا: ثنا اِسْمَاعِيْلُ، يَعْنُوْنَ: ابْنَ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اَلْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا، فَعَلَى الْبَادِئِ مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ''

(صحیح مسلم رقم الحدیث: ۲۵۸۷ سنن ابی داؤد رقم الحدیث: ۴۸۹۴ سنن ترمذی رقم الحدیث: ۱۹۸۱ مسند ابی داؤد طیالسی رقم الحدیث: ۱۱۷۶ مسند احمد مخرجا رقم الحدیث: ۷۲۰۵

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو گالی گلوچ کرنے والوں نے جو کچھ بکواس کیا اس کا وبال ان دونوں میں سے شروع کرنے والے پر ہوگا جب تک مظلوم زیادتی نہ کرے۔

اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ

میں حوض پر تمہارا پیش رو ہوں گا۔

330 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا الزَّعْفَرَانِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ''

(صحیح بخاری رقم الحدیث: ۶۵۸۹، ۶۵۷۵ مسلم رقم الحدیث: ۲۲۸۹ سنن ابن ماجہ رقم الحدیث: ۳۰۶۲ مصنف ابن

ابو شیبہ رقم الحدیث:۳۱۶۵۸ مسند احمد مخرجا رقم الحدیث:۱۸۸۰۹ مسند ابی یعلی موصلی رقم الحدیث:۱۵۲۵ معجم الکبیر للطبرانی رقم الحدیث:۱۰۴۰۹ صحیح ابن حبان مخرجا رقم الحدیث:۶۴۴۵

ترجمہ: عبید بن عمیر سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم لوگوں کے لئے حوض (کوثر) پر پیشرو ہوؤں گا۔

331 وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَبنا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُوْسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَبُوْ كَامِلٍ، ثنا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ''

(صحیح بخاری رقم الحدیث:۶۵۸۹،۶۵۷۵ مسلم رقم الحدیث:۲۲۸۹ سنن ابن ماجہ رقم الحدیث:۴۳۰۶ مصنف ابن ابو شیبہ رقم الحدیث:۳۱۶۵۸ مسند احمد مخرجا رقم الحدیث:۱۸۸۰۹ مسند ابی یعلی موصلی رقم الحدیث:۱۵۲۵ معجم الکبیر للطبرانی رقم الحدیث:۱۰۴۰۹ صحیح ابن حبان مخرجا رقم الحدیث:۶۴۴۵

ترجمہ: حضرت جندب بن سفیان بجلی کہتے ہیں: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میں تم لوگوں کے لئے حوض (کوثر) پر پیشرو ہوؤں گا۔

میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اکٹھے ہوں گے

332 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، قَالَ: اَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمَوَيْهِ الرَّازِيُّ، اَنَا اَبُوْ شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ كَهَاتَيْنِ فِي الْجَنَّةِ''

(صحیح بخاری رقم:۶۰۰۵، سنن ابی داؤد رقم:۵۱۵۰، سنن ترمذی رقم:۱۹۱۸، مسند حمیدی رقم:۸۶۱، مسند احمد رقم:۲۲۸۲۰، الادب المفرد رقم:۱۳۳، مسند ابی یعلی موصلی رقم:۴۸۶۶۔

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رحمۃ العالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور وہ شخص جس نے یتیم کی کفالت کی جنت میں ان دو کی طرح ہوں گے (جیسے یہ دو انگلیاں ہیں۔)

میں ڈرانے والا ہوں، موت حملہ کرنے والی اور قیامت وعدہ کا دن ہے

333 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شَاهِيْنَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا مُوْسَى بْنُ

عِيسَى السَّرَّاجُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَاغِنْدِيُّ، قَالَا: ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا ضِمَامُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: ''يَا بَنِي هَاشِمٍ، يَا بَنِي قُصَيٍّ أَنَا النَّذِيرُ، وَالْمَوْتُ الْمُغِيرُ، وَالسَّاعَةُ الْمَوْعِدُ''

(مسند ابو یعلی موصلی رقم: ۶۱۴۹، شرح معانی الاثار رقم: ۷۳۹۷، ۵۳۸۷، شعب الایمان رقم: ۱۰۰۹۴۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنی ہاشم، اے بنی قصی، میں نذیر (ڈرانے والا) ہوں اور موت حملہ کرنے والی ہے اور قیامت وعدہ کا دن ہے۔

خاموشی نجات ہے

334 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ، أنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ الطَّالَقَانِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ صَمَتَ نَجَا''

(سنن ترمذی رقم: ۲۵۰۱، مسند احمد مخرجا رقم: ۶۶۵۴، ۶۴۸۱، شعب الایمان رقم: ۴۶۲۹، شرح السنۃ للبغوی رقم: ۴۱۲۹، معجم الاوسط رقم: ۱۹۳۳۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو خاموش رہا وہ نجات پا گیا۔

اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی کرنا

335 أَخْبَرَنَا أَبُو سَعْدٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِينِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ حَمْدَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ بْنِ مُوسَى، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ تَوَاضَعُوا فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِي نَفْسِهِ صَغِيرٌ وَفِي أَعْيُنِ النَّاسِ عَظِيمٌ، وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَهُوَ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ صَغِيرٌ وَفِي نَفْسِهِ كَبِيرٌ، وَحَتّٰى لَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِمْ مِنْ كَلْبٍ أَوْ خِنْزِيرٍ''

"مَنْ يَتَأَلَّ عَلَى اللهِ يُكَذِّبْهُ، وَمَنْ يَغْفِرْ يَغْفِرِ اللهُ لَهُ، وَمَنْ يَعْفُ يَعْفُ اللهُ عَنْهُ، وَمَنْ يَصْبِرْ عَلَى الرَّزِيَّةِ يُعَوِّضْهُ اللهُ، وَمَنْ يَكْظِمْ يَأْجُرْهُ اللهُ"

(شعب الایمان رقم: ۷۷۹۰، جزء الالف دینار للقطیعی رقم: ۲۷۵)

ترجمہ: عابس بن ربیعہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: حالانکہ وہ منبر پر تشریف فرما تھے: اے لوگو! عاجزی کرو۔ کیونکہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اللہ کے لیے عاجزی کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو بلند کرے گا جب کہ وہ اپنی نظر میں چھوٹا ہوگا اور لوگوں کی نظروں میں بڑا ہوگا اور جو شخص تکبر کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو نیچا کرے گا وہ لوگوں کی نظروں میں حقیر ہوگا اور اپنی نظر میں بہت بڑا ہوگا حتیٰ کہ وہ ان کے نزدیک کتے سے یا خنزیر سے زیادہ بے قدر ہوگا۔

جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی بات غلط طور پر منسوب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے جھوٹ کو ظاہر کر دیتا ہے اور جو معاف کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو معاف کرتا ہے اور جو شخص درگزر کرتا ہے، اللہ تعالیٰ بھی اس سے درگزر کرتا ہے اور جو مصیبت میں صبر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اس کا بدل عطا فرماتا ہے اور جو غصہ کو پی جاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اجر عطا فرماتا ہے۔

336 أَخْبَرَنَا الْقَاضِي أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْمُنْتَصِرِ الْفَقِيهُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْبُخَارِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزْدَادَ، ثنا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا الزُّبَيْرِيُّ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ خَالِدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: تَلَقَّفْتُ هَذِهِ الْخُطْبَةَ مِنْ فِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَبُوكَ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ، وَذَكَرَ ذَلِكَ فِي خُطْبَةٍ طَوِيلَةٍ

ترجمہ: حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ خطبہ تبوک میں یاد کیا تھا پس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا تھا اور اس ایک طویل خطبہ کا ذکر کیا۔

اللہ تعالیٰ خرچ کرنے والے کو اور رزق دیتا ہے اور فضول خرچی کرنے والے کو محروم کر دیتا ہے

337 أَخْبَرَنَا الْقَاضِي أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْبُخَارِيُّ، ثنا أَبُو حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو ذَرٍّ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ التِّرْمِذِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّامِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ

الْهَاشِمِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ، وَذَكَرَهُ فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ۔ ''وَمَنْ قَدَّرَ رَزَقَهُ اللهُ، وَمَنْ بَذَّرَ حَرَمَهُ اللهُ''

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اور اس کا ذکر کیا ایک طویل حدیث میں۔ ''جس نے حساب سے خرچ کیا اللہ تعالیٰ اس کو اور رزق دیتا ہے اور جس نے فضول خرچی کی اسے اللہ تعالیٰ محروم کر دیتا ہے''۔

جس کا حساب لیا گیا وہ مارا گیا

338 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ الصَّبَّاغِ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمَّادٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ حَرْبٍ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ''

(صحیح بخاری رقم:۶۵۳۶، مسلم رقم:۲۸۷۶، سنن ابی داؤد رقم:۳۰۹۳، سنن ترمذی رقم:۲۴۲۶، مسند احمد رقم:۲۴۲۰۰، مسند البزار رقم:۲۱۹۸، سنن الکبریٰ للنسائی رقم:۱۱۵۹۵

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے حساب کی چھان بین کی گئی وہ عذاب دیا گیا۔

وضاحت: قیامت کے دن جس کے حساب وکتاب میں چھان بین کی گئی اور اسے پوچھا گیا کہ یہ گناہ کیوں کیا؟ یا یہ کام کیوں کیا؟ سمجھ لو وہ مارا گیا۔

بادشاہوں کے دروازے پر جانا فتنہ کا باعث ہے

339 اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْقُوبَ يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ النَّجِيرَمِيُّ، اَبنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا اَبُو جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُتَيْبَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: حَدَّثَنِيهِ الْقُومَسِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ زَكَرِيَّا، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ حُرٍّ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''مَنْ بَدَا جَفَا، وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ، وَمَنِ اقْتَرَبَ مِنْ اَبْوَابِ السُّلْطَانِ افْتُتِنَ''

(مسند احمد رقم: ۹۶۸۳، مسند البزار رقم: ۹۷۴۳، شعب الایمان رقم: ۸۹۵۶، سنن الکبریٰ للبیہقی رقم: ۲۰۲۵۵)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے ابتدا کی اس نے جفا کی' جو شخص شکار کے پیچھے بھاگا' وہ غافل ہو جاتا ہے اور جو شخص بادشاہوں کے دروازے پر جاتا ہے' وہ آزمائش میں مبتلا ہو کیا جاتا ہے۔

کون لوگ شہید ہیں؟

340 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، كَيْلَجَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، ثنا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ''

(صحیح بخاری رقم: ۲۴۸۰، صحیح مسلم رقم: ۲۲۶، سنن ابی داؤد رقم: ۴۷۷۲، سنن ترمذی رقم: ۱۴۱۹، ۱۴۲۱، سنن نسائی رقم: ۴۰۸۷، سنن ابن ماجہ رقم: ۲۵۸۰، مسند ابی داؤد طیالسی رقم: ۲۳۶)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے مال کو بچانے کے لئے قتل کیا گیا وہ شہید ہے۔

341 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ نَظِيْفٍ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، اَبنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّافِقِيُّ، ثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ يَحْيَى الْقُرَشِيُّ، اِمَامُ جَامِعِ الرِّقَّةِ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيْمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ قُتِلَ دُوْنَ اَهْلِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ''

ترجمہ: حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے روایت کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے اہل و عیال کی حفاظت کے لئے قتل کیا گیا وہ بھی شہید ہے۔

342 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْفَرَّاءُ، اَبنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ الرَّافِقِيُّ، ثنا

سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ يَزِيدَ الْقُرَشِيُّ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ هُوَ ابْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ قُتِلَ دُونَ دِينِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُونَ دَمِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ''

(منتخب من مسند عبد بن حمید صبحی السامرائی رقم: ۱۰۶، منتخب من مسند عبد بن حمید مصطفی العدوی رقم: ۱۰۶)

ترجمہ: حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنا دین بچانے کے لیے قتل کیا گیا وہ شہید ہے اور جو اپنی جان بچاتے ہوئے قتل کیا گیا پس وہ بھی شہید ہے۔

343 أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ الْإِشْبِيلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ، ثنا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ أُصِيبَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ أُصِيبَ دُونَ أَهْلِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ أُصِيبَ دُونَ دِينِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ''

ترجمہ: حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کیا گیا وہ شہید ہے اور جو اپنے اہل وعیال کو بچانے کی خاطر قتل کیا گیا وہ بھی شہید ہے اور جو اپنے دین کی حفاظت کے لئے قتل کیا گیا وہ بھی شہید ہے۔

اللہ تعالیٰ جس سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے کیا دیتا ہے؟

344 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أنا أَحْمَدُ بْنُ بُهْزَاذَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ يَسَارٍ أَبَا الْحُبَابِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُصِبْ مِنْهُ''

(صحیح بخاری رقم: ۵۶۴۵، مسند احمد رقم: ۷۲۳۵، مسند البزار رقم: ۸۲۱۵، صحیح ابن حبان رقم: ۲۹۰۷، سنن الکبری للنسائی رقم: ۷۴۳۶)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کریم جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اُسے مصیبت میں مبتلا کر دیتا ہے۔

345 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْكَاتِبُ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا زَيْدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحُبَابِ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ''

(صحیح بخاری رقم: ۷۱، ۳۱۱۶، ۷۳۱۲، صحیح مسلم رقم: ۱۰۳۷، سنن ترمذی رقم: ۲۶۴۵، سنن ابی داؤد طیالسی رقم: ۱۰۴۷، مسند احمد رقم: ۱۶۸۴۶، سنن دارمی رقم: ۲۳۰، ۲۳۲، سنن الکبریٰ للنسائی رقم: ۵۸۰۸

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کریم جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا فرما دیتا ہے۔

346 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثَ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُرَادِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ، يَقُوْلُ: قَالَ مُعَاوِيَةُ عَلَى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ'' قَالَ: سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(صحیح بخاری رقم: ۷۱، ۳۱۱۶، ۷۳۱۲، صحیح مسلم رقم: ۱۰۳۷، سنن ترمذی رقم: ۲۶۴۵، سنن ابی داؤد طیالسی رقم: ۱۰۴۷، مسند احمد رقم: ۱۶۸۴۶، سنن دارمی رقم: ۲۳۰، ۲۳۲، سنن الکبریٰ للنسائی رقم: ۵۸۰۸

ترجمہ: عبداللہ بن وہب کہتے ہیں میں نے محمد بن کعب کو کہتے ہوئے سنا کہ منبر رسول پر کھڑے ہو کر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کریم جس سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین کی سمجھ بوجھ عطا فرما دیتا ہے۔

347 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكَاتِبُ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثَ، ثنا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يَجْعَلْ خُلُقَهُ حَسَنًا''

ترجمہ: حضرت قبیصہ بن ذؤیب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کریم جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اس کے اخلاق کو اچھا بنا دیتا ہے۔

جنت کا مشتاق اور دوزخ سے بچنے والا کیا کرے؟

348 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ، ثنا اَبُوْ زُرْعَةَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الطَّيِّبِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَدِيٍّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ الْعُرَنِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْوَصَّافِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنِ الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ اشْتَاقَ اِلَى الْجَنَّةِ سَارَعَ اِلَى الْخَيْرَاتِ، وَمَنْ اَشْفَقَ مِنَ النَّارِ لَهَا عَنِ الشَّهَوَاتِ، وَمَنْ تَرَقَّبَ الْمَوْتَ لَهَا عَنِ اللَّذَّاتِ، وَمَنْ زَهِدَ فِي الدُّنْيَا هَانَتْ عَلَيْهِ الْمَصَائِبُ''

(حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیا جلد ۵ صفحہ ۱۰، شعب الایمان رقم: ۱۰۱۳۴)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جنت کا شوق رکھتا ہے وہ نیکیوں کی طرف دوڑے، اور جو دوزخ کی آگ سے ڈرتا ہے وہ شہوات سے بچے اور جو موت کا منتظر رہتا ہے وہ لذات سے بچے اور جو دنیا سے بے رغبتی اختیار کرتا ہے مصائب اس پر آسان ہو جاتے ہیں۔

مسافر کی موت شہادت ہے

349 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا اَبُوْ نَصْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ الْاَدِيبُ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ نَافِعٍ اَبُوْ زِيَادٍ، قَالَ: ثنا اَبُوْ رَجَاءٍ الْخُرَسَانِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ مَاتَ غَرِيبًا مَاتَ شَهِيدًا''

(حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیا جلد ۸ صفحہ ۲۰۳، شعب الایمان رقم: ۹۴۲۷، المخلصیات رقم: ۲۵۳۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو غریب الوطن ہونے کے عالم میں مرا وہ شہید ہونے کے طور پر مرا۔

غلاموں کے ذریعے قوت حاصل کرنے والے کو اللہ تعالیٰ ذلیل کرتا ہے

350 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا بَحْرُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ زِيَادٍ الْقَرْقُوبِيُّ،

ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمُبَارَكِ الطُّوْسِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا يَعْقُوْبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاُمَوِيُّ، قَالَ: ثنا الْحَسَنُ بْنُ الْحَرِّ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عُتْبَةَ الْاَخْنَسِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنِ اعْتَزَّ بِالْعَبِيْدِ اَذَلَّهُ اللهُ''

(حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء جلد ۲ صفحہ ۱۷۴)

ترجمہ: حضرت سعید بن مسیب نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے غلاموں کے ساتھ غلبہ (یا عزت) حاصل کرنے کی کوشش کی اللہ تعالیٰ اسے ذلیل کرے گا۔

جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں ہے

351 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ وَعَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا اَبُوْ عَقِيْلٍ يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ عَمِّهِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''يَا اَيُّهَا النَّاسُ لَا غِشَّ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ، مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا'' وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ مُحَمَّدِ بْنِ حَبَّانَ، عَنِ ابْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا، وَمَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا''

(صحیح مسلم رقم: ۱۶۴، سنن ابن ماجہ رقم: ۲۲۲۵، مسند ابن ابو شیبہ رقم: ۱۲۷، مصنف ابن ابو شیبہ رقم: ۲۳۱۴۷، مسند البزار رقم: ۵۹۷۱، معجم الاوسط رقم: ۲۴۹۰، ۹۹۳، مستدرک للحاکم رقم: ۲۱۵۵

ترجمہ: سالم بن عبداللہ، اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتے ہیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! مسلمانوں کے درمیان ملاوٹ دھوکہ نہ کرو۔ جس شخص نے ملاوٹ کی پس وہ ہم میں سے نہیں۔
مسلم بن حجاج نے ابواحوص محمد بن حبان سے روایت کیا، ابن ابوحازم، سہیل بن ابوصالح اپنے والد سے اور انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہم پر ہتھیار اٹھایا' پس وہ ہم میں سے نہیں اور جس نے ملاوٹ کی، وہ ہم سے نہیں۔

3: اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ

اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعِ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا، وَمَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا"

(صحیح مسلم رقم:۱۶۴، سنن ابن ماجه رقم:۲۲۲۵، مسند ابن ابو شیبه رقم:۱۲۷، مصنف ابن ابو شیبه رقم:۲۳۱۴۷، مسند البزار رقم:۵۹۷۱، معجم الاوسط رقم:۲۴۹۰، ۹۹۳، مستدرک للحاکم رقم:۲۱۵۵۔

ترجمہ: سہیل نے اپنے والد سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں اور جس نے ہم پر ہتھیار اٹھایا وہ بھی ہم میں سے نہیں۔

353 وَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَيْضًا، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، نَا اَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ اَبِي الْحَمْرَاءِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ وَعِنْدَهُ طَعَامٌ فِي وِعَاءٍ فَنَظَرَ اِلَيْهِ فَقَالَ: ''غَشَشْتَهُ، مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا''

ترجمہ: یونس بن ابو اسحاق، ابی داؤد نے حضرت ابوحمراء رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ایسے شخص کے پاس سے گزرتے ہوئے دیکھا جس کے پاس ایک برتن میں اناج تھا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا: تم نے اس میں ملاوٹ کی ہے؟ جس شخص نے ملاوٹ کی وہ ہم سے نہیں ہے۔

354 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجُمَحِيُّ، نَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ الْجَهْمِ، نَا اَبِيْ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا، وَالْمَكْرُ وَالْخِدَاعُ فِي النَّارِ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے ملاوٹ کی، وہ ہم میں سے نہیں اور مکر وفریب اور دھوکا دینے والا دوزخی ہے۔

355 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ رَمَانَا بِاللَّيْلِ فَلَيْسَ مِنَّا''

(مسند احمد رقم:۸۲۷۰، الادب المفرد رقم:۱۲۷۹، معجم الاوسط رقم:۹۳۴۰، موارد الظمان الی زوائد ابن حبان۔

رقم:۱۸۵۷

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے رات کے وقت ہم پر تیر چلایا وہ ہم میں سے نہیں۔

وضاحت: اگر تیر اندازی کرنی ہے تو کھلے میدان میں کرو کیونکہ وہاں کسی کو نقصان کا خطرہ نہیں۔ رات کو آبادی میں تیر چلانے سے کسی کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جس نے ایسا کیا وہ ہم سے نہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مسلمانوں کے طریقہ پر نہیں ہے۔

جس نے مونچھیں نہ ترشوائیں، وہ ہم میں سے نہیں

356 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْكِنْدِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّالَقَانِيُّ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ، ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عُمَرُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ إِمَامُ مَسْجِدِ إِبْرَاهِيمَ الْخَلِيلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِمَسْجِدِ الْخَلِيلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَلْطِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحُسَيْنِ الْحُسَيْنِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ لَمْ يَأْخُذْ شَارِبَهُ فَلَيْسَ مِنَّا'' [ص:230]

(سنن نسائی رقم:۱۳، ۵۰۴۷، صحیح ابن حبان رقم:۵۴۷۷، معجم الاوسط رقم:۷۸۸۶، ۲۲، ۵۲۲، الاداب للبیہقی رقم:۵۵۸

ترجمہ: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مونچھوں کو نہ ترشوایا، ہم میں سے نہیں۔

وضاحت: مونچھوں کو اتنا چھوٹا رکھیں کہ وہ لبوں سے آگے نہ بڑھیں اور پانی پیتے ہوئے وہ پانی میں نہ پڑیں۔

357 أنا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَحْرِيُّ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُورِيُّ، نا النَّسَائِيُّ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، أنا الْمُعْتَمِرُ، قَالَ: سَمِعْتُ يُوسُفَ بْنَ صُهَيْبٍ، يُحَدِّثُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ وَقَالَ فِي مَتْنِهِ: ''مَنْ لَمْ يَأْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ''

ترجمہ: معتمر کہتا ہے میں نے یوسف بن صہیب سے سنا وہ حضرت حبیب بن یسار سے حدیث بیان کرتے ہیں باقی سند اسی کی مثل ہے، اس نے اپنے متن میں کہا: ''جس نے مونچھوں کو نہ ترشوایا وہ ہم میں سے نہیں''۔

358 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ اَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْخَبَّاسُ نَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبِ النَّسَائِيُّ اَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، اَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

ترجمہ: یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

جس نے دین میں خلاف سنت کام ایجاد کیا' وہ کام مردود ہے

359 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ آزَادمَرْدَ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ خَلَفٍ الْبَزَّارُ، صَاحِبُ اَبِي ثَوْرٍ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عِيْسَى الْعَطَّارُ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَحْدَثَ فِي اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ''

(صحيح بخاری رقم: ۲۶۹۷، صحيح مسلم رقم: ۱۷۱۸، سنن ابی داؤد رقم: ۴۶۰۶، سنن ابن ماجه رقم: ۱۴، مسند احمد رقم: ۲۶۳۲۹، مسند ابو يعلی موصلی رقم: ۴۵۹۴، صحيح ابن حبان رقم: ۲۷

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے دین میں کوئی نئی چیز (خلاف سنت) ایجاد کی (جس کی اصل) اس دین میں نہیں ہے تو وہ مردود ہوگی۔

360 وَاَنَا ابْنُ السِّمْسَارُ، اَنَا اَبُوْ زَيْدٍ، اَنَا الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا الْبُخَارِيُّ، ثنا يَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا ابْنُ سَعْدٍ يَعْنِي اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْهِ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت دیگر اسناد کے ساتھ بھی منقول ہے۔

361 وَاَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مَأْمُوْنٍ، نَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الدَّارِيُّ، نَا اَبُوْ يَزِيْدَ الْقَرَاطِيْسِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شَيْبَةَ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت دیگر اسناد کے ساتھ بھی منقول ہے۔

تسلی سے کام کرنے کا فائدہ اور جلد بازی کا نقصان

362 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْفَتْحِ مَنْصُوْرُ بْنُ عَلِيِّ الْاَنْمَاطِيُّ نَا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا اَبُوْ

الْحَسَنِ مُوْسَى بْنُ الْحَسَنِ الْكُوفِيُّ ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْفَيَّاضِ، ثنا اَشْهَبُ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ تَاَنّٰى اَصَابَ اَوْ كَادَ، وَمَنْ عَجِلَ اَخْطَاَ اَوْ كَادَ''

(معجم الاوسط (۳۰۸۲) معجم الکبیر للطبرانی (۸۵۸)

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کام کو تسلی سے کیا وہ اس کو درست کرے گا' یا اس کے قریب کرے گا اور جس شخص نے کام کو جلدی سے کیا وہ اس کو غلط کرے گا یا اس (غلط) کے قریب کرے گا۔

وضاحت: اس حدیث پاک کا مفہوم سمجھنے کے لیے یہ مقولہ کافی ہے کہ جلدی کام شیطان کا۔ کیونکہ عجلت میں انسان اکثر غلطی کرتا ہے اس لیے کسی بھی کام میں جلدی بازی نہیں کرنی چاہیے۔ اور جو شخص کام کو آہستہ اور تسلی سے کرتا ہے اس میں غلطی کے امکان کم ہوتے ہیں اور کام مضبوط اور پائیدار ہوتا ہے۔

363 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ جَابِرٍ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ حَبِيْبٍ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، اَنَا اَشْهَبُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَعْدٍ، اَوْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ تَاَنّٰى اَصَابَ اَوْ كَادَ، وَمَنْ عَجِلَ اَخْطَاَ اَوْ كَادَ''

(معجم الاوسط (۳۰۸۲) معجم الکبیر للطبرانی (۸۵۸)

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کام کو تسلی سے کیا وہ اس کو درست کرے گا' یا اس کے قریب کرے گا اور جس شخص نے کام کو جلدی سے کیا وہ اس (غلط) کو غلط کرے گا یا اس کے قریب کرے گا۔

جو بیجو گے' وہی کاٹو گے

364 اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْقُوْبَ يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ خُرَّزَاذَ ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَيْفٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلٍ، ثنا اَبِي، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ مُوْسٰى، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ التَّرْجُمَانِيُّ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ يَزْرَعْ خَيْرًا يَحْصُدْ رَغْبَةً،

وَمَنْ يَزْرَعْ شَرًّا يَحْصُدْ نَدَامَةً"

(الزھد لابی داؤد (۱۵۹) معجم الکبیر (۸۵۵۳) شعب الایمان (۱۰۰۹۶) باب الزھد و القصر الامل

ترجمہ: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص خیر کی کھیتی کاشت کرے گا وہ خیر ہی کو کاٹے گا اور حاصل کرے گا اور جو شخص شر کی کھیتی کاشت کرے گا وہ ندامت کی کھیتی کو کاٹے گا۔

693 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْفَقِيْرُ، اَبنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ [ص:403] عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيْدِ بِدِمَشْقَ، اَبنا اَبُوْ الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ جُوصَا، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

"اَلِظُّوا بِيَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ"

ترجمہ: حضرت ربیعہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اور اس کا ذکر کیا کہ (مذکورہ بالا الفاظ کے ساتھ دعا کرنے کو لازم پکڑو)

"(دعا میں ان الفاظ) یاذاالجلال والاکرام کو لازم پکڑو"۔

زمین کے پوشیدہ خزانوں سے رزق تلاش کرو

694 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقُهُسْتَانِيُّ، ثنا الشَّيْخُ الرَّئِيسُ الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى بْنِ الْوَزِيرِ عَلِيِّ بْنِ عِيسَى، ثنا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ بْنِ سَيَابُورِ بْنِ شَاهِنْشَاهِ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الزُّبَيْرِيُّ، اِمْلَاءً فِي شَعْبَانَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَعِشْرِينَ وَمِئَتَيْنِ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عِكْرِمَةَ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذٰلِكَ

"اَلْتَمِسُوا الرِّزْقَ فِي خَبَايَا الْاَرْضِ"

(معجم الاوسط (۸۹۵، ۸۰۹۷) شعب الایمان (۱۱۷۹) معجم ابن عساکر (۱۰۱۷)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور مذکورہ بالا الفاظ کا ذکر کیا۔

وضاحت: زمین کے پوشیدہ خزانوں سے مراد یہ ہے کہ تمام معدنیات زمین سے نکلتی ہیں ان کو تلاش کرو اسی طرح زمیندار زمین کو کاشت کر کے فصل، اناج اور غلہ وغیرہ حاصل کرتا ہے۔ یہ تمام چیزیں زمین کے خفیہ خزانے ہیں۔

695 اَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، نا عَبْدُ اللهِ

بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، نا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عِكْرِمَةَ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ، وَذَكَرَهُ

مذکورہ بالا روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے

دنیا کے غموں کو بھول جاؤ

696 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا عَبَّاسٌ الدُّورِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا جُنَيْدُ بْنُ الْعَلَاءِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي وَهْرَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا

''تَفَرَّغُوا مِنْ هُمُومِ الدُّنْيَا مَا اسْتَطَعْتُمْ''

(معجم ابن الاعرابی (۱۷۵۹) معجم الاوسط (۵۰۲۵) حلیۃ الاولیاء ج ا ص ۲۲۷۔

ترجمہ: سیّدہ اُمّ درداء نے حضرت ابودرداء کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: تم اپنی استطاعت کے مطابق دنیا کے غموں سے فارغ ہو جاؤ''۔

وضاحت: تم اپنے آپ کو دنیا کی پریشانی اور غموں سے خالی کرو۔

697 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ يَحْيَى بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُكْتِبُ، أبنا جَدِّي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا أَبُو الطَّاهِرِ الْحَسَنُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ فِيلٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَثِيرٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا بَحِيرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

''كِيلُوا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيهِ''

(ابن ماجه(۲۲۳۲، ۲۲۳۱) مسنداحمد(۲۳۵۱۰، ۲۳۵۰۸، ۱۷۱۷۷) ابن حبان (۴۹۱۸) معجم کبیر طبرانی(۳۸۵۹)

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنا اناج ماپ کر دو تمہارے لئے اس میں برکت ہوگی۔

698 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ، اَنَا اَبُوْ زَيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، اَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''كِيلُوا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ''

ترجمہ: ثور بن یزید نے خالد سے اس نے مقدام سے انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم غلہ تول کر دیا کرو اس میں تمہارے لیے برکت ہوگی۔

نیک لوگوں کے سایہ میں رہو

699 اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ، ثنا مُوْسَى بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَا: ثنا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ
''اُطْلُبُوا الْفَضْلَ عِنْدَ الرُّحَمَاءِ مِنْ اُمَّتِي، تَعِيشُوا فِي اَكْنَافِهِمْ''
(مکارم الاخلاق للخرائطی (۵۶۸)

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میری امت کے رحم دل لوگوں کے پاس فضل تلاش کرو۔ اور تم ان کے سایہ میں زندگی گزارو۔

700 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ رهبٍ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَقُوْلُ اللّٰهُ: اُطْلُبُوا الْفَضْلَ عِنْدَ الرُّحَمَاءِ مِنْ عِبَادِي تَعِيشُوا فِي اَكْنَافِهِمْ فَاِنَّ فِيهِمْ رَحْمَتِي، وَلَا تَطْلُبُوهَا مِنَ الْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ فَاِنَّ فِيهِمْ سُخْطِي" تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ دِيْنَارٍ وَهُوَ غَرِيبٌ

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کہ تم میرے رحمدل بندوں کے پاس فضل تلاش کرو اور ان کے سایہ میں زندگی بسر کرو۔ بے شک ان کے پاس میری رحمت ہوتی ہے اور تم سخت دل بندوں کے پاس اسے تلاش نہ کرو۔ بے شک ان کے پاس میرا غضب ہوتا ہے۔

عبدالغفار بن حسن بن دینار اس کو نقل کرنے میں منفرد ہے اور یہ روایت غریب ہے۔

اللہ تعالیٰ سے ہر حال میں خیر مانگو

701 أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ النَّصِيبِيُّ، ثنا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَسَدٍ الْهَرَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ، أَبنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عِيسَى بْنِ مُوسَى بْنِ إِيَاسِ بْنِ بُكَيْرٍ، أَنَّ صَفْوَانَ بْنَ سُلَيْمٍ، حَدَّثَهُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اطْلُبُوا الْخَيْرَ دَهْرَكُمْ، وَتَعَرَّضُوا لِنَفَحَاتِ رَحْمَةِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ نَفَحَاتٍ مِنْ رَحْمَتِهِ يُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ، وَاسْأَلُوا اللهَ أَنْ يَسْتُرَ عَوْرَاتِكُمْ وَيُؤَمِّنَ رَوْعَاتِكُمْ''

(شعب الایمان (۱۰۸۵، ۱۰۸۵ا) شرح السنہ (۱۳۷۸))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے پورے زمانے یعنی پوری زندگی کے لئے اللہ تعالیٰ سے خیر طلب کیا کرو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کی خوشبو کے مہکنے کی انتظار میں رہا کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت کی خوشبوئیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اپنے بندوں میں اسے پہنچا دیتا ہے۔ اور اللہ کریم سے دعا کیا کرو کہ وہ تمہارے عیبوں پر پردہ ڈالے اور تمہیں تمہارے خطرات سے محفوظ رکھے۔

ہاتھ دھو کر کھانا کھانے کا فائدہ

702 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، أَبنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّدَفِيُّ، ثنا الْفَارُوقُ بْنُ عَبْدِ الْكَبِيرِ، أَبنا أَبُو عَلِيٍّ هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ السِّيرَافِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ أَبُو عَمْرٍو الصُّبَاحِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَرْفَعُوا الطَّسْتَ حَتَّى يُطَفَّ، اجْمَعُوا وُضُوءَكُمْ جَمَعَ اللهُ شَمْلَكُمْ''

(شعب الایمان (۵۴۳۳))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (ہاتھ دھونے والے) تھال کو نہ اٹھایا کرو یہاں تک کہ سب پر پھیر دیا جائے اور تم سب ہاتھ دھونے کا عمل کرو۔ اس سے اللہ تعالیٰ تمہارے اتحاد کو جوڑے رکھے گا۔

نمازِ فجر روشنی میں ادا کرنے کا اجر زیادہ ہے

703 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: قَرَأْنَا عَلَى عَلِيٍّ هُوَ ابْنُ دَاوُدَ الْقَنْطَرِيُّ، ثنا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَذَكَرَهُ.

''نَوِّرُوا بِالْفَجْرِ فَاِنَّهُ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ''.

ترجمہ: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم فجر کو روشنی میں پڑھو بے شک اس میں بڑا اجر ہے۔

مسئلہ: حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک، فجر کی نماز کو سفیدی میں ادا کرنا افضل ہے۔

مٹی سے مسح کرو

704 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَبنا ابْنُ شَهْرَيَارَ وَابْنُ رِيذَةَ قَالَا: ثنا الطَّبَرَانِيُّ، ثنا حَمَلَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَزِّيُّ، بِمَدِينَةِ غَزَّةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''تَمَسَّحُوا بِالْاَرْضِ فَاِنَّهَا بِكُمْ بَرَّةٌ'' قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ الثَّوْرِيِّ اِلَّا الْفِرْيَابِيُّ

(معجم الصغیر طبرانی (۴۱۶))

ترجمہ: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم زمین (مٹی) کے ساتھ مسح کرو بے شک یہ زمین (مٹی) تمہارے لیے پاک ہے۔

705 اَنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ، نا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ عَمِّي عَوْفٌ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْاَرْضَ تَمَسَّحُوا بِهَا فَاِنَّهَا بِكُمْ بَرَّةٌ''

(معجم الصغیر طبرانی (۴۱۶))

ترجمہ: حضرت ابوعثمان نہدی بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم زمین (مٹی) کے ساتھ مسح کرو،

بے شک یہ زمین (مٹی) تمہارے لیے پاک ہے۔

اللہ تعالیٰ مہمان کے ذریعہ روزی دیتا ہے

706 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ النَّحَّاسِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَزِيعِ الْبَنَّاءُ الْكُوفِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْمُرِّيُّ، قَالَ: ثنا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا

''دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقُ اللهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ''

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں کو (ان کے حال پر) چھوڑ دو! اللہ تعالیٰ ان میں سے بعض کو بعض سے روزی دیتا ہے۔

ہر صاحب نعمت کے لیے حاسد پیدا کیا گیا ہے

707 اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْقُوبَ يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ خُرَّزَاذَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ النَّجِيرَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْكَشِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَادَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَلِيِّ السِّيرَافِيُّ وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ فَهْدٍ وَاَبُوْ خَلِيفَةَ فِي جَمَاعَةٍ قَالُوا: ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ، ثنا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ الشَّامِيُّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اسْتَعِينُوا عَلَى اُمُورِكُمْ بِالْكِتْمَانِ، فَاِنَّ كُلَّ ذِي نِعْمَةٍ مَحْسُودٌ''

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے معاملات کو پوشیدہ رکھ کر مدد حاصل کرو، بے شک ہر صاحب نعمت کے لیے حاسد پیدا کیا گیا ہے۔

وضاحت: جو بھی تمہیں نعمت ملے اس کو چھوپا کر رکھو۔ یعنی اس کا ہر کسی سے اظہار مت کرو کیونکہ ہر نعمت کا کوئی نہ کوئی شخص حسد ضرور کرتا ہے۔ یہی اس حدیث پاک میں کہا گیا کہ تم اپنے معاملہ کو پوشیدہ رکھ کر اس پر مدد حاصل کرو۔

708 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، قَالَ: ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الصَّدَفِيُّ، ثنا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَاوِيُّ بِمِصْرَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ، ثنا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ

مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اسْتَعِينُوا عَلَى إِنْجَاحِ الْحَوَائِجِ بِالْكِتْمَانِ لَهَا، فَإِنَّ كُلَّ ذِي نِعْمَةٍ مَحْسُودٌ''
(معجم الاوسط (۲۴۵۵) معجم الصغیر طبرانی (۱۱۸۶) معجم الکبیر طبرانی (۱۸۳))

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پوشیدگی کے ساتھ اپنی ضروریات میں کامیابی حاصل کرنے میں مدد حاصل کرو بے شک ہر صاحب نعمت سے حسد کیا گیا ہے۔

گھر خریدنے سے پہلے ہمسایہ تلاش کرنا چاہیے

709 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْأَنْطَاكِيُّ، ثنا أَبُو عَرُوبَةَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ وَخُزَيْمَةُ بْنُ مَيفمرْسَرَةَ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبَانَ بْنِ الْمُحَبَّرِ الشَّامِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَعْرُوفِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْتَمِسُوا الْجَارَ قَبْلَ شِرَاءِ الدَّارِ، وَالرَّفِيقَ قَبْلَ الطَّرِيقِ''
(معجم الکبیر (۴۳۷۹))

ترجمہ: سعید بن معروف بن رافع بن خدیج نے اپنے والد سے کے حوالے سے اپنے دادا سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گھر خریدنے سے پہلے پڑوسی اور راستہ سے پہلے (سفر کرنے سے پہلے) دوست تلاش کرو۔

ہر مرض کے لیے دوا ہے

710 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: ثنا سَعِيدُ بْنُ عَتَّابٍ، ثنا ابْنُ أَبِي سَيِّنَةَ، ثنا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ۔
''تَدَاوَوْا فَإِنَّ الَّذِي أَنْزَلَ الدَّاءَ أَنْزَلَ الدَّوَاءَ''

یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔
تم دوائی لو! بے شک جو بیماری اترتی ہے اس کے لئے دوا بھی اترتی ہے۔

حکمران کو احسان کرنا چاہیے

712 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ

الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الْجَصَّاصُ، ثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَحْيَى، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أَحْسِنُوا إِذَا وُلِّيتُمْ، وَاعْفُوا عَمَّا مَلَكْتُمْ''

(مکارم الاخلاق ۳۷۴)

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم ولی بنائے جاؤ۔ تو تم احسان کرو اور جن کے تم مالک ہو ان سے درگزر کرو۔

نیک لوگوں کو کھانا کھلاؤ

713 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْجَهْضَمِ، ثنا أَبُو الْحُسَيْنِ عُمَرُ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الدُّنْيَا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي سُلَيْمَانَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''أَطْعِمُوا طَعَامَكُمُ الْأَتْقِيَاءَ، وَأَوْلُوا مَعْرُوفَكُمُ الْمُؤْمِنِيْنَ''

(مکارم الاخلاق خرائطی ۱۰۰)

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم متقی لوگوں کو اپنا کھانا کھلاؤ اور مومنوں کے ساتھ بھلائی کرو۔

714 أنا أَبُو الْقَاسِمِ هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، أنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، نا أَبُو عِمْرَانَ مُوسَى بْنُ الْقَاسِمِ، نا عَبْدُ اللهِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي الدُّنْيَا، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، نا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ أَبِي سُلَيْمَانَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

اس سند کے ساتھ مذکورہ بالا روایت منقول ہے۔

تم طمع سے اللہ کی پناہ مانگو

715 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ فِرَاسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا أَبُو عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ الْأَسْلَمِيِّ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُرَشِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ

مُعَاذٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ، وَذَكَرَهُ

''اسْتَعِيذُوا بِاللهِ مِنْ طَمَعٍ يَهْدِي اِلَى طَبْعٍ''

اس سند کے ساتھ درج ذیل روایت منقول ہے۔

ترجمہ: تم طمع سے اللہ کی پناہ مانگو وہ فطرت کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

طلب دنیا میں اعتدال سے کام لو

716 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ، اَبنا الْقَاضِي اَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ، ثنا اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَجْمِلُوا فِي طَلَبِ الدُّنْيَا، فَاِنَّ كُلًّا مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ مِنْهَا''.

(سنن ابن ماجه (۲۱۴۲) مستدرک (۲۱۳۳) مسند البزار (۳۷۱۹) سنن الکبریٰ بیہقی (۱۰۴۰۳))

ترجمہ: حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا طلب کرنے میں اعتدال سے کام لو کیونکہ انسان جس شے کیلئے پیدا کیا گیا ہے وہ اس کے لئے آسان کر دی جاتی ہے۔

717 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْمِسْوَرِ، ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا عِيسَى بْنُ وَاقِدٍ الْحَنَفِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَصْلِحُوا دُنْيَاكُمْ، وَاعْمَلُوا لِآخِرَتِكُمْ كَاَنَّكُمْ تَمُوتُونَ غَدًا''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی دنیا کی اصلاح کرو اور تم آخرت کے لئے عمل کرو گویا کہ تمہیں کل موت آنے والی ہے۔

السلام علیکم کو عام کرو

718 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجِهَازِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ فِرَاسٍ، ثنا اَبُو التَّرِيكِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الطَّائِيُّ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ قَنَانٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

''اَفْشُوا السَّلَامَ تَسْلَمُوا''

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''تم سلام کو پھیلاؤ تم محفوظ رہو گے''۔

719 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْهَاشِمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، ثنا اَبِيْ، عَنْ عَوْفِ بْنِ اَبِيْ جَمِيلَةَ اَوْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَّامٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ انْجَفَلَ النَّاسُ اِلَيْهِ فَكُنْتُ فِيمَنْ اَتَاهُ، فَلَمَّا رَاَيْتُ وَجْهَهُ عَرَفْتُ اَنَّهُ غَيْرَ وَجْهِ كَذَّابٍ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: " اَيُّهَا النَّاسُ: اَفْشُوا السَّلَامَ، وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ، وَصِلُوا الْاَرْحَامَ، وَصَلُّوا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ "

(ترمذی(۲۴۸۵) سنن ابن ماجہ (۱۳۳۴، ۳۲۵۱) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۵۸۴۷))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے تو لوگ تیزی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' میں بھی ان لوگوں میں شامل تھا۔ جب میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ اقدس دیکھا تو میں پہچان گیا کہ یہ کسی جھوٹے کا چہرہ نہیں ہے پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سلام کو عام کرو، لوگوں کو کھانا کھلاؤ۔ صلہ رحمی کرو، جب لوگ رات کو سوئے ہوئے ہوں۔ اس وقت نماز (تہجد) پڑھو، تم سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

آل واصحاب کا خیال رکھو

720 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنِي اَبِيْ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ، ثنا الْقِدَاحُ يَعْنِي سَعِيدَ بْنَ سَالِمٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِحْفَظُونِي فِي اَصْحَابِي فَاِنَّهُمْ خِيَارُ اُمَّتِي''

(سنن ابن ماجہ (۲۳۶۳) معجم الاوسط (۱۱۳۴))

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے صحابہ کا خیال رکھنا کیونکہ وہ میری امت کے سب سے بہتر لوگ ہیں۔

721 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، أَبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الدَّقَّاقُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ السَّرَّاجُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ النَّقَّادِ، ثنا أَبُو جَعْفَرِ بْنُ بِنْتِ مَطَرٍ، ثنا هَاشِمُ بْنُ قَاسِمٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

''احْفَظُونِي فِي عِتْرَتِي''

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میری عترت (یعنی آل) کا خیال رکھنا۔

عقل مند سے مشورہ طلب کرو

722 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَزَادَمَرْدَ، ثنا أَبُو الْحَسَنِ شَاكِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرٍ أَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْعَطَّارُ بِالْمَصِّيصَةِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ الْمَتُّوثِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي رَجَاءٍ، ثنا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ، أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

''اسْتَشِيرُوا ذَوِي الْعُقُولِ تُرْشَدُوا، وَلَا تَعْصُوهُمْ فَتَنْدَمُوا''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم عقل مندوں سے مشورہ طلب کرو گے۔ تو تم رہنمائی پا جاؤ گے۔ اور تم ان کی نافرمانی نہ کرنا' ورنہ تمہیں شرمندگی ہوگی۔

موت آنے سے پہلے تم توبہ کرو

723 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ الْمَعَافِرِيُّ، أَبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْدٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْيَرْبُوعِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَدَوِيِّ الْبَصْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللهِ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ فَقَالَ: ''تُوبُوا إِلَى رَبِّكُمْ قَبْلَ اَنْ تَمُوتُوا، وَبَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ الزَّاكِيَةِ قَبْلَ اَنْ تُشْغَلُوا، وَصِلُوا الَّذِي بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ بِكَثْرَةِ ذِكْرِكُمْ إِيَّاهُ''

(شعب الایمان (۲۷۵۴)

ترجمہ: سعید بن مسیب نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن خطبہ ارشاد فرمایا: اور فرمایا: (اے لوگو!) تم توبہ کرو اپنے رب کی طرف موت آنے سے پہلے، اور تم مصروف ہو جانے سے پہلے پاک کرنے والے اعمال میں جلدی کرو، اور کثرت ذکر کے ساتھ اس تعلق کو جوڑو، جو تمہارے اور تمہارے رب تعالیٰ کے درمیان ہے۔

724 وَأَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْبَارِيُّ، نا أَبُو بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْمِسْوَرِ نا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، نا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ: ''يَا أَيُّهَا النَّاسُ تُوبُوا إِلَى رَبِّكُمْ قَبْلَ اَنْ تَمُوتُوا، وَبَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ قَبْلَ اَنْ تُشْغَلُوا، وَصِلُوا الَّذِي بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ بِكَثْرَةِ ذِكْرِكُمْ لَهُ وَبِكَثْرَةِ الصَّدَقَةِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ تُنْصَرُوا وَتُؤْجَرُوا وَتُرْزَقُوا'' مُخْتَصَرٌ

(شعب الایمان (۲۷۵۴)

ترجمہ: سعید بن مسیب نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن خطبہ ارشاد فرمایا: اور فرمایا: (اے لوگو!) تم توبہ کرو اپنے رب کی طرف موت آنے سے پہلے، اور تم مصروف ہو جانے سے پہلے پاک کرنے والے اعمال میں جلدی کرو، اور کثرت ذکر کے ساتھ اس تعلق کو جوڑو جو تمہارے اور تمہارے رب تعالیٰ کے درمیان ہے۔ اور خفیہ اور علانیہ طور پر بکثرت صدقہ کر کے (پروردگار کے ساتھ تعلق کو مضبوط کرو)، تمہاری مدد کی جائے گی، تمہیں اجر دیا جائے گا اور تمہیں رزق دیا جائے گا۔

صاحب مروت آدمی کے نقائص بیان کرنے سے بچو

725 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الضَّحَّاكِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ

عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَجَافُوْا عَنْ عُقُوْبَةِ ذَوِي الْمُرُوْءَةِ مَا لَمْ يَكُنْ حَدًّا''

(شرح مشکل الآثار (۲۳۷۸) الفوائد الشہیر بالغیلانیات ابو بکر شافعی (۱۱۳))

ترجمہ: ابوبکر بن حزم نے اپنے والد سے نقل کیا ہے' ان کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم معزز افراد کو سزا دینے سے اجتناب کرو بشرطیکہ اس نے کسی قابلِ حد جرم کا ارتکاب نہ کیا ہو۔

سخی کے گناہوں سے صرف نظر کرو

726 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا اَبُوْ الْقَاسِمِ رُوْزْبَةُ بْنُ الْحَسَنِ الْكَاتِبُ ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمُبَارَكِ الطُّوْسِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَلِيْحِ بْنِ رَسْلَانَ الْفَيُّوْمِيُّ، ثنا ذُو النُّوْنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، ثنا فُضَيْلٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَجَافُوا عَنْ ذَنْبِ السَّخِيِّ، فَاِنَّ اللهَ آخِذٌ بِيَدِهِ كُلَّمَا عَثَرَ''

(معجم الاوسط (۵۷۱۰) شعب الایمان (۱۰۳۶۹))

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سخی آدمی کے گناہ سے صرف نظر کیا کرو' بے شک اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ کو تھام لیتا ہے' جب وہ پھسلنے لگتا ہے۔

عیادت اور جنازہ پڑھنے کا فائدہ

727 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَاذَ، ثنا يَعْقُوْبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَخْزُوْمِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا قَتَادَةُ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ، اَبنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ شِيْرَوَيْهِ الْفَسَوِيُّ بِهَا ثنا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ اَبِي عِيْسَى الْاُسْوَارِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''عُوْدُوا الْمَرِيْضَ، وَاتَّبِعُوا الْجَنَازَةَ تُذَكِّرُكُمُ الْآخِرَةَ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم مریض کی عیادت کرو اور جنازے کے ساتھ جاؤ' یہ تمہیں آخرت کی یاد دلاتے ہیں۔

728 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ وَحُمَيْدٍ، عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ وَابْنَ مَسْعُودٍ دَخَلَا عَلَى سَلْمَانَ يَعُودَانِهِ، فَبَكَى سَلْمَانُ، فَقَالَا لَهُ: مَا يُبْكِيكَ يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ؟، قَالَ: عَهْدٌ عَهِدَهُ إِلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَحْفَظْهُ مِنَّا أَحَدٌ، قَالَ: وَذَكَرَ: ''لِيَكُنْ بَلَاغُ أَحَدِكُمْ مِنَ الدُّنْيَا زَادَ الرَّاكِبِ''

(معجم الکبیر طبرانی (۶۱۶۰) حلیۃ الاولیاء ج ۱ ص ۱۹۶ شعب الایمان (۹۹۰۹))

ترجمہ: حضرت سعد بن مالک اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی عیادت کے لیے آئے تو سلمان رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ انہوں نے پوچھا: اے ابوعبداللہ (یہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی کنیت تھی) تم کیوں روئے ہوئے؟ انہوں نے جواب دیا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے ایک عہد لیا تھا ہم میں سے ایک نے بھی اس عہد کی حفاظت نہیں۔ پھر انہوں نے اس عہد کا ذکر کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاہیے کہ تم میں سے ایک انسان کے لیے اتنا سامان دنیا کافی ہو جتنا ایک سوار (یعنی مسافر) کے پاس سامان ہوتا ہے۔

پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو

729 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي سَعِيدِ بْنِ سَخْتَوَيْهِ، بِمَكَّةَ، أبنا زَاهِرُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْجَرَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْأَوْدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ وَهُوَ يَعِظُهُ: " اغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ: شَبَابَكَ قَبْلَ هِرَمِكَ، وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ، وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ، وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ، وَحَيَاتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ "

(سنن کبریٰ (۱۱۸۳۲) مستدرک (۷۸۴۶) شعب الایمان (۹۷۶۷،۹۷۶۸) شرح السنہ (۴۰۲۲))

ترجمہ: حضرت عمرو بن میمون اودی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص کو وعظ فرما رہے تھے کہ پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو، جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، غریبی سے پہلے مالداری والی زندگی کو، مصروفیت سے پہلے فارغ وقت کو اور موت سے پہلے زندگی کو غنیمت جانو۔

730 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْمَعَافِرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْدٍ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُطَرِّفٍ الْبُسْتِيُّ، حَدَّثَنِي اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ ثُمَامَةَ بْنِ حُجْرٍ الْقُرَشِيُّ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِيْنَارٍ، ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: ''لِيَأْخُذِ الْعَبْدُ مِنْ نَفْسِهِ لِنَفْسِهِ، وَمِنْ دُنْيَاهُ لِآخِرَتِهِ، وَمِنَ الشَّبِيْبَةِ قَبْلَ الْكِبَرِ، وَمِنَ الْحَيَاةِ قَبْلَ الْمَمَاتِ، فَمَا بَعْدَ الدُّنْيَا مِنْ دَارٍ اِلَّا الْجَنَّةُ اَوِ النَّارُ''

ترجمہ: ابن عائشہ نے اپنے والد سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا: آدمی کو اپنی ذات کے لئے اپنی ذات سے ہی تیاری کرنی چاہئے اپنی دنیا سے آخرت کے لئے اور بڑھاپے سے پہلے جوانی میں اور مرنے سے پہلے زندگی میں (اپنی آخرت کے لئے تیاری کرلینی چاہئے) کیونکہ دنیا کے بعد کا ٹھکانہ یا جنت ہوگی یا جہنم ہوگی۔

731 كَتَبَ اِلَيَّ سَهْلُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الشُّجَاعِيُّ بِخَطِّهِ وَلَا اَرَانِي اِلَّا وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الصُّوفِيُّ، ثنا اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمْدَانَ ثنا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ عِيسَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ هُوَ الثُّمَالِيُّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كُوْنُوْا فِي الدُّنْيَا اَضْيَافًا، وَاتَّخِذُوا الْمَسَاجِدَ بُيُوْتًا، وَعَوِّدُوْا قُلُوْبَكُمُ الرِّقَّةَ، وَاَكْثِرُوا التَّفَكُّرَ وَالْبُكَاءَ، وَلَا تَخْتَلِفَنَّ بِكُمُ الْاَهْوَاءُ''

(حلیہ الاولیاء ج ا ص ۳۵۸)

ترجمہ: حضرت حکم بن عمیر ثمالی بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دنیا میں مہمان ہوجاؤ اور مساجد کو اپنا گھر بنالو، اور تم اپنے دلوں کو رقت کی عادت ڈالو اور غور وفکر اور آہ وبکا کی کثرت کیا کرو اور نفسانی خواہشات تمہیں خرابی کا شکار نہ کریں۔

گواہوں کی عزت کرو، ان کی وجہ سے حق ظاہر ہوتا ہے

732 اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ الْبَغْدَادِيُّ ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ بَيَانٍ الصَّفَّارُ، بِبَغْدَادَ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ مُوْسَى الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَمِّي اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أَكْرِمُوا الشُّهُودَ، فَإِنَّ اللهَ يَسْتَخْرِجُ بِهِمُ الْحُقُوقَ، وَيَدْفَعُ بِهِمُ الظُّلْمَ''

(ترتیب الامالی الخمیسہ للشجری (۲۶۳۶، ۲۶۳۵)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گواہوں کی عزت کرو۔ بے شک اللہ کریم ان کے ذریعے حقوق کو ظاہر کرتا ہے اوران کے ساتھ ہی ظلم کو دور کرتا ہے۔

مظلوم کی بددعا سے بچو

733 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الضَّرَّابُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَرْوَانَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ خَالِدٍ، ثنا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي خُزَيْمَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اتَّقُوا دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَإِنَّهَا تُحْمَلُ عَلَى الْغَمَامِ، يَقُولُ اللهُ تَعَالَى: وَعِزَّتِي وَجَلَالِي لَأَنْصُرَنَّكِ وَلَوْ بَعْدَ حِينٍ"

(مسند احمد (۱۲۵۴۹) صحیح ابن حبان (۸۷۵) معجم الکبیر طبرانی (۳۷۱۸) الدعا للطبرانی (۱۳۱۷)

ترجمہ: خزیمہ بن محمد بن عمار بن خزیمہ بن ثابت انصاری نے اپنے والد سے اس نے اپنے دادا حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مظلوم کی بددعاء سے ڈرو! بے شک اس کی بددعاء کو بادلوں کے اوپر اٹھالیا جاتا ہے۔ اللہ کریم فرماتے ہیں کہ میرے عزت وجلال کی قسم! میں ضرور بضرور تیری مدد کروں گا اگرچہ کچھ دیر بعد میں ہو۔

تین آدمیوں پر رحم کرو

734 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْيَمَانِ الْعَسْقَلَانِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ مَيْمُونٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ السُّلَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "ارْحَمُوا ثَلَاثَةً: غَنِيَّ قَوْمٍ افْتَقَرَ، وَعَزِيزًا ذَلَّ، وَعَالِمًا يَلْعَبُ بِهِ الْحَمْقَى وَالْجُهَّالُ"

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم تین لوگوں پر رحم کرو۔ کسی قوم کا مالدار آدمی جب وہ فقیر ہو جائے۔ اور عزت دار آدمی جب ذلیل ہو جائے اور عالم دین جب اس کے ساتھ بے وقوف اور جاہل لوگ کھیل تماشا کریں۔

رات کو کھانے کے بغیر سونے کا نقصان

735 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيقِيُّ اِجَازَةً اَبنا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْمُرْهِبِيُّ اَبنا الشُّجَاعِيُّ وَهُوَ اَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ الطَّيِّبِ، ثنا قُتَيْبَةُ هُوَ ابْنُ سَعِيدٍ، ثنا عُبَيْدَةُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَلَّاقِ بْنِ اَبِي مُسْلِمٍ , عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَعَشَّوْا وَلَوْ بِكَفٍّ مِنْ حَشَفٍ فَاِنَّ تَرْكَ الْعَشَاءِ مَهْرَمَةٌ''

(مسند ابی یعلی (۴۳۵۳) ترمذی (۱۸۵۶)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم شام کھانا (ضرور) کھاؤ اگرچہ مٹھی بھر کھجوریں ہی ہوں۔ کیونکہ رات کا کھانا ترک کرنا بوڑھا کر دیتا ہے۔

اپنے سے نیچے والے کو دیکھنے کا فائدہ

736 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْخَصِيبِ الْقَاضِي، قَالَ: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ النُّعْمَانِ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ , عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''انْظُرُوا اِلَى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْكُمْ، وَلَا تَنْظُرُوا اِلَى مَنْ فَوْقَكُمْ فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ''

(ترمذی (۲۵۱۳) ابن ماجہ (۴۱۴۲، ۷۴۴۹) معجم الاوسط (۲۳۴۳) شعب الایمان (۴۲۵۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے سے نیچے والے کی طرف دیکھو اور اپنے سے اوپر والے کی طرف نہ دیکھو یہ اس بات کے زیادہ لائق ہے کہ تم اللہ کریم کی اپنے اوپر نعمتوں کو حقیر نہ سمجھو۔

737 وَاَنَاهُ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو اِسْحَاقَ الْعَنْسِيُّ، نا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، فالْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''انْظُرُوا مَنْ هُوَ

اَسْفَلَ مِنْكُمْ، وَلَا تَنْظُرُوا إِلَى مَنْ فَوْقَكُمْ فَهُوَ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرُوا نِعْمَةَ اللهِ عَلَيْكُمْ''

(ترمذی (۲۵۱۳) ابن ماجه (۴۱۴۲، ۷۲۴۹) معجم الاوسط (۲۳۴۳) شعب الایمان (۴۲۵۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے سے نیچے والے کی طرف دیکھو اور اپنے سے اوپر والے کی طرف نہ دیکھو یہ اس بات کے زیادہ لائق ہے کہ تم اللہ کریم کی اپنے اوپر نعمتوں کو حقیر نہ سمجھو۔

راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانے کا ثواب

738 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ اَبنا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ الضَّرِيْرُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ شُجَاعٍ، ثنا غَسَّانُ بْنُ عُبَيْدٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

''اَمِطِ الْاَذَى عَنْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ تَكْثُرْ حَسَنَاتُكَ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو مسلمانوں کے راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹادے، تیری نیکیاں زیادہ ہوجائیں گی۔

دوستی اور دشمنی میں میانہ روی اختیار کرو

739 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ بْنُ اَبِي الدَّمِيْكِ الْمُسْتَمْلِيْ، ثنا اَبُو الصَّلْتِ الْهَرَوِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، ثنا جَمِيْلُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَحْبِبْ حَبِيْبَكَ هَوْنًا مَا عَسَى اَنْ يَكُوْنَ بَغِيْضَكَ يَوْمًا مَا، وَاَبْغِضْ بَغِيْضَكَ هَوْنًا مَا عَسَى اَنْ يَكُوْنَ حَبِيْبَكَ يَوْمًا مَا''

(ترمذی (۱۹۹۷) مصنف ابن ابو شیبه (۳۵۸۷۶) الادب المفرد (۱۳۱۲) معجم الاوسط (۵۱۱۹، ۳۳۹۵)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے دوست سے مناسب سی محبت رکھو ہوسکتا ہے کسی دن وہ تمہارا دشمن بن جائے اور دشمن سے دشمنی میں بھی میانہ روی اختیار کرو، ممکن ہے کہ کسی دن وہ تمہارا دوست بن جائے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف چیزوں کی وصیت فرمائی

740 اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَمْرَاوِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ

الْحُسَيْنِ الْآجُرِيُّ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''أُوصِيكَ بِتَقْوَى اللهِ فَإِنَّهُ رَأْسُ أَمْرِكَ، وَعَلَيْكَ بِالْجِهَادِ فَإِنَّهُ رَهْبَانِيَّةُ أُمَّتِي، وَلْيَرُدَّكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْرِفُ عَنْ نَفْسِكَ، وَاخْزُنْ لِسَانَكَ إِلَّا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّكَ بِذَلِكَ تَغْلِبُ الشَّيْطَانَ''

(مسند احمد (۱۱۷۷۹) صحیح ابن حبان (۳۶۱)

ترجمہ: حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں بے شک (وہ تقویٰ) تیرے معاملے کی اصل ہے اور جہاد کو لازم پکڑو بے شک وہ (جہاد) میری امت کی رہبانیت ہے۔ اور تجھے لوگوں (کی تحقیر) سے وہ (عیوب ونقائص) روکیں جو تو اپنے بارے میں جانتا ہے۔ اور تو اپنی زبان کو بھلائی کے علاوہ (باتوں) سے محفوظ رکھ۔ کیونکہ تو اس کے ساتھ شیطان پر غالب آجائے گا۔

جس کو علم فائدہ نہ دے جہالت اس کو نقصان دے گی

741۔ أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو رَبِيعَةَ فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ لَمْ يَنْفَعْهُ عِلْمُهُ ضَرَّهُ جَهْلُهُ، اِقْرَأِ الْقُرْآنَ مَا نَهَاكَ، فَإِذَا لَمْ يَنْهَكَ فَلَسْتَ تَقْرَؤُهُ''

(معجم الکبیر طبرانی (۱۴۵۴۳) حلیۃ الاولیاء ج۵ ص۱۷۷۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اس کے علم نے فائدہ نہ دیا (سمجھ لو) اس کی جہالت نے اسے نقصان دیا، تم قرآن پڑھو۔ قرآن جس کام سے تم کو منع کرے (تو اس سے رک جاؤ)۔ اگر تو اس سے باز نہ آیا تو (سمجھ لے) تو نے اسے پڑھا ہی نہیں۔

امانت ادا کرو اور خیانت سے بچو

742۔ أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الرَّبِيعِ النَّهْدِيُّ، ثنا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا قَيْسٌ وَشَرِيكٌ، عَنْ أَبِي

حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
''اَدِّ الْاَمَانَةَ اِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ''

(سنن ابی داؤد (۳۵۳۵، ۳۵۳۴) ترمذی (۱۲۶۴) مسند احمد (۱۵۴۲۴) دارمی (۲۶۳۹))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص تمہارے پاس امانت رکھے اس کی امانت ادا کر دو اور جو تم سے خیانت کرے۔ تم اس سے خیانت نہ کرو۔

743 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ الشَّاهِدُ، ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَفْصٍ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْوَصِيِّ، ثنا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ الْبَصْرِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ، ثنا عِيسَى بْنُ مُوْسَى بْنِ اَبِي عِمْرَانَ الرَّمْلِيُّ، ثنا اَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ، وَذَكَرَهُ

یہ روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

مزدور کو اجرت پسینہ خشک ہونے سے پہلے دو

744 اَخْبَرَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعْدُوْنَ الْمَوْصِلِيُّ قَدِمَ عَلَيْنَا، اَبنا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ الْاَدَمِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ، ثنا هَارُوْنُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْغِفَارِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَعْطُوا الْاَجِيْرَ اَجْرَهُ قَبْلَ اَنْ يَجِفَّ عَرَقُهُ''

(سنن ابن ماجه (۲۴۴۳) مسند ابی یعلی (۶۶۸۲) معجم الصغیر طبرانی (۳۴) حلیه الاولیاء ج ۷ ص ۱۴۲، سنن الکبریٰ بیہقی (۱۱۶۵۴))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مزدور کی اجرت اس کے پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لڑکے کو چند دلچسپ باتیں بیان کیں

745 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ النَّحَّاسِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، اَبنا اَبُوْ شِهَابٍ، ثنا عِيسَى

بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَا غُلَامُ احْفَظِ اللهَ يَحْفَظْكَ، احْفَظِ اللهَ تَجِدْهُ اَمَامَكَ، تَعَرَّفْ اِلَيْهِ فِي الرَّخَاءِ يَعْرِفْكَ فِي الشِّدَّةِ، وَاعْلَمْ اَنَّ مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ، وَمَا اَخْطَاَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ، وَاعْلَمْ اَنَّ الْخَلَائِقَ لَوِ اجْتَمَعُوا عَلَى اَنْ يُعْطُوكَ شَيْئًا لَمْ يُرِدِ اللهُ اَنْ يُعْطِيَكَ لَمْ يَقْدِرُوا عَلَيْهِ، اَوْ يَصْرِفُوا عَنْكَ شَيْئًا اَرَادَ اللهُ اَنْ يُصِيبَكَ بِهِ لَمْ يَقْدِرُوا عَلَى ذٰلِكَ، وَاِذَا سَاَلْتَ فَسَلِ اللهَ، وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللهِ، وَاعْلَمْ اَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ، وَاَنَّ الْفَرَجَ مَعَ الْكَرْبِ، وَاَنَّ مَعَ الْعُسْرِ يَسْرًا، وَاعْلَمْ اَنَّ الْقَلَمَ جَرٰى بِمَا هُوَ كَائِنٌ''

(ترمذی (۲۵۱۶) مسند احمد (۲۸۰۳، ۲۷۶۳، ۲۶۶۹) مسند ابی یعلی (۲۵۵۶) معجم الاوسط (۵۴۱۷)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: اے لڑکے، میں تجھے چند باتیں بتاتا ہوں، اللہ کریم کو یاد کرو۔ وہ تیری حفاظت فرمائے گا۔ اللہ کریم کو یاد کرو۔ اسے تم (اپنے) سامنے پاؤ گے۔ جب بھی مانگو تو اللہ تعالیٰ سے مانگو، مدد چاہیے تو اسی سے طلب کرو اور جان لے کہ اگر ساری قوم تجھے نفع دینے کے لئے جمع ہوجائے تو صرف اتنا ہی نفع پہنچا سکتے ہیں جو اللہ کریم نے تیرے لیے لکھ دیا اور اگر سارے لوگ تجھے نقصان پہنچانے کے لیے اکٹھے ہوجائیں تو ہرگز نقصان نہیں دے سکتے مگر وہ جو اللہ کریم نے تیرے لئے لکھ دیا۔ جان لو! بے شک مدد صبر کے ساتھ ہے اور خوشحالی تکلیف کے ساتھ ہے اور تنگی کے ساتھ آسانی ہے۔ بے شک، قلم جاری ہو چکا ہے (اس بارے میں) جو کچھ ہونے والا ہے۔

مؤمن کی عزت کا راز قیام اللیل میں ہے

746 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَرَوِيُّ اَبنا اَبُوْ عَمْرٍو اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ النُّعْمَانِ الصَّائِغُ بِجُرْجَانَ، ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ شُعَيْبٍ الْغَازِيُّ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ح وَاَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيٍّ الرَّازِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي الْمَوْتِ الْمَكِّيُّ اِمْلَاءً، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ هُوَ الْغَازِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ مُوْسَى الْقَطَّانُ وَمُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ عِشْ مَا شِئْتَ فَاِنَّكَ مَيِّتٌ، وَاَحْبِبْ مَنْ اَحْبَبْتَ

فَإِنَّكَ مَفَارِقُهُ، وَاعْمَلْ مَا شِئْتَ فَإِنَّكَ مَجْزِيٌّ بِهِ " قَالَ الْقَاضِي أَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ عَلِيٍّ الْقُضَاعِيُّ: وَجَدْتُ الزِّيَادَةَ فِي الْحَدِيثَيْنِ: آتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ: "يَا مُحَمَّدُ عِشْ مَا شِئْتَ فَإِنَّكَ مَيِّتٌ، وَأَحْبِبْ مَنْ أَحْبَبْتَ فَإِنَّكَ مَفَارِقُهُ، وَاعْمَلْ مَا شِئْتَ فَإِنَّكَ مَجْزِيٌّ بِهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ شَرَفُ الْمُؤْمِنِ قِيَامُهُ بِاللَّيْلِ، وَعِزُّهُ اسْتِغْنَاؤُهُ عَنِ النَّاسِ "

(مسند ابی داؤد طیالسی (۱۸۶۲) معجم الاوسط (۴۲۷۸) مستدرک (۷۹۲۱) شعب الایمان (۱۰۰۵۷))

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دن جبرئیل علیہ السلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ زندہ رہیں جب تک چاہیں بے شک آپ انتقال فرما جائیں گے۔ آپ محبت کریں جس سے چاہیں بے شک آپ اس کو چھوڑ جائیں گے۔ آپ عمل کریں جو چاہیں بے شک آپ کو اسی کا بدلہ دیا جائے گا۔

قاضی ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر بن علی قضاعی کہتے ہیں کہ میں نے ان دونوں روایتوں میں یہ اضافہ پایا۔ جبرئیل علیہ السلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ زندہ رہیں جب تک چاہیں بے شک آپ انتقال فرما جائیں گے۔ آپ محبت کریں جس سے چاہیں بے شک آپ اس کو چھوڑ جائیں گے۔ آپ عمل کریں جو چاہیں بے شک آپ کو اس کا بدلہ دیا جائے گا۔ پھر کہا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مومن کا شرف رات کو قیام کرنا (نماز تہجد پڑھنا)۔ اور اس کی عزت لوگوں سے اس کا مستغنی ہونا ہے۔

نیکی ہر ایک کے ساتھ کرو

747 أَخْبَرَنَا أَبُو النُّعْمَانِ، تُرَابُ بْنُ عُمَرَ الْكَاتِبُ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ قَالَا: ثنا أَبُو أَحْمَدَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ الْمَعْرُوفُ، بِابْنِ الْمُفَسِّرِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيدٍ الْقَاضِي، ثنا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اصْنَعِ الْمَعْرُوفَ إِلَى مَنْ هُوَ أَهْلُهُ وَإِلَى مَنْ لَيْسَ هُوَ أَهْلُهُ، فَإِنْ أَصَبْتَ أَهْلَهُ فَهُوَ أَهْلُهُ، وَإِنْ لَمْ تُصِبْ أَهْلَهُ فَأَنْتَ مِنْ أَهْلِهِ''

(الفوائد الشهير بالغيلانيات لابی بکر شافعی (۷۸))

ترجمہ: جعفر بن محمد نے اپنے والد دادا سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نیکی کرو۔ ہر اس

شخص کے ساتھ جو اس کا اہل ہو اور اس کے ساتھ بھی جو اس کا اہل نہیں' اگر تو نے اس نیکی کو اس کے اہل کو پہنچا دیا تو وہ اس کا اہل تھا اور اگر اس کے اہل کو نہ پہنچا سکا' تو خود تو اس کا اہل تھا۔

اے مصیبت ایک ہی بار اتنی سخت ہو جا کے ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ جائے

748 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُوْنِ بْنِ زَيْدٍ الْكَاتِبُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُبَشِّرٍ، قَالَ: ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اشْتَدِّيْ اَزْمَةُ تَنْفَرِجِيْ''

ترجمہ: حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمایا کرتے تھے: اے مصیبت! تو سخت ہو جا کہ جان چھوڑ دے۔

نوٹ: جب انسان پر کوئی بیماری یا مصیبت اتنی شدت کے ساتھ آئے کہ بندہ اسے برداشت نہ کر پائے تو اس سے تنگ آ کر انسان کہتا ہے۔ اے بیماری اور مصیبت! بار بار تکلیف دینے کے ایک ہی دفعہ اتنا تنگ کر لے کہ جان ہی نکل جائے اور ہمیشہ کے لیے جان چھوٹ جائے۔

خرچ کرو اور رزق کی تنگی کا خوف نہ کرو

749 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا قَيْسٌ يَعْنِي ابْنَ الرَّبِيْعِ، عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بِلَالٍ وَعِنْدَهُ صُبْرٌ مِنْ تَمْرٍ فَقَالَ: "مَا هٰذَا يَا بِلَالُ؟"، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ لَكَ وَلِضِيفَانِكَ، قَالَ: ''اَمَا تَخْشَى اَنْ يَفُوْرَ لَهَا رِيْحٌ مِنْ جَهَنَّمَ، اَنْفِقْ يَا بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا''

(مسند البزار (۱۹۷۸، ۱۳۶۶) معجم الاوسط (۲۵۷۲) معجم الکبیر طبرانی (۱۰۹۸) شعب الایمان (۱۳۹۳))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ (ایک دن) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اور ان کے پاس کھجوروں کا ایک تھیلا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بلال یہ کیا ہے؟ عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہمان نوازی کے

لئے ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اے بلال) کیا تم کو ڈر نہیں لگتا کہ اس کے لیے دوزخ کی دہکتی ہوئی آگ ہو۔ اے بلال! اسے خرچ کردو اور صاحب عرش سے رزق کی تنگی کا خوف نہ کرو۔

750 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، نا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، نا ابْنُ الْمُنَادِيْ، نا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ، نا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَا بِلَالُ اَطْعِمْنَا''. فَاَتَى بِقَبْضٍ مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: ''زِدْنَا''، فَزَادَهُ ثُمَّ قَالَ: ''زِدْنَا''، فَقَالَ: لَيْسَ شَيْءٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا شَيْئًا ادَّخَرْتُهُ لَكَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَنْفِقْ يَا بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا''

(مسند البزار (۱۹۷۸، ۱۳۶۶) معجم الاوسط (۲۵۷۲) معجم الکبیر طبرانی (۱۰۹۸) شعب الایمان (۱۳۹۳))

ترجمہ: مسروق نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بلال! ہمیں کھانا کھلاؤ۔ پس وہ کھجور کی تھیلی لایا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیں اور دو۔ پس اس نے اور کھجوریں دیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیں اور زیادہ دو۔ تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس کھجور کی ایک تھیلی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ صرف وہی ہے جو میں نے آپ کے لیے سنبھال کر رکھا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بلال اسے خرچ کردو اور عرش کے مالک (اللہ تعالیٰ) سے رزق کی تنگی کا خوف نہ رکھو۔

رات کو مسجد میں جانے والے کے لیے نور کی خوشخبری

751 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُمَرَ الْمُقْرِئُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْخَيَّاشُ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْنُسَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ، قَالَ: ثنا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِيْ ظُلَمِ اللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(سنن ابی داؤد (۵۶۱) ترمذی (۲۲۳) سنن ابن ماجہ (۷۸۱) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۳۲۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۹۶۷) مسند البزار (۳۰۷۴))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی تاریکیوں میں مساجد کی طرف جانے والوں کو قیامت کے دن مکمل نور کے حصول کی خوشخبری دو۔

752 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الشَّافِعِيُّ، اَبنا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنْدَرِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الشَّافِعِيُّ ثنا اَبُوْ اُمَيَّةَ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الطَّرَسُوْسِيُّ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْكَحَّالُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَوْسٍ الْخُزَاعِيِّ، اَنَّ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيَّ، حَدَّثَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِي الظُّلَمِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(سنن ابی داؤد (۵۶۱) ترمذی (۲۲۳) سنن ابن ماجه (۷۸۱) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۳۲۶) مصنف ابن ابو شیبه (۳۴۹۶۷) مسند البزار (۳۰۷۴)

ترجمہ: حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی تاریکیوں میں مساجد کی طرف جانے والوں کو قیامت کے دن مکمل نور کے حصول کی خوشخبری دو۔

753 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَاهَانَ ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الصَّيَّادُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ دَاوُدَ الْبَلْخِيُّ، ثنا شَقِيْقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، ثنا اَبُوْ هَاشِمٍ الْاُبُلِّيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِي ظُلَمِ اللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِنُوْرٍ تَامٍّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(سنن ابی داؤد (۵۶۱) ترمذی (۲۲۳) سنن ابن ماجه (۷۸۱) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۳۲۶) مصنف ابن ابو شیبه (۳۴۹۶۷) مسند البزار (۳۰۷۴)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی تاریکیوں میں مساجد کی طرف جانے والوں کو قیامت کے دن مکمل نور کے حصول کی خوشخبری دو۔

754 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْبَغْدَادِيُّ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْوَلِيْدُ يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ، ثنا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، مَوْلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِي الظُّلَمِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِنُوْرٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ سَاطِعٍ''

(سنن ابی داؤد (۵۶۱) ترمذی (۲۲۳) سنن ابن ماجہ (۷۸۱) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۳۲۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۹۶۷) مسند البزار (۴۰۷۴)

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی تاریکیوں میں مساجد کی طرف جانے والوں کو قیامت کے دن مکمل نور کے حصول کی خوشخبری دو۔

755 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الحَاجِّ الْاِشْبِيلِيُّ، ثنا اَبُو الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي الْعَقِبِ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ، فِي دِمَشْقَ، ثنا اَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ مَعِينٍ، ثنا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْكَحَّالُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ بُرَيْدَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ اِلَى الْمَسَاجِدِ فِي الظُّلَمِ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(سنن ابی داؤد (۵۶۱) ترمذی (۲۲۳) سنن ابن ماجہ (۷۸۱) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۳۲۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۹۶۷) مسند البزار (۴۰۷۴)

ترجمہ: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی تاریکیوں میں مساجد کی طرف جانے والوں کو قیامت کے دن مکمل نور کے حصول کی خوشخبری دو۔

756 اَنَا اَبُو سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِينِيُّ اِمْلَاءً اَنَا اَبُو بَكْرٍ هِلَالُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الرَّازِيُّ بِالْبَصْرَةِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ، نا الْعَبَّاسُ بْنُ بَكَّارٍ، نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(سنن ابی داؤد (۵۶۱) ترمذی (۲۲۳) سنن ابن ماجہ (۷۸۱) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۳۲۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۹۶۷) مسند البزار (۴۰۷۴)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی تاریکیوں میں مساجد کی طرف جانے والوں کو قیامت کے دن مکمل نور کے حصول کی خوشخبری دو۔

عورت سے تین چیزوں کی وجہ سے نکاح کیا جاتا ہے

757 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا اَبُو سَعِيدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ،

ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْعَيْزَارِ، عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ، يَرْفَعُهُ مُخْتَصَرًا

''عَلَيْكَ بِذَاتِ الدِّينِ تَرِبَتْ يَدَاكَ''

ترجمہ: یہ روایت اسی سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

''تم دیندار سے نکاح کرنا۔ تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں''۔

دائمی عمل کی فضیلت

758 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثنا عَبْدُ اللهِ يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ الْعُمَرِيَّ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عَلَيْكُمْ مِنَ الْأَعْمَالِ بِمَا تُطِيقُونَ فَإِنَّ اللهَ لَا يَمَلُّ حَتَّى تَمَلُّوا، وَإِنَّ أَحَبَّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللهِ أَدْوَمُهَا وَإِنْ قَلَّ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، أبنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، ثنا أَبُو سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا تَرْفَعُهُ: ''خُذُوا مِنَ الْأَعْمَالِ مَا تُطِيقُونَ فَإِنَّ اللهَ لَنْ يَمَلَّ حَتَّى تَمَلُّوا''

(بخاری (۵۵۲۳، ۶۹۷، ۱۰۷۷) سنن ابی داؤد (۱۳۷۳) سنن نسائی (۱۶۰۲، ۱۶۰۴، ۱۳۶۴) سنن ابن ماجہ (۹۴۲) مسند احمد (۲۱۶۴۳، ۲۱۶۰۶، ۱۸۴۲۶) ابن حبان (۲۵۴۳، ۲۵۴۲، ۱۴۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی طاقت کے مطابق عمل کرو۔ کیونکہ جب تک تم اکتاہٹ کا شکار نہ ہو جاؤ اللہ تعالیٰ (اجر عطا کرنے سے) نہیں اکتاتا۔ اور بے شک اعمال میں سے وہ عمل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے جو مسلسل کیا جائے اگر چہ وہ تھوڑا ہو۔

مسلم بن حجاج نے اسحاق بن ابراہیم سے، معاذ بن ہشام نے بتایا۔ مجھے میرے والد نے بیان کیا۔ ان کو یحییٰ بن ابو کثیر نے، ابوسلمہ نے ہمیں حدیث بیان کی۔ ان کو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے روایت کیا: (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا) تم وہ اعمال کرو جن کی طاقت رکھتے ہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ (اجر سے عطا کرنے سے) نہیں اکتاتا' جب تک تم اکتاہٹ کا شکار نہ ہو جاؤ۔

ترازو میں وزن جھکتا ہوا کرو

759 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ، ثنا

اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، ثنا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَارِبٍ ، عَنْ جَابِرٍ ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا وَزَنْتُمْ فَأَرْجِحُوا''

(سنن ابن ماجه (۲۲۲۲) مستخرج ابو عوانه (۴۸۶۵)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم وزن کرو تو جھکتا ہوا وزن کرو۔

وضاحت: اس سے مراد یہ ہے کہ ترازو کے جس پلڑے میں سامان رکھا ہو۔ اسے برابر ہونے کی بجائے تھوڑا سا جھکنے دو تا کہ جس کو سامان دیا جا رہا ہے اسے کوئی نقصان نہ ہو۔ اور اس کے دل میں کوئی کجی نہ رہے۔

قوم کے معزز شخص کی عزت کرو

760 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ النَّصِيبِيُّ، اَبنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ، ثنا اَبُوْ الْقَاسِمِ عِيسَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْقُرَشِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَتَاكُمْ كَرِيْمُ قَوْمٍ فَاَكْرِمُوْهُ''

(ابن ابو شیبه (۲۵۵۸۴) مسند البزار (۵۸۴۶، ۸۰۲۷) معجم الاوسط (۵۴۱۶)

ترجمہ: حضرت عدی بن حاتم بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزز شخص آئے تو تم اس کی عزت کرو۔

761 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ اَبنا الْقَاضِي اَبُوْ الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، ثنا سَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَتَاكُمْ كَرِيْمُ قَوْمٍ فَاَكْرِمُوْهُ''

(ابن ابو شیبه (۲۵۵۸۴) مسند البزار (۵۸۴۶، ۸۰۲۷) معجم الاوسط (۵۴۱۶)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزز شخص آئے تو تم اس کی عزت کرو۔

762 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ، ثنا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ''مَا جَاءَ بِكَ؟'' قُلْتُ: جِئْتُ لِاُسْلِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَبَسَطَ لِيْ رِدَاءَهُ، وَقَالَ: ''اِذَا اَتَاكُمْ كَرِيْمُ قَوْمٍ فَاَكْرِمُوْهُ''

(ابن ابو شیبہ (۲۵۵۸۴) مسند البزار (۵۸۴۶، ۸۰۲۷) معجم الاوسط (۵۴۱۶))

ترجمہ: حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کس لئے آیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اسلام قبول کرنے کے لئے آیا ہوں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے اپنی چادر بچھادی اور فرمایا: جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزز شخص آئے تو تم اس کی عزت کرو۔

ملاقات کے لیے آنے والے کی عزت کرو

763 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْوَرَّاقُ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى وَكَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَا: ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، ثنا يَحْيَى بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي الْمِقْدَامِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِذَا جَاءَكُمُ الزَّائِرُ فَاَكْرِمُوْهُ''

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۳۲۶))

ترجمہ: موسیٰ بن انس نے اپنے والد سے روایت کیا انہوں کہا کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تمہارے پاس کوئی زائر (ملاقات کرنے والا) آئے تو تم اس کی عزت کرو۔

غصے کی حالت میں خاموش رہنا بہتر ہے۔

764 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا۔

''اِذَا غَضِبْتَ فَاسْكُتْ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔
''جب تمہیں غصہ آئے تو تم خاموش ہو جا''۔

اپنے بھائی سے محبت کا اظہار کرو

765 اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ يُونُسَ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا الْاَزْوَرُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا ابْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، اَوْ حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَمُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِذَا اَحَبَّ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ''

(ترمذی (۲۳۹۲) مسند احمد (۱۷۱۷۱) الادب المفرد (۵۴۲) سنن الکبری للنسائی (۹۹۶۳))

ترجمہ: نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے محبت کرے تو اسے چاہیے کہ وہ اس کو بتا دے۔

766 حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَذَنِيُّ، اَبنا جَدِّي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثنا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ فِيلٍ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ الْمَكِّيُّ، ثنا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَحَبَّ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ''

(ترمذی (۲۳۹۲) مسند احمد (۱۷۱۷۱) الادب المفرد (۵۴۲) سنن الکبری للنسائی (۹۹۶۳))

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے محبت کرے تو اسے چاہیے کہ وہ اس کو بتا دے۔

دو خلیفوں کی بیعت کی صورت میں دوسرے کو قتل کرو

''اِذَا بُويِعَ لِخَلِيفَتَيْنِ فَاقْتُلُوا الْآخَرَ مِنْهُمَا''

(شعب الایمان (۶۹۶۹))

ترجمہ: جب دو خلیفوں کی بیعت کی جائے تو دوسرے کو قتل کر دو۔

وضاحت: یہ مذکور بالا عبارت حدیث پاک کی ہے جو کہ شعب الایمان میں موجود ہے۔اس کے راوی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں کہ انہوں نے روایت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جب دوخلیفوں کی بیعت کی جائے تو دوسرے کوقتل کردو۔امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک وقت میں دوامام یا دوخلیفے مقرر کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ یہ چیز امت کی تفریق وتقسیم کا سبب بنتی ہے (جس سے ملی وحدت ختم ہوجائے گی)

767 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ النَّحَّاسِ. اَبنا اَبُوْ سَعِيدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَشَّاشُ ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا اَبُوْ هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَذَكَرَهُ

اس سند کے ساتھ بھی یہ روایت منقول ہے۔

آرزو کرنے سے پہلے سوچنا چاہیے

''اِذَا تَمَنّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَنْظُرْ مَا يَتَمَنّٰى فَاِنَّهُ لَا يَدْرِيْ مَا كُتِبَ لَهُ مِنْ اُمْنِيَّتِهِ''

(مسند ابی داؤد طیالسی (۲۴۶۲) مسند احمد (۹۰۲۴، ۸۶۸۹) شعب الایمان (۶۸۸۹))

ترجمہ: جب تم میں سے کوئی شخص تمنا اور آرزو کرے تو اسے چاہیے کہ وہ سوچ لے کہ وہ کس چیز کی آرزو کررہا ہے کیونکہ اس کو یہ معلوم نہیں کہ اس کی کون سی آرزو اس کے (نصیب میں) لکھ دی گئی ہے۔

768 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، ثنا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر راوی نے مذکورہ بالا روایت نقل کی۔

الحمد للہ رب العالمین: آج مورخہ ۹ محرم الحرام ۱۴۳۷، رات ۹ بجے۔ ۲۲ اکتوبر بروز جمعرات ۲۰۱۵ کو مسند الشہاب کی پہلی جلد کا ترجمہ مکمل ہوا۔

میانہ روی اختیار کرو

769 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ. اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ

الْقَاضِي الْاَذَنِيُّ. اَبنا اَبُوْ عَرُوبَةَ. ثنا بِسْطَامُ بْنُ الْفَضْلِ. ثنا اَخِي عَارِمٌ. ثنا سِكِّينُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ. عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الْهَجَرِيِّ. عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ.

''مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ''

(مسند احمد (۴۲۶۹) معجم الاوسط (۵۰۹۴) معجم الکبیر طبرانی (۱۰۱۱۸))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میانہ روی اختیار کی وہ محتاج نہیں ہوگا۔

770 وَاَنَاهُ اَيْضًا هِبَةُ اللّٰهِ. نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ. نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْهَرَوِيُّ. نا سُفْيَانُ بْنُ زِيَادِ بْنِ آدَمَ الْبَلَدِيُّ. نا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ. نا شُعْبَةُ. عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الْهَجَرِيِّ. بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ابراہیم ہجری نے اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل روایت کیا۔

جاہل کو عزت اور بردبار کو ذلت نہیں ہوتی ہے

771 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ. ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبَانَ بْنِ الْمُبَارَكِ. مَوْلَى جَرِيرِ بْنِ سُلَيْكٍ الْهَمْدَانِيِّ كُوفِيٌّ. ثنا عَبَّاسُ بْنُ عَامِرٍ الْقَصَبَانِيُّ. حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ كَعْبٍ. عَنْ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا اَعَزَّ اللّٰهُ بِجَهْلٍ قَطُّ. وَلَا اَذَلَّ بِحِلْمٍ قَطُّ. وَلَا نَقَصَ مَالٌ مِنْ صَدَقَةٍ''

(معجم ابن الاعرابی (۱۱۲۲) الترغیب فی الفضائل الاعمال لابن شاھین (۲۴۴))

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جاہل کو کبھی پسند نہیں کرتا اور بردبار کو کبھی زیر نہیں کرتا اور صدقہ سے مال کم نہیں کرتا۔

بدنصیب رحمت سے محروم ہوتا ہے

772 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ. اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الدَّقَّاقُ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ. ثنا جَرِيرٌ. عَنْ مَنْصُوْرٍ. عَنْ اَبِي

عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا نُزِعَتِ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ''

(مسند ابی یعلی (۶۱۵۲) مستدرک (۷۶۲۲)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رحمت زائل (دور) نہیں کی گئی، مگر شقی (بدنصیب، جہنمی) سے۔

مشورہ کرنے کا فائدہ

773 اَخْبَرَنَا الْخَصِيبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقَاضِيْ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ الطَّالْقَانِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ التِّرْمِذِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَا شَقِيَ عَبْدٌ قَطُّ بِمَشُوْرَةٍ، وَمَا سَعِدَ بِاسْتِغْنَاءٍ بِرَأْيٍ، يَقُوْلُ اللهُ تَعَالٰى: {وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ} [آل عمران: 159] وَقَالَ تَعَالٰى: {وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ} [الشورى: 38] "

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مشورہ کے ساتھ بندہ کبھی بھی نامراد نہیں ہوتا، اور اپنی رائے کے ساتھ مستغنی ہونے والا کبھی سعادت مند نہیں ہوتا۔ ارشادی خداوندی ہے (اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم) ان سے معاملے میں مشورکرو۔ [آل عمران:159] ایک اور جگہ ارشاد خداوندی ہے (اور ان کا معاملہ باہمی مشورے کے ساتھ ہوتا ہے)۔ [الشوریٰ:38]"

774 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَدِمَ عَلَيْنَا ثنا ابْنُ شَهْرَيَارَ، وَابْنُ رِيْذَةَ قَالَا: ثنا الطَّبَرَانِيُّ سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبَانَ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ الْاَنْصَارِيُّ، بِدِمَشْقَ، ثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي عَبْدِ الْقُدُّوْسِ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا خَابَ مَنِ اسْتَخَارَ، وَلَا نَدِمَ مَنِ اسْتَشَارَ، وَلَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ''، قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

(معجم الاوسط (۶۶۲۷) معجم الصغیر (۹۸۰) معجم ابن عساکر (۱۱۰۳)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ محتاج نہیں ہوا جس نے استخارہ کیا اور وہ شرمندہ نہیں ہوا جس نے مشورہ کیا اور وہ مجبورہ نہیں ہوا جس نے میانہ روی اختیار کی۔
امام طبرانی فرماتے ہیں: حسن کے حوالے سے یہ روایت صرف عبدالقدوس نے نقل کی ہے اور عبدالقدوس کا بیٹا ان سے یہ روایت نقل کرنے میں منفرد ہے۔

قرآن پر کس کا ایمان نہیں

775 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ، اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ الرَّهَاوِيُّ، ثنا اَبِيْ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْحَجَّاجِ مُجَاهِدَ بْنَ جَبْرٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ صُهَيْبًا، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَا آمَنَ بِالْقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ''
(ترمذی (۲۹۱۸) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۰۲۰۰) مسند البزار (۲۰۸۴))

ترجمہ: حضرت صہیب رضی اللہ عنہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: اس شخص کا قرآن پر ایمان نہیں ہے جو اس کی حرام کی ہوئی اشیاء کو حلال سمجھے۔

776 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ بْنُ جَامِعٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ الرَّهَاوِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَطَاءً، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ صُهَيْبًا، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "........ وَذَكَرَهُ

ترجمہ: سعید بن مسیب کہتے ہیں میں نے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے سنا وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا (راوی نے) پھر حسب سابق روایت کا ذکر کیا۔

777 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ عِيسَى بْنِ مَعْرُوْفٍ، اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، نَا اَبُوْ الْعَلَاءِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ الْكُوفِيُّ، نَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، نَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَبِي الْمُبَارَكِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا آمَنَ بِالْقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ

مَحَارِمَهُ''
(ترمذی (۲۹۱۸) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۰۲۰۰) مسند البزار (۲۰۸۴))

ترجمہ: عطاء نے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص کا قرآن پر ایمان نہیں ہے جو اس کی حرام کی ہوئی اشیاء کو حلال سمجھے۔

778 سَمِعْتُ الْقَاضِيَ، هِبَةَ اللهِ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ، عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا يَحْيَى، زَكَرِيَّا بْنَ اَحْمَدَ الْبَلْخِيَّ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا حَاتِمٍ الرَّازِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبِيْ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِيْ رَبَاحٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ صُهَيْبًا، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَا آمَنَ بِالْقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ''
(ترمذی (۲۹۱۸) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۰۲۰۰) مسند البزار (۲۰۸۴))

ترجمہ: حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: اس شخص کا قرآن پر ایمان نہیں ہے جو اس کی حرام کی ہوئی اشیاء کو حلال سمجھے۔

بندہ کو سب سے زیادہ کشادہ چیز صبر دی گئی ہے

779 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الصُّوْفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الشَّيْبَانِيُّ الْحَافِظُ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ السَّعْدِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ اَبُوْ عَلِيِّ الْاَصَمُّ، انبا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَا رُزِقَ الْعَبْدُ رِزْقًا اَوْسَعَ عَلَيْهِ مِنَ الصَّبْرِ''

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بندہ کو سب سے زیادہ وسیع چیز، صبر دیا گیا ہے۔ (یعنی صبر سے زیادہ کوئی چیز وسیع نہیں)

780 وَاَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَدْفُوِيُّ، اَنَا اَبُو الطَّيِّبِ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَرِيْرِيُّ اِجَازَةً، اَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيْرٍ الطَّبَرِيُّ، حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّدَفِيُّ، اَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ،

عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: أَرْسَلَنِي أَهْلِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَجِئْتُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: ''مَا رُزِقَ الْعَبْدُ رِزْقًا أَوْسَعَ لَهُ مِنَ الصَّبْرِ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے میرے گھر والوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا تو میں آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں سے خطاب کر رہے تھے۔ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بندہ کو سب سے زیادہ وسیع چیز صبر دیا گیا ہے۔ (یعنی صبر سے زیادہ کوئی چیز وسیع نہیں)

صدقہ کا مال جس میں ملے گا اس کو برباد کر دے گا

781 أَخْبَرَنَا أَبُو الطَّاهِرِ، أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْحَافِظُ، ثنا أَبُو بَكْرٍ، أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ خَالِدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْجُمَحِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا خَالَطَتِ الصَّدَقَةُ مَالًا إِلَّا أَهْلَكَتْهُ''

(شعب الایمان (۳۲۴۶) السنن الکبریٰ للبیہقی (۲۰۸۴)

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ (جس بھی) مال میں خلط ملط ہوتا ہے اس کو برباد کرتا ہے۔

782 أنا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْحَافِظِ، أنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَانِيُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ الْجُمَحِيُّ، نا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . . . وَذَكَرَهُ، قَالَ أَبِي: تَفْسِيرُهُ أَنْ يَأْخُذَ الرَّجُلُ الصَّدَقَةَ أَوِ الزَّكَاةَ وَهُوَ مُوسِرٌ أَوْ غَنِيٌّ، وَإِنَّمَا هِيَ لِلْفَقِيرِ

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذکورہ بالا روایت نقل کی۔ (ہشام بن عروہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد اس کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ ایک شخص صدقہ یا زکوٰۃ لیتا ہے حالانکہ وہ آسودہ حال ہے یا مالدار ہے۔ حقیقت میں وہ فقیر کے لئے ہے۔

صدقے سے مال کم نہیں ہوتا اور معاف کرنے سے عزت بڑھتی ہے

783 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءِ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ

الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الطَّائِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ الْقُرَشِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا نَقَصَ مَالٌ مِنْ صَدَقَةٍ، وَلَا عَفَا رَجُلٌ عَنْ مَظْلِمَةٍ إِلَّا زَادَهُ اللهُ بِهَا عِزًّا''

(مسند البزار (۱۰۳۲) معجم الاوسط (۲۲۷۰) معجم الصغیر طبرانی (۱۴۲))

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا اور جو شخص کسی کی زیادتی کو معاف کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی عزت کو زیادہ کر دیتا ہے۔

عورتیں فتنہ ہیں

784 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو الْعَبَّاسِ، أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ هُوَ النَّهْدِيُّ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ''

(بخاری (۵۰۹۶) مسلم (۲۷۴۰) مسند احمد (۲۱۷۴۶) معجم الاوسط (۵۶۴))

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنے بعد کوئی فتنہ نہیں چھوڑا، جو مردوں کے لیے عورتوں سے زیادہ نقصان دینے والا ہو۔

785 أنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، أنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ الرَّبِيعِ النَّهْدِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، نا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ''

(بخاری (۵۰۹۶) مسلم (۲۷۴۰) مسند احمد (۲۱۷۴۶) معجم الاوسط (۵۶۴))

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنے بعد کوئی فتنہ نہیں چھوڑ جو مردوں کو عورتوں سے زیادہ نقصان دینے والا ہو۔

786 أنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، أَيْضًا أنا أَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا عَارِمُ بْنُ الْفَضْلِ، نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ

أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، وَسَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُمَا حَدَّثَا عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: ''مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً أَضَرُّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ''۔ أَوْ كَمَا قَالَ

(بخاری (۵۰۹۶) مسلم (۲۷۴۰) مسند احمد (۲۱۷۴۶) معجم الاوسط (۵۶۴))

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنے بعد کوئی فتنہ نہیں چھوڑ جو مردوں کو عورتوں سے زیادہ نقصان دینے والا ہو یا جس طرح (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا۔

787 أنا الشَّيْخُ أَبُو طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدُونِ الْمَوْصِلِيُّ، أنا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، نا أَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، نا أَبُو بَدْرٍ، عَبَّادُ بْنُ الْوَلِيدِ، نا قُرَّةُ بْنُ حَبِيبٍ، نا بَحْرٌ السَّقَّاءُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً أَضَرُّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ''

(بخاری (۵۰۹۶) مسلم (۲۷۴۰) مسند احمد (۲۱۷۴۶) معجم الاوسط (۵۶۴))

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنے بعد کوئی فتنہ نہیں چھوڑ جو مردوں کو عورتوں سے زیادہ نقصان دینے والا ہو۔

توبہ کرنے والا گناہ پر اصرار نہیں کرتا

788 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ الْحَرَّانِيُّ، وَتُرَابُ بْنُ عُمَرَ الْكَاتِبُ، قَالَا " أَبنا أَبُو أَحْمَدَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُفَسِّرِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْمَيْمُونِ الصَّفَّارُ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَبُو هُرَيْرَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ وَاقِدٍ، يَعْنِي عَنْ أَبِي نُصَيْرَةَ، قَالَ: لَقِيتُ مَوْلًى لِأَبِي بَكْرٍ فَقُلْتُ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ أَبِي بَكْرٍ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا أَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَلَوْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً''

(سنن ابی داؤد (۱۵۱۴) ترمذی (۳۵۵۹) مسند ابی یعلی (۱۳۷))

ترجمہ: ابونصیرہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے غلام سے ملاقات کی تو میں نے کہا: کیا تم نے حضرت

ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کوئی بات سنی ہے؟ اس نے کہا: ہاں، میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخشش مانگنے والا گناہ پر مصر نہیں کہلاتا' اگرچہ دن میں ستر بار بھی گناہ کرے۔

صدقہ کرنے کا فائدہ

789 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، بِمَكَّةَ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا اَحْسَنَ عَبْدٌ الصَّدَقَةَ اِلَّا اَحْسَنَ اللهُ الْخِلَافَةَ عَلَى تَرِكَتِهِ''

(الاموال لابن زنجویہ (۱۳۲۰) ترغیب فی الفضائل لابن شاھین (۳۸۲))

ترجمہ: ابن شہاب کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بندہ اچھی چیز صدقہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے مال میں اس کا نعم البدل پیدا کر دیتا ہے۔

790 اَنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجِهَازِيُّ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَلِيٍّ الْمَكِّيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّنْبَلِيُّ، نا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، نا ابْنُ الْمُبَارَكِ، نا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "... وَذَكَرَهُ

ترجمہ: عقیل، ابن شہاب بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور سابقہ (راوی نے) روایت کا ذکر کیا۔

جنت کا طالب اور دوزخ سے بھاگنے والا دونوں سو رہے ہیں

791 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ فِرَاسٍ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدٍ، ثنا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللهِ الْمَدَنِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا رَاَيْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا، وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا''

(ترمذی (۲۶۰۱) شعب الایمان (۳۸۳) شرح السنہ (۴۱۷۵))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جہنم کی مثل کوئی چیز نہیں دیکھی کہ اس سے بھاگنے والا سو رہا ہے اور جنت کی مثل بھی کوئی چیز نہیں دیکھی کہ اس کا طالب بھی سو رہا ہو۔

792 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، نا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نا يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، بِإِسْنَادٍ مِثْلِهِ

یحیٰ بن عبید اللہ کہتا ہے کہ میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا، اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل روایت کیا۔

نرمی چیز کو خوبصورت بنادیتی ہے

793 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُمَرَ الْمُقْرِئُ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا اَبُوْ عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْاَعْسَمُ، ثنا اَبُوْ هَمَّامٍ، هَاشِمُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي صَالِحٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ الطَّبَّاعِ، ثنا كَثِيْرُ بْنُ حَبِيْبٍ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا كَانَ الرِّفْقُ فِي شَيْءٍ اِلَّا زَانَهُ، وَمَا كَانَ الْخُرْقُ فِي شَيْءٍ اِلَّا شَانَهُ''

(مسند احمد (۲۵۷۰۹) مسند البزار (۷۰۰۲) صحیح ابن حبان (۵۵۱)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نرمی ہر چیز کو خوبصورت بنا دیتی ہے اور سختی ہر چیز کو عیب دار کر دیتی ہے۔

فحش گوئی کا نقصان اور شرم وحیا کا فائدہ

794 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَبنا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا كَانَ الْفُحْشُ فِي شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا شَانَهُ، وَمَا كَانَ الْحَيَاءُ فِي شَيْءٍ اِلَّا زَانَهُ''

(ترمذی (۱۹۷۴) ابن ماجه (۴۱۸۵) مسند احمد (۱۲۶۸۹)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فحش گوئی ہر چیز کو عیب دار بنا دیتی ہے اور شرم وحیا ہر چیز کو خوبصورت کر دیتی ہے۔

بندے کی ذلت کا باعث

795 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، قَالَ: ثنا عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ اَحْمَدَ

الصَّوَّافُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ دُحَيْمٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ، ثنا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا اسْتَرْذَلَ اللّٰهُ عَبْدًا اِلَّا حَظَرَ عَنْهُ الْعِلْمَ وَالْاَدَبَ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جب بندہ کو ذلیل کرتا ہے تو اس سے علم اور ادب کو روک دیتا ہے۔

ہر بیماری کا علاج نازل کیا جاتا ہے

796 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، قَالَ: جُرِحَ رَجُلٌ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ''ادْعُوْا لَهُ الطَّبِيْبَ''، فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ يُغْنِي الطَّبِيْبُ مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَ: ''نَعَمْ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ دَاءٍ اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً''

ترجمہ: ہلال بن یساف سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک شخص زخمی ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے لئے طبیب کو بلاؤ۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اس چیز کے لئے طبیب ضروری ہے؟ فرمایا: جی ہاں، اللہ تعالیٰ نے جو بھی بیماری نازل کی ہے اس کے لئے شفا (علاج) بھی نازل کی ہے۔

797 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْفَارِسِيُّ، قَالَ: ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ النُّعْمَانِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ سَالِمٍ الْبَجَلِيِّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَذَكَرَهُ

''مَا زَانَ اللّٰهُ عَبْدًا بِزِيْنَةٍ اَفْضَلَ مِنْ عَفَافٍ فِيْ دِيْنِهٖ وَفَرْجِهٖ''

امام باقر روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے بندے کو کسی بھی ایسی چیز کے ذریعے زینت عطا نہیں کی جو اس کے دین اور شرم گاہ میں پاک دامنی سے زیادہ فضیلت رکھتی ہو''۔

عظمت کے مطابق آزمائش ہوتی ہے

798 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْمَاطِيُّ، اَبنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَلَبِيُّ بِتِنِّيسَ، اَبنا عَبْدُ الْجَبَّارِ السَّمَرْقَنْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَعْدَانَ، حَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا عَظُمَتْ نِعْمَةُ اللهِ عَلَى عَبْدٍ اِلَّا عَظُمَتْ مُؤْنَةُ النَّاسِ عَلَيْهِ''۔

(شعب الایمان (۷۲۵۸))

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قدر اللہ تعالیٰ کی نعمت کسی بندے پر عظیم سے عظیم تر ہوتی جاتی ہے اسی قدر اس پر لوگوں کی آزمائش اور ذمہ داری بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔

799 اَنا مَكِّيُّ بْنُ نَظِيفٍ الزَّجَّاجُ، اَنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَزَّازُ، قَالَ: اَنا مُحَمَّدُ بْنُ نَافِعِ بْنِ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْهَدَادِيُّ، اَنا وُزَيْرَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَسَّانِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ وَزِيرٍ، نا اَحْمَدُ بْنُ مَعْدَانَ، حَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

گناہ کو چھپانے کا نقصان

800 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ الْبَزَّارُ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، اَبنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ جَحْلٍ، ثنا عُمَرُ الْاَبَحُّ وَهُوَ عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ جَحْلٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا سَتَرَ اللهُ عَلَى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا ذَنْبًا فَيُعَيِّرُهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(مسند البزار (۳۱۶۴) معجم الصغیر طبرانی (۱۹۲) مسند الرویانی (۴۶۲))

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ کے گناہ پر پردہ ڈالتا ہے تو قیامت کے دن (ان کی وجہ سے) اسے شرمندگی نہیں دلائے گا۔

801 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْيَمَنِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ، اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَامَةَ الطَّحَاوِيَّ يَقُوْلُ: ثنا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ، ثنا يَزِيْدُ بْنُ بَيَانٍ، عَنْ اَبِي الرَّحَّالِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ: وَذَكَرَهُ
''مَا اَكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا لِسِنِّهِ اِلَّا قَيَّضَ اللهُ لَهُ عِنْدَ شَيْبِهِ مَنْ يُكْرِمُهُ''

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جس نوجوان نے کسی بوڑھے کی عزت اس کے بڑھاپے کی وجہ سے کی۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے بڑھاپے میں کسی کو لائے گا جو اس کے بڑھاپے میں اس کی عزت کرے گا۔

802 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نا الشَّيْخُ الصَّالِحُ اَبُو الْعَبَّاسِ، اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ دَانَاجَ الْاِصْطَخْرِيُّ سَنَةَ خَمْسٍ وَثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمُنْذِرُ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، نا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ الْعُقَيْلِيُّ، نا اَبُو الرَّحَّالِ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا اَكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا لِسِنِّهِ اِلَّا قَيَّضَ اللهُ لَهُ مَنْ يُكْرِمُهُ عِنْدَ سِنِّهِ''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس جوان نے کسی بوڑھے کی عزت' اس کے بڑھاپے کی وجہ سے کی۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے بڑھاپے میں کسی کو لائے گا' جو اس کے بڑھاپے میں عزت کرے گا۔

گھر کی آرائش وزیبائش عبرت کا باعث ہے

مَا امْتَلَاَتْ دَارٌ حَبْرَةً اِلَّا امْتَلَاَتْ عِبْرَةً

803 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، بِمَكَّةَ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ الْفَقِيهُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا امْتَلَاَتْ دَارٌ حَبْرَةً اِلَّا امْتَلَاَتْ عِبْرَةً، وَمَا كَانَ فَرْحَةٌ اِلَّا تَبِعَتْهَا تَرْحَةٌ''

(الزھد والرقائق لابن المبارک والزھد لنعیم بن حماد (۲۶۳))

ترجمہ: یحییٰ بن ابوکثیر سے روایت ہے کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے، جس گھر میں نقش ونگار اور خوشی ہوتی ہے' وہ عبرت بن جاتا ہے اور جب کوئی خوشی

آتی ہے تو اس کے ساتھ ہی پریشانی آجاتی ہے۔

نوٹ: حَبرۃ کا ایک معنی یمنی چادر بھی ہے اور نقش ونگار بھی۔ یہاں جو میں مطلب سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ جس گھر میں آرائش کی گئی ہو اور طرح طرح کے نقش ونگار کیے ہوں تو وہ گھر عبرت ہے کیونکہ اس گھر میں ہم نے ہمیشہ نہیں رہنا۔ جس میں ہمیشہ نہیں رہنا اس کو اتنا مزین کرنے کی کیا ضرورت ہے اور جس گھر یعنی قبر میں ہمیشہ رہنا ہے اس کی تیاری کرنے چاہیے۔ اس کو عقائدہ حقہ اور اعمال صالحہ سے خوبصورت اور مزین کرنا چاہیے۔ اور مزین گھر میں کچھ لمحات کے لیے خوشی آتی ہے اور جب وہی شخص فوت جائے گا تو اس خوشی کے بعد غم و پریشانی ہوگی۔

جو قوم کی خیر خواہی نہ کرے اس کے لیے جنت حرام ہے

مَا اسْتَرْعَى اللهُ عَبْدًا رَعِيَّةً فَلَمْ يَحُطْهَا بِنُصْحِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

804 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ إِسْحَاقَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَرْوَانَ الْقَاضِي، ثنا أَبُو قِلَابَةَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقَاشِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ذَكْوَانَ، حَدَّثَنِي مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يُحَدِّثُ ابْنَ هُبَيْرَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا اسْتَرْعَى اللهُ عَبْدًا رَعِيَّةً فَلَمْ يَحُطْهَا بِنُصْحِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ''

• (شعب الایمان (۲۳۴)

ترجمہ: حضرت عبدالرحمان بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بندہ کو اللہ تعالیٰ رعیت عطا کرے اور وہ ان کی خیر خواہی نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دے گا۔

805 أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، ثنا أَبُو الْعَبَّاسِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا أَبُو الْأَشْهَبِ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: عَادَ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ زِيَادٍ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قُبِضَ فِيهِ، فَقَالَ مَعْقِلٌ: إِنِّي مُحَدِّثُكَ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَوْ عَلِمْتُ أَنِّي حَيٌّ مَا حَدَّثْتُكَ، سَمِعْتُهُ يَقُولُ: ''مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللهُ رَعِيَّةً يَمُوتُ يَوْمَ يَمُوتُ غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ شَيْبَانَ بْنِ فَرُّوخَ، عَنْ أَبِي الْأَشْهَبِ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ، وَفِيهِ ''وَهُوَ غَاشٌّ'' مَكَانَ ''غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ''

(مسلم(۱۴۲، ۲۲۷) سنن دارمی (۲۸۳۸) شعب الایمان (۶۹۷۷) شرح السنة (۲۴۷۸))

ترجمہ: حسن بصری بیان کرتے ہیں: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ جب مرض الموت میں مبتلا ہوئے تو عبید اللہ بن زیاد ان کی عیادت کے لئے آئے تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ فرمانے لگے میں تمہیں ایک ایسی حدیث سنا رہا ہوں جو میں نے خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے اگر مجھے مزید زندہ رہنے کی امید ہوتی تو یہ حدیث تمہیں نہ سناتا، میں نے اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جس شخص کو اللہ تعالیٰ لوگوں کے امور کا نگران بنادے اور وہ اس حال میں مرے کہ وہ اپنے فرض میں کوتاہی کرتا ہو تو اللہ تعالیٰ جنت کو اس پر حرام کردیتا ہے۔

مسلم نے شیبان بن فروخ سے اس نے اشہب سے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا جس میں "غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ" کی جگہ "وَهُوَ غَاشٌّ" کے الفاظ ہیں۔

806 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُورِيُّ، اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ، نَا اَبُو مَعْشَرٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَالِكٍ الدَّارِ، قَالَ: دَخَلَ زِيَادٌ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ يَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُغَفَّلِ: ''يَا زِيَادُ، اتَّقِ اللهَ فَاِنَّ شَرَّ الْاَئِمَّةِ الْحُطَمَةُ'' فَقَالَ لَهُ زِيَادٌ: "اِنَّمَا اَنْتَ مِنْ حُثَالَةِ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ''مَا كَانَ فِي اَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ حُثَالَةٌ، اَفَلَا اُخْبِرُكَ يَا زِيَادُ بِشَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟'' فَقَالَ: بَلَى، وَلَا تَكْذِبْ عَلَيْهِ، فَقَالَ: ''لَوْ كُنْتُ كَاذِبًا عَلَى اَحَدٍ مَا كَذَبْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ'' سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''مَا مِنْ اِمَامٍ يَبِيتُ لَيْلَةً غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ اِلَّا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ عَرْفَ الْجَنَّةِ وَرِيحَهَا، وَاِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ سَبْعِينَ خَرِيفًا'' قَالَ: فَقَالَ لَهُ زِيَادٌ: ''سَلْنِي مَا شِئْتَ''، قَالَ: ''اَسْاَلُكَ اَنْ لَا تَنْفَعَنِي وَلَا تَضُرَّنِي، وَاِنْ مَرِضْتُ فَلَا تَعُدْنِي، وَاِنْ مُتُّ فَلَا تَشْهَدْنِي'' قَالَ: فَلَمْ يَنْكُثْ اِلَّا لَيَالِيَ قَلِيلَةً حَتَّى مَاتَ، فَرَاَى زِيَادٌ النَّاسَ يَزْحَمُونَ عَلَى جِنَازَتِهِ، قَالَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوا: عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُغَفَّلِ، قَالَ: ''اَمَا وَاللهِ لَوْلَا اَنَّهُ سَاَلَنِي اَلَّا اَشْهَدَ جِنَازَتَهُ لَشَهِدْتُهُ''

ترجمہ: محمد بن عبد اللہ بن مالک الدار بیان کرتے ہیں: زیاد حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے آیا۔ تو حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے زیاد، تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو بے شک آئمہ (یعنی حکمرانوں) کا شر

تیز آگ (دوزخ) ہے۔زیاد نے کہا کہ آپ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ادنیٰ اصحاب میں سے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم ادنیٰ درجہ کے لوگ نہیں ہیں۔اے زیاد! کیا میں تجھ کو ایسی خبر نہ دوں جو میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے؟۔زیاد نے کہا: کیوں نہیں، (ضرور سنائیں) اور اس پر جھوٹ نہ بولنا۔حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں کسی کے حوالے سے جھوٹ بولتا ہوتا تو بھی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کوئی جھوٹی بات منسوب نہیں کرنی تھی۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو حکمران اس حال میں رات بسر کرتا ہے کہ وہ اپنی رعیت کے حق میں کوتاہی کرتا ہو، تو اللہ کریم جنت اور اس کی خوشبو کو' جو ستر سال کی مسافت سے پائی جائے گی' اس پر حرام کردیتا ہے۔زیاد نے ان سے کہا کہ جو آپ چاہتے ہیں وہ مجھ سے مانگ لیں۔انہوں نے کہا: میں تجھ سے کہتا ہوں کہ تو نہ مجھے نفع دے سکتا ہے اور نہ ہی نقصان۔اگر میں بیمار ہو جاؤں تو تم میری عیادت نہ کرنا اور اگر میں فوت ہو جاؤں تو تم میرے جنازے میں حاضر نہ ہونا۔پس وہ رات کا کچھ حصہ زندہ رہے اور وصال گئے۔زیاد نے ان کے جنازہ میں لوگوں کا ہجوم دیکھا تو پوچھا، یہ کس کا جنازہ ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کا جنازہ ہے۔زیاد نے کہا کہ اللہ کی قسم: اگر انہوں نے مجھ سے مطالبہ نہ کیا ہوتا اور جنازہ میں حاضر ہونے سے روکا نہ ہوتا تو میں ضرور ان کے جنازہ میں حاضر ہوتا۔

نیک وزیر جو اپنے آقا کے ساتھ اللہ کی رضا کے لیے معاملہ کرتا ہے، اجر میں کوئی اس کے برابر نہیں

مَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَعْظَمُ اَجْرًا مِنْ وَزِيرٍ صَالِحٍ مَعَ اِمَامٍ يُطِيعُهُ وَيَأْمُرُهُ بِذَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى

کی ہجو (گستاخی) کی۔ جب یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچی تو آپ پر گراں گزری۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون ہے جو میری طرف سے اس کا بدلہ لے؟۔ اس عورت کی قوم سے ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں (اس گستاخ کا کام تمام کروں گا) اور وہ عورت کھجوریں بیچا کرتی تھی۔ پس وہ شخص اس کے پاس آیا اور اس سے کہا کہ کیا تمہارے پاس کھجوریں ہیں؟ اس نے کہا: ہاں۔ پس اس عورت نے اس شخص کو دکھائیں تو اس نے کہا کہ میں ان سے عمدہ چاہتا ہوں۔ جب وہ اپنے کھجوروں کے گودام میں داخل ہوئی تو وہ بھی اس کے پیچھے داخل ہو گیا۔ اس نے دائیں بائیں دیکھا کسی کو نہ پایا تو اس کے سر پر حملہ کیا اور اس کا دماغ (یعنی سر قلم کر دیا) تک گیا۔ پھر وہ شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے اس کا کام تمام کر دیا ہے۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تلوار کو (اس گستاخ کے قصاص میں) خون آلود نہیں کیا جائے گا۔ (یعنی اس عورت کا خون رائیگاں گیا۔ اس کے بدلے میں اس مرد حق کا قتل نہیں کیا جائے گا۔)

858 أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْأَصْبَهَانِيُّ، نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ التُّسْتَرِيُّ، وَذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا نَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْعَسْكَرِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، نَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، أَنَا الْوَاقِدِيُّ، نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَتْ عَصْمَاءُ بِنْتُ مَرْوَانَ مِنْ بَنِي أُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ، وَكَانَ زَوْجُهَا يَزِيدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ حِصْنٍ الْخَطْمِيُّ، وَكَانَتْ تُحَرِّضُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ وَتُؤْذِيهِمْ، وَتَقُولُ الشِّعْرَ، فَجَعَلَ عُمَيْرُ بْنُ عَدِيٍّ نَذْرًا أَنَّهُ لَئِنْ رَدَّ اللهُ رَسُولَهُ سَالِمًا مِنْ بَدْرٍ لَيَقْتُلَنَّهَا، قَالَ: فَعَدَا عَلَيْهَا عُمَيْرٌ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ فَقَتَلَهَا، ثُمَّ لَحِقَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى مَعَهُ الصُّبْحَ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَصَفَّحُهُمْ إِذَا قَامَ يَدْخُلُ مَنْزِلَهُ، فَقَالَ لِعُمَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ: ''قَتَلْتَ عَصْمَاءَ؟'' قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللهِ هَلْ عَلَيَّ فِي قَتْلِهَا شَيْءٌ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَنْتَطِحُ فِيهَا عَنْزَانِ''، فَهِيَ أَوَّلُ مَا سَمِعْتُ هَذِهِ الْكَلِمَةَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ: عبداللہ بن حارث بن فضل نے ہمیں اپنے والد سے بیان کیا، انہوں نے کہا کہ عصماء بنت مروان، امیہ بن زید کی اولاد سے تھی۔ ان کا شوہر یزید بن زید بن حصن خطمی تھا۔ وہ عورت مسلمانوں پر برانگیختہ ہوتی اور انہیں اذیت پہنچاتی اور وہ شعر کہتی، عمیر بن عدی نے نذر مان لی، کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو میدان بدر سے خیر وعافیت کے ساتھ واپس بھیج دیا تو وہ اس عورت کو ضرور قتل کرے گا۔ (پس ایسا ہی ہوا) تو عمیر نے آدھی رات کو جا کر اس (گستاخ عورت) کو

قتل کر دیا۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی اور صبح کی نماز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ادا کی۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے گھر تشریف لے جانے کے لئے اٹھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمیر بن عدی سے کہا: کیا تو نے عصماء کو قتل کر دیا ہے؟ اس نے عرض کیا: جی ہاں، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ پھر حضرت عمیر بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا اس (گستاخ عورت) کے قتل کرنے پر کوئی چیز میرے ذمہ ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس (عورت کے قصاص) میں تلوار کو خون آلود نہیں کیا جائے گا۔ یعنی اس عورت کو خون رائیگاں گیا۔ یہ سب سے پہلی بات تھی جو میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی۔

اضافہ: گستاخ رسول کے قتل کے وجوب پر فقہا اسلام کی عبارات:

۱۔ قاضی عیاض مالکی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ علما کا اس بات پر اجماع ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تنقیص کرنے والا کافر ہے اور اس پر عذاب الٰہی کی وعید جاری ہے اور امت کے نزدیک اس کا قتل کرنا ہے اور جو شخص اس کے کفر اور عذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ج ۲ص ۱۹۰، عبد التواب اکیڈمی ملتان

۲۔ شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی حنفی فرماتے ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ظاہراً سب وشتم کرتی ہو تو اس کو قتل کرنا جائز ہے۔ کیونکہ ابو اسحاق ہمدانی نے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: میں نے ایک یہودی عورت کو سنا کہ وہ آپ کو گالی دے رہی تھی، تو قسم با خدا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: وہ عورت میرے ساتھ نیکی بھی کرتی تھی لیکن میں نے اس کو قتل کر دیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے خون کو رائیگاں قرار دیا۔

شرح السیر الکبیر ج ۲ص ۴۱۸، ۲۱۷ ۔افغانستان، ۱۴۰۵

۳۔ علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی فرماتے ہیں۔ میں اس کے ساتھ ہوں جو اس بات کا قائل ہے: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سب وشتم کرنے والے کو مطلقاً قتل کرنا جائز ہے۔

عمدۃ القاری ج ۱۴ص ۱۷، ادارۃ الطباعۃ المنیریہ، مصر ۱۳۴۸ھ

نوٹ: مذکورہ عبارات نامور محقق مفسر شیخ الحدیث علامہ غلام رسول سعیدی علیہ الرحمۃ کی تفسیر تبیان الفرقان جلد ا ص ۳۴۶ سے لی گئیں ہیں۔

دعا کو لازم پکڑو یہ فائدہ دیتی ہے

859 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْبَغْدَادِيُّ، أبنا أَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْأَشْعَثِ، قَالَ: ثنا بَعْضُ أَصْحَابِنَا، قَالَ: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ،

ثنا زَكَرِيَّا بْنُ مَنْظُورٍ، عَنْ عَطَّافِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يُغْنِي حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ، وَالدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ، وَإِنَّ الْبَلَاءَ يَنْزِلُ فَيَلْقَاهُ الدُّعَاءُ فَيَعْتَلِجَانِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ''

(معجم الاوسط (۲۴۹۸) مستدرک للحاکم (۱۸۱۳))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پرہیز' تقدیر کے مقابلے میں کسی کام نہیں آتا اور دعا فائدہ دیتی ہے ہر اس مصیبت سے جو نازل ہو چکی ہے اور جو ابھی نازل نہیں ہوئی اور بے شک بلائیں نازل ہوتیں ہیں' پس دعا اس سے ملاقات کرتی ہے تو یہ دونوں قیامت تک آپس میں لڑتی رہیں گی۔

860 وَأَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْبَغْدَادِيُّ الْكَاتِبُ، أبنا أَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْأَشْعَثِ، أبنا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَلُوسِيُّ، وَيَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، قَالَا: ثنا الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ الضَّرِيرُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يُنْجِي حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ، وَإِنْ كَانَ شَيْءٌ يَقْطَعُ الرِّزْقَ فَإِنَّ التَّصَيُّحَ يَقْطَعُهُ، وَإِنَّ الدُّعَاءَ يَنْفَعُ مِنَ الْبَلَاءِ'' وَقَدْ قَالَ اللهُ تَعَالَى فِي كِتَابِهِ {إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ لَمَّا آمَنُوا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ} [يونس: 98] قَالَ: ''لَمَّا دَعَوْا'' اللَّفْظُ لِيَعْقُوبَ

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پرہیز' تقدیر کے مقابلہ میں (کسی چیز سے) نجات نہیں دیتا اور اگر کوئی چیز رزق کو ختم کرتی ہے تو وہ بے جا چیخنا چلانا رزق کو ختم کرتا ہے۔ اور بے شک دعا فائدہ دیتی ہے مصائب سے اور اللہ تعالیٰ کا قرآن کریم میں ارشاد ہے (البتہ یونس کی قوم کا معاملہ مختلف ہے' جب وہ ایمان لائے تو ہم نے ان سے رسوائی کا عذاب کو ختم کر دیا، (سورہ یونس: ۹۸)۔

861 وَأَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، نا ابْنُ بُنْدَارٍ، نا مَكْحُولٌ، نا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّهَاوِيُّ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، وَعَبَّادُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: نا زَكَرِيَّا بْنُ مَنْظُورٍ، عَنْ عَطَّافِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَنْفَعُ حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ،

وَالدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِنَ الْقَدَرِ. وَإِنَّ الدُّعَاءَ لَيَتَلَقَّى الْبَلَاءَ فَيَعْتَلِجَانِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ''

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: احتیاط تقدیر کے مقابلے میں نفع نہیں دیتی اور دعا تقدیر سے فائدہ دیتی ہے اور بے شک دعا بلاؤں کے سامنے آتی ہے۔ پس ان دونوں کی قیامت تک آپس میں لڑائی ہوتی رہے گی۔

وضاحت: اپنے آپ کو بچانا کوئی فائدہ نہیں دیتا کیونکہ جو تقدیر میں لکھا گیا ہے وہ ہو کر رہے گا۔ دعا تقدیر کو بدل دیتی ہے اس کے لئے دعا کرنا فائدہ مند ہے۔ دعا سے مصائب دور ہوتے ہیں۔ اس کے لئے دعا اور تقدیر کی قیامت تک آپس میں لڑائی جاری رہے گی۔

862 وَأَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَدْفُوِيُّ، أَنَا أَبُو الطَّيِّبِ، أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ، نَا أَبُو جَعْفَرٍ الطَّبَرِيُّ، نَا أَبُو كُرَيْبٍ، نَا قُرْدُوسُ الْأَشْعَرِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مَكْحُولٍ، وَشَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَنْ يَنْفَعَ حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ. وَلٰكِنَّ الدُّعَاءَ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ، فَعَلَيْكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ بِالدُّعَاءِ''

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پرہیز تقدیر کے مقابلہ میں کوئی فائدہ نہیں دیتا۔ لیکن دعا ضرور فائدہ دیتی ہے اس سے جو (مصیبت) نازل ہونے والی ہے اور اس سے بھی جو نازل نہیں ہوئی، اے اللہ کے بندو! دعا کو لازم پکڑو۔

مومن حملہ کرنے میں پہل نہیں کرتا

863 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّشِيطِيُّ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَفْتِكُ مُؤْمِنٌ''

(سنن ابی داؤد (۲۷۶۹) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۷۴۳۶) مسند احمد (۱۴۲۶))

ترجمہ: حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن دھوکے سے حملہ نہیں کرتا۔

عورت کی حکمرانی جائز نہیں

864 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْكِنْدِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُسْلِمٌ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا يُفْلِحُ قَوْمٌ تَمْلِكُهُمُ امْرَاَةٌ''

(مسند احمد (۲۰۴۳۸) مستدرک (۸۵۹۹)

ترجمہ: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ قوم کامیاب نہیں ہو سکتی جس کی بادشاہ عورت ہو۔

865 اَنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْكِنْدِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ فِرَاسٍ، نا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، نا اَبُوْ عُمَيْرٍ، نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مُبَارَكٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

یہی روایت اس سند کے ساتھ منقول ہے۔

مومن اپنے آپ کو ذلیل نہیں کرتا

866 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، نا الْقَاضِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَوْدُوْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَعَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ، قَالَا: ثنا عَمْرُوْ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَنْبَغِي لِمُؤْمِنٍ اَنْ يُذِلَّ نَفْسَهُ''

(معجم الکبیر للطبرانی (۱۳۵۰۷) مسند البزار (۸۱۱۰)

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔

867 نا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْفَارِسِيُّ، لَفْظًا فِي كِتَابِهِ نا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ، بِقِرَاءَتِي عَلَيْهِ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ دُرُسْتَوَيْهِ، نا يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ، نا عَمْرُوْ بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ

جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا يَنْبَغِي لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يُذِلَّ نَفْسَهُ''، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ وَكَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهُ؟ قَالَ: ''أَنْ يَتَعَرَّضَ مِنَ الْبَلَاءِ لِمَا لَا يُطِيقُ''

(معجم کبیر طبرانی (۱۳۵۰۷) مسند البزار (۸۱۱۰))

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔ عرض کیا: یارسول اللہ! مومن کیسے اپنے آپ کو ذلیل کرتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا ان مصائب کے درپے ہونا جن کی وہ طاقت نہیں رکھتا۔

دوست کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ بہت زیادہ لعنت کرنے والا ہو

868 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، أَنبا أَبُو سَعِيدِ بْنُ الْأَعْرَابِيِّ، ثنا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَذَكَرَهُ وَأَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجِهَازِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَلِيٍّ الْمَكِّيُّ بِهَا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْجِيزِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، ثنا الْعَلَاءُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَنْبَغِي لِلصِّدِّيقِ أَنْ يَكُونَ لَعَّانًا'' وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعِيدٍ الْأَيْلِيِّ، نَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، بِإِسْنَادِهِ وَفِيهِ ''لِصِدِّيقٍ'' بِلَامٍ وَاحِدَةٍ

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوست کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ اپنے دوست پر لعنت کرے۔

منافق آدمی خدا کو پسند نہیں

869 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدَانُ بْنُ عَلِيٍّ الْأَسَدِيُّ، أَنبا أَبُو عَلِيٍّ، أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، أَنبا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الشَّافِعِيُّ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، وَأَنَا أَسْمَعُ، أَنبا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَمَّارٍ الدِّمْيَاطِيُّ، أَنبا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

بْنِ الْمُنْذِرِ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا يَنْبَغِي لِذِي الْوَجْهَيْنِ أَنْ يَكُونَ أَمِينًا عِنْدَ اللهِ''

(الادب المفرد (۳۱۳))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو چہرے والے کو اللہ تعالیٰ کے ہاں امانت دار سمجھنا درست نہیں ہے۔

والدین اور عادل حکمران کی خوشامد کرنا جائز ہے

870 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُوسَى الْحِمَارُ، ثنا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْكُرْدِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَصْلُحُ الْمَلَقُ إِلَّا لِلْوَالِدَيْنِ وَالْإِمَامِ الْعَادِلِ''

ترجمہ: زہری سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خوشامد کرنا درست نہیں ہے سوائے والدین اور عادل حکمران کے۔

ہنر خاندانی اور دین دار شخص کو فائدہ دیتا ہے

871 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، أبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا أَبُو عِمْرَانَ مُوسَى بْنُ الْقَاسِمِ، ثنا عَبْدُ اللهِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي الدُّنْيَا، ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَصْلُحُ الصَّنِيعَةُ إِلَّا عِنْدَ ذِي حَسَبٍ أَوْ دِينٍ كَمَا لَا تَصْلُحُ الرِّيَاضَةُ إِلَّا فِي النَّجِيبِ''

(معجم ابن الاعرابی (۳۰۷) شعب الایمان (۱۰۴۶۴))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہنر مندی نہیں فائدہ دیتی مگر خاندانی شخص کے پاس یا دیندار کے پاس، جیسے جسمانی ورزش فائدہ نہیں دیتی مگر خاندانی شرف کے ساتھ۔

872 وَأَنَاهُ أَبُو مُعَمَّرٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، نا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ

خَلَفٍ، نا يَحْيَى، نا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَصْلُحُ الصَّنِيعَةُ إِلَّا عِنْدَ ذِي حَسَبٍ أَوْ دِينٍ''

(معجم ابن الاعرابی (۳۰۷) شعب الایمان (۱۰۴۶۴))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہنرمندی نہیں فائدہ دیتی مگر خاندانی شخص کے پاس یا دیندار کے پاس۔

اللہ کی نافرمانی کے ساتھ مخلوق کی اطاعت جائز نہیں

873 أَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْكَاتِبُ، ثنا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَرْكَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ يَحْيَى أَبُو بَكْرٍ الْأَبَحُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِي مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ''، فِي الْأَصْلِ حَمَّادٌ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، وَفِي الْفَوَائِدِ حَمَّادٌ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ

(مسند احمد (۲۰۶۵۶، ۲۰۲۵۳) معجم الاوسط (۴۳۲۲) معجم کبیر (۵۷۱، ۳۸۱))

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت (جائز) نہیں ہے۔

وضاحت: اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کر کے مخلوق کی فرمانبرداری کرنا جائز نہیں ہے بلکہ مخلوق کی نافرمانی کر کے اللہ تعالیٰ کی اطاعت بجالانی چاہیے۔

پڑوسی کو تکلیف دینے والا اور چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوں گے

874 أَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْكَاتِبُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا أَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، وَيُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَبْدٌ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ''

(مسلم (۷۳))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کا پڑوسی اس کی ایذاء رسانی سے محفوظ نہیں۔

875 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا اَبُوْ سَعِيدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَبنا الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، اَبنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ وَقُتَيْبَةَ بْنِ سَعِيدٍ وَعَلِيِّ بْنِ حُجْرٍ، جَمِيعًا عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ ابْنُ اَيُّوبَ: نَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ: اَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ''

(مسلم(۷۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کا پڑوسی اس کی ایذاء رسانی سے محفوظ نہیں۔

حاشیہ: مذکورہ حدیث شریف میں دونوں جزوں کا ترجمہ ایک ہی ہے فرق صرف راویوں کا ہے۔

876 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ''

(بخاری(۶۰۵۶)مسلم(۱۶۹)سنن ترمذی(۲۰۲۶)

ترجمہ: ہمام، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: چغلخور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

مسلمان کو خوف زدہ کرنا جائز نہیں

877 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مِسْوَرٍ ثَنَا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يُرَوِّعَ مُسْلِمًا''

(سنن ابی داؤد(۵۰۰۴)مسند احمد(۲۳۰۶۴)معجم الاوسط(۱۶۷۳)شرح السنہ(۲۵۷۲)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو خوف زدہ کرے۔

878 اَنا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، نا اَبُو سَعِيدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، نا اَبُو دَاوُدَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَنْبَارِيُّ، نا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، نا اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُمْ كَانُوا يَسِيرُونَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَامَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَانْطَلَقَ بَعْضُهُمْ اِلَى حَبْلٍ مَعَهُ، فَاَخَذَهُ فَفَزِعَ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يُرَوِّعَ مُسْلِمًا"

(سنن ابی داؤد (۵۰۰۴) مسند احمد (۲۳۰۶۴) معجم الاوسط (۱۶۷۳) شرح السنہ (۲۵۷۲))

ترجمہ: عبدالرحمان بن ابولیلیٰ بیان کرتے ہیں: اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خبر دی کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے پس ایک شخص ان میں سے سوگیا تو ان میں سے کچھ لوگوں اس کو اٹھا کر چلنے لگے جب اس کو پکڑا تو وہ ڈر گیا۔ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے جائز نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو خوف زدہ کرے۔

879 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَنا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ الْحُرِّ بْنِ سَعْدَانَ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْجَارُودِ الرَّقِّيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الطَّائِيُّ، نا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، نا اَبُو عَمْرِو بْنُ الْعَلَاءِ، وَالْاَعْمَشُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

تین دن سے زیادہ قطع تعلقی جائز نہیں

880 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ النَّحَّاسِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو هَمَّامٍ، مُحَمَّدُ بْنُ مُحَبَّبٍ الدَّلَّالُ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا يَحِلُّ لِامْرِئٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ"

ترجمہ: محمد بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ لاتعلقی اختیار کرے۔

881 وَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَیْضًا، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ بَهْزَادٍ، اَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ کَثِیْرِ بْنِ عُفَیْرٍ، اَنَا اَبِیْ، حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَزِیْدَ اللَّیْثِیِّ، عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا یَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ یَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ، یَلْتَقِیَانِ فَیُعْرِضُ هٰذَا وَیُعْرِضُ هٰذَا، وَخَیْرُهُمَا الَّذِیْ یَبْدَأُ بِالسَّلَامِ''

ترجمہ: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ لاتعلق رہے۔ یوں کہ جب وہ ملاقات کریں۔ تو ایک دوسرے پر بات ڈالنے سے اعراض کریں۔ تو ان دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرتا ہے۔

882 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَیْنِ النَّیْسَابُوْرِیُّ، اَنَا الْقَاضِیْ اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، نَا اَبُوْ خَلِیْفَةَ، نَا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِیْنِیِّ، نَا اَنَسُ بْنُ عِیَاضٍ، حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ بْن اَبِیْ اُسَیْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا یَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ اَنْ یَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں کہ وہ تین دن سے زیادہ اپنے بھائی سے لاتعلقی اختیار کیے رکھے۔

883 اَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ الْفَارِسِیُّ، اَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ، عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مُسْلِمٍ الْفَرَضِیُّ، نَا اَبُوْ بَکْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ یَزِیْدَ الْمَطِیْرِیُّ، نَا بِشْرُ بْنُ مَطَرٍ، نَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا یَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ یَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ''، مُخْتَصَرٌ

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں کہ وہ تین دن سے زیادہ اپنے بھائی سے لاتعلق رہے۔

غنی اور صحت مند کے لیے صدقہ لینا جائز نہیں

884 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ النَّحَّاسِ التُّجِیْبِیُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، ثنا اَبُوْ نُعَیْمٍ، ثنا سُفْیَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ رَیْحَانَ بْنِ یَزِیْدَ الْعَامِرِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ، وَلَا لِذِي مِرَّةٍ قَوِيٍّ''

(سنن ابی داؤد (۱۶۳۴) ترمذی (۶۵۷) سنن نسائی (۲۵۹۷) ابن ماجه (۱۸۴۱، ۱۸۳۹))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غنی اور تندرست کے لئے صدقہ لینا حلال نہیں ہے۔

885 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا الْقَاضِي اَبُو طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثنا وَهْبٌ، اَبنا خَالِدٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ، وَلَا لِذِي مِرَّةٍ سَوِيٍّ''

(سنن ابی داؤد (۱۶۳۴) ترمذی (۶۵۷) سنن نسائی (۲۵۹۷) ابن ماجه (۱۸۴۱، ۱۸۳۹))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غنی اور تندرست کے لئے صدقہ لینا حلال نہیں ہے۔

لوگ ہلاک نہیں ہوں گے

886 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: قَالَ اَبُو عُبَيْدٍ: حَدَّثَنَاهُ غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لَا يَهْلِكُ النَّاسُ حَتّٰى يُعْذِرُوا مِنْ اَنْفُسِهِمْ''

ترجمہ: ابوبختری بیان کرتے ہیں: ہمیں بیان کیا اس شخص نے جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ لوگ ہلاک نہیں ہوں گے حتیٰ کہ وہ اپنے آپ کو الزام سے بری رکھیں۔

887 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ، اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ دَاوُدَ الصَّاغَانِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَاهِلِيُّ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَسْتَقِيْمُ اِيْمَانُ عَبْدٍ حَتّٰى يَسْتَقِيْمَ قَلْبُهُ، وَلَا يَسْتَقِيْمُ قَلْبُهُ حَتّٰى يَسْتَقِيْمَ لِسَانُهُ''

(مسند احمد (۱۳۰۴۸) شعب الایمان (۸))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندے کا ایمان اس وقت تک درست نہیں ہوسکتا جب تک اس کا دل درست نہ ہو اور دل اس وقت تک درست نہیں ہوسکتا جب تک اس کی زبان درست نہ ہو۔

جو اپنے لیے پسند کرو، وہی اپنے بھائی کے لیے پسند کرو

888 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَبَّاسٌ الدُّوْرِيُّ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا حُسَيْنُ الْمُعَلِّمُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ مِنَ الْخَيْرِ''

(مسند احمد (۱۴۰۸۲، ۱۳۶۲۹، ۱۳۱۴۶) مسند البزار (۷۱۲۶) مسند ابی یعلی (۲۸۸۷)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے خیر کی وہ چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

889 وَاَنَا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ، اَنَا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَرَوِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، نا مُسَدَّدٌ، نا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ''

(مسند احمد (۱۴۰۸۲، ۱۳۶۲۹، ۱۳۱۴۶) مسند البزار (۷۱۲۶) مسند ابی یعلی (۲۸۸۷)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے وہ چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

890 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ السَّعْدِيُّ، اَبنا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ بِمَكَّةَ، ثنا الْمَهْرَانِيُّ، يَعْنِي مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عُتْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ يُوْنُسَ بْنَ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ: ''لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ حَقِيقَةَ الْإِيمَانِ حَتّٰى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ، وَمَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَهُ''
(القدر للفریابی مخرجا (۲۰۰)

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ اس وقت تک ایمان کی حقیقت کونہیں پاسکتا حتیٰ کہ وہ یہ بات جان لے کہ جو چیز اس کو ملی ہے وہ اس سے خطا ہونے والی نہیں ہے اور جونہیں ملی ہے وہ اس کونہیں ملے گی۔

891 أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، أَنَا الْقَاضِي أَبُو طَاهِرٍ، نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، نَا أَبُو أَيُّوبَ، هُوَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُتْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ يُونُسَ بْنَ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا يَسْتَكْمِلُ عَبْدٌ حَقِيقَةَ الْإِيمَانِ حَتّٰى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ، وَمَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَهُ''
(القدر للفریابی مخرجا (۲۰۰)

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ اس وقت تک ایمان کی حقیقت کونہیں پاسکتا حتیٰ کہ وہ یہ بات جان لے کہ جو چیز اس کو ملی ہے وہ اس سے خطا نہیں ہوگی ہے اور جونہیں ملی ہے وہ اس کو مل ہی نہیں سکتی۔

892 أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ الْخَصِيبُ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا أَبُو يُوسُفَ الْقَلُوسِيُّ يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، ثنا سِكِّينُ بْنُ سِرَاجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "لَا يَسْتَكْمِلُ الْعَبْدُ الْإِيمَانَ حَتّٰى تَكُونَ فِيهِ ثَلَاثُ خِصَالٍ: الْإِنْفَاقُ مِنَ الْإِقْتَارِ، وَالْإِنْصَافُ مِنْ نَفْسِهِ، وَبَذْلُ السَّلَامِ"

ترجمہ: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تک بندہ میں تین خصلتیں نہ ہوں اس وقت تک اس کا ایمان کامل نہیں ہوتا۔ اہل وعیال میں (میانہ روی سے) خرچ کرنا، اپنی ذات کی ساتھ انصاف کرنا، اور سلام کو پھیلانا۔

893 أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْبَارِيُّ، أبنا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْمِسْوَرِ، ثنا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، قَالَ: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ

عَجْلَانَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
"لَا يَسْتَكْمِلُ أَحَدُكُمْ حَقِيقَةَ الْإِيمَانِ حَتَّى يَخْزُنَ لِسَانَهُ"

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی ایمان کی حقیقت تک نہیں پہنچ سکتا حتیٰ کہ وہ اپنی زبان کو روکے۔

جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں فرماتا

894 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أَبنا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَالَ جَرِيرٌ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا يَرْحَمُ اللهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ"

(بخاری (۷۳۷۶) الادب المفرد (۹۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۲۵۳۶۳)

ترجمہ: حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم نہیں فرماتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

مومن پڑوسی کے بغیر شکم سیر نہیں ہوتا

895 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعْدُونٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا أَبُو الطَّيِّبِ عُثْمَانُ بْنُ الْمُنْتَابِ، أَبنا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ، أَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: أَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَبنا سُفْيَانُ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، قَالَ: بَلَغَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَنَّ سَعْدًا، اتَّخَذَ قَصْرًا، فَأَنْفَذَ إِلَيْهِ: إِنَّمَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: "لَا يَشْبَعُ الْمُؤْمِنُ دُونَ جَارِهِ"

(الزهد والرقائق لابن المبارك والزهد لنعيم بن حماد (۵۱۳)

ترجمہ: عبایۃ بن رفاعۃ نے بیان کیا کہ ان کو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے یہ معلوم ہوا کہ بے شک حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے مکان بنایا اور اس کا روشندان (اپنے پڑوسی کے گھر کی طرف) رکھا تو وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ مومن اپنے پڑوسی کے بغیر شکم سیر نہیں ہوتا۔

896 أنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، أنا زَاهِرُ بْنُ أَحْمَدَ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، أنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، أنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنِي ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ

أَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، قَالَ: بَلَغَ عُمَرَ أَنَّ سَعْدًا، اتَّخَذَ قَصْرًا فَأَنْفَذَ إِلَيْهِ: أَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ... وَذَكَرَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

عالم دین علم سے سیر نہیں ہوتا

897 أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، أَبنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ شَاهِينَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عِيَاضِ بْنِ أَبِي طَيْبَةَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَوْحٍ الْقَتِيرِيُّ، وَحْدِي، وَهُوَ وَحْدَهُ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، وَحْدِي، وَهُوَ وَحْدَهُ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ أَبِي السَّمْحِ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَشْبَعُ عَالِمٌ مِنْ عِلْمٍ حَتّٰى يَكُونَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةَ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عالم علم سے سیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ اس کا آخری ٹھکانہ جنت ہوتی ہے۔

قیامت برے لوگوں پر قائم ہوگی

898 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أَبنا أَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ مَلِيحٍ الطَّرَائِفِيُّ، وَأَبُو طَاهِرٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْمَدِينِيُّ قَالَا: ثنا يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْجَنَدِيُّ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَزْدَادُ الْأَمْرُ إِلَّا شِدَّةً، وَلَا الدُّنْيَا إِلَّا إِدْبَارًا، وَلَا النَّاسُ إِلَّا شُحًّا، وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ، وَلَا مَهْدِيَّ إِلَّا عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ''

(سنن ابن ماجه (۴۰۳۹) معجم الكبير للطبراني (۸۳۵) مستدرك للحاكم (۸۳۶۳، ۸۳۵۹))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مصائب دن بدن زیادہ ہوں گے اور دنیا پیٹھ پھیر لے گی، لوگوں میں کنجوسی بڑھے گی اور قیامت شریر لوگوں پر قائم ہوگی اور نہیں ہوں گے مہدی مگر عیسیٰ بن مریم۔

899 وَأَنَاهُ قَاضِي الْقُضَاةِ أَبُو الْعَبَّاسِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْعَوَّامِ، أنا الْحَسَنُ بْنُ

مُوْسٰى، اِمَامُ مَسْجِدِ الْجَامِعِ. نا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُفْيَانَ، نا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الشَّافِعِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ الْجَنَدِيُّ، بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ

اس سند کے ساتھ بھی یہ روایت منقول ہے۔

900 اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْخَضِرِ الْخَوْلَانِيُّ، نا اَبُو الْفَرَجِ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدَانَ، نا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ، بِمَكَّةَ، نا صَامِتُ بْنُ مُعَاذٍ، نا زَيْدُ بْنُ السَّكَنِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْجَنَدِيُّ، عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَذَكَرَهٗ

اس سند کے ساتھ بھی یہ روایت منقول ہے۔

901 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا اَبُوْ اَحْمَدَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْبَلْخِيُّ، نا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ الدِّمَشْقِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لَا يَزْدَادُ الْاَمْرُ اِلَّا شِدَّةً، وَلَا الْمَالُ اِلَّا اِفَاضَةً، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا عَلٰى شِرَارِ خَلْقِهٖ

(مستدرک للحاکم (۸۳۵۹)

ترجمہ: حضرت ابوامامہ کہتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مصائب دن بدن بڑھتے جائیں گے اور مال نہیں (زیادہ ہوتا) مگر بہانے (اللہ کی راہ میں خرچ کرنے) کے ساتھ اور قیامت قائم نہیں ہوگی مگر اللہ تعالیٰ کی بدترین مخلوق پر۔

902 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نا مُسْلِمٌ يَعْنِي ابْنَ اِبْرَاهِيْمَ، نا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت برے ترین لوگوں پر قائم ہوگی۔

903 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ اَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الْهَرَوِيُّ، اَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ مُعَاذِ بْنِ نَجْدَةَ الْعُرْيَانُ،

نا خَلَّادُ بْنُ صَفْوَانَ، نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلَ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّبَيْرَ بْنَ عَدِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، أَوْ نا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: ''لَا يَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ إِلَّا وَهُوَ شَرٌّ مِنَ الَّذِي كَانَ قَبْلَكُمْ'' سَمِعْنَا ذَلِكَ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(مسند احمد (۱۲۱۶۲))

ترجمہ: مالک بن مغول بجلی کہتے ہیں میں نے زبیر بن عدی سے سنا وہ کہتے ہیں میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا یا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہمیں خبر دی کہ وہ کہتے ہیں: تم پر جو بھی زمانہ آئے گا وہ پہلے زمانہ سے زیادہ برا ہوگا' یہ بات ہم نے تمہارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔

مردوں کی قلت اور عورتوں کی کثرت قیامت کی نشانی ہے

904 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: ثنا مُسْلِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا فَرْقَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ، قَالَ: ثنا عُقْبَةُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَقِلَّ الرِّجَالُ وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ''

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ مردوں کی کمی اور عورتوں کی کثرت نہیں ہوگی۔

جو پردہ پوشی نہیں کرے گا قیامت کے دن اس کی بھی پردہ پوشی نہیں کی جائے گی

905 أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاغِ الْفَقِيهُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُعَلًّى، يَعْنِي ابْنَ أَسَدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: ''لَا يَسْتُرُ عَبْدٌ عَبْدًا فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(مسلم (۲۵۹۰) مسند احمد (۹۲۴۸،۹۰۴۵) شعب الایمان (۹۲۰۵))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص دنیا میں کسی بندے کا پردہ رکھتا ہے' تو اللہ کریم بھی اس کی قیامت کے دن پردہ پوشی فرمائے گا۔

906 وَأَنَاهُ أَبُو مُحَمَّدٍ بْنُ النَّحَّاسِ، نا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

907 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا الْقَاضِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرٍو النَّخَعِيُّ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْمَرْءُ عَلَى دِيْنِ خَلِيْلِهِ، وَلَا خَيْرَ فِي صُحْبَةِ مَنْ لَا يَرَى لَكَ مِنَ الْحَقِّ مِثْلَ الَّذِي تَرَى لَهُ''

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے اور اس کی صحبت میں کوئی بھلائی نہیں' جو تیرے لیے اس کی مانند حق نہ دیکھے جو تو اس کے لیے دیکھتا ہے۔

908 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، بِالرَّمْلَةِ، ثنا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، عَنْ اَخِيْهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَذْهَبُ حَبِيْبَتَا عَبْدٍ فَيَصْبِرُ وَيَحْتَسِبُ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ''

(شعب الایمان (۹۴۹۲)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس بندے کی دو محبوب ترین چیزیں (یعنی دونوں آنکھیں) ضائع ہو جاتی ہیں پھر وہ اس پر صبر کرتا ہے اور ثواب کی امید رکھتا ہے' وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔

نقصان دہ چیزوں سے اجتناب کرنے والا پرہیزگار ہے

909 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْفَرَّاءُ، اَبنا الْعَبَّاسُ مُحَمَّدُ بْنُ الدَّقِيْقِيُّ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا اَبُوْ النَّضْرِ، ثنا اَبُوْ عَقِيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، وَعَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ اَنْ يَكُوْنَ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ حَتّٰى يَدَعَ مَا لَا بَاْسَ بِهِ حَذَرًا لِمَا بِهِ الْبَاْسُ''

(ترمذی (۲۴۵۱) سنن ابن ماجہ (۴۲۱۵) مصنف ابن ابی شیبہ (۵۹۱)

ترجمہ: حضرت عطیہ سعدی رضی اللہ عنہ جنہیں صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' وہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ اس وقت تک پرہیزگاروں میں شامل نہیں ہو سکتا جب تک وہ نقصان دہ چیزوں سے بچنے کے لیے

بے ضرر چیزوں کو نہ چھوڑے۔

910 اَنا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْهَمْدَانِيُّ، اَخْبَرَنِي اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَزْدِيُّ، اَنا اَبُو عَمْرٍو السَّمَرْقَنْدِيُّ، نا اَبُو اُمَيَّةَ، نا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، نا اَبُو عَقِيلٍ الثَّقَفِيُّ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ اَنْ يَكُونَ مِنَ الْمُتَّقِينَ حَتّٰى يَدَعَ مَا لَا بَأْسَ بِهِ حَذَرًا لِمَا بِهِ بَأْسٌ''

(ترمذی (۲۴۵۱) سنن ابن ماجه (۴۲۱۵) مسند ابن ابو شیبه (۵۹۱)

ترجمہ: حضرت عطیہ سعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ اس وقت تک پرہیزگاروں میں شامل نہیں ہوسکتا جب تک وہ نقصان دہ چیزوں سے بچنے کے لئے بے ضرر چیزوں کو نہ چھوڑے۔

911 وَاَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُدْفُوِيُّ، اَنا اَبُو الطَّيِّبِ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ اِجَازَةً، نا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، نا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، نا اَبُو عَقِيلٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ اَنْ يَكُونَ مِنَ الْمُتَّقِينَ حَتّٰى يَدَعَ مَا لَا بَأْسَ بِهِ حَذَرًا لِمَا بِهِ الْبَأْسُ''

(ترمذی (۲۴۵۱) سنن ابن ماجه (۴۲۱۵) مسند ابن ابو شیبه (۵۹۱)

ترجمہ: حضرت عطیہ سعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ اس وقت تک پرہیزگاروں میں شامل نہیں ہوسکتا جب تک وہ نقصان دہ چیزوں سے بچنے کے لئے بے ضرر چیزوں کو نہ چھوڑے۔

912 اَنا اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ الْقُرَشِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ فِرَاسٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْجِيزِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ، نا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، نا اَبُو عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدَ اللهِ بْنَ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيَّ، اَرَاهُ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، وَعَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ، وَفِيْهِ ''وَحَذَرًا لِمَا بِهِ الْبَأْسُ''

ترجمہ: حضرت عطیہ سعدی رضی اللہ عنہ نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کیا ہے اور اس میں یہ ہے (وہ نقصان

دہ چیزوں سے پرہیز کرے)

امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا

913 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ، جَعْفَرُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا عَمْرُوْ بْنُ مَرْزُوقٍ، اَبنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي الرَّبِيعِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِيْ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ حَتّٰى يَأْتِيَ اَمْرُ اللهِ''

(ترمذی (۲۲۲۹) مسند ابی داؤد طیالسی (۳۸) مسند احمد (۱۶۸۸۱))

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری امت سے ایک جماعت اللہ تعالیٰ کا حکم (یعنی قیامت) آنے تک ہمیشہ حق پر ڈٹی رہے گی۔

914 وَاَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي الْكِرَامِ، نَا الشَّرِيفُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ طَاهِرٍ الْحُسَيْنِيُّ الْمَعْرُوْفُ بِمُسْلِمٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نا عَبْدُ الْحَمِيدِ هُوَ ابْنُ صُبَيْحٍ، نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِيْ ظَاهِرِينَ عَلَى الْحَقِّ، لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَ اَمْرُ اللهِ''

(ترمذی (۲۲۲۹) مسند ابی داؤد طیالسی (۳۸) مسند احمد (۱۶۸۸۱))

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں : آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا: میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی۔ جو ان کو رسوا کرنے کی کوشش کرے گا وہ ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کا حکم (یعنی قیامت) آجائے۔

مقروض کی روح قرض کے ساتھ معلق رہتی ہے

915 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا الزَّعْفَرَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا تَزَالُ نَفْسُ الرَّجُلِ مُعَلَّقَةً بِدَيْنِهِ حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ کی روح ہمیشہ قرض کے ساتھ لٹکی رہتی ہے اس کے قرض ادا کیا جانے تک۔

نماز کا انتظار کرنے والا، نماز میں ہی شمار ہوتا ہے

916 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ صَخْرٍ الْاَزْدِيُّ بِمَكَّةَ، اَبنا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ السَّعْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، اَبنا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا يَزَالُ الْعَبْدُ فِي الصَّلَاةِ مَا انْتَظَرَ الصَّلَاةَ''

(الدعاللطبرانی (۱۸۶)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ ہمیشہ نماز میں رہتا ہے جب تک وہ نماز کا انتظار کرتا ہے۔

اپنے بھائی کی مصیبت ظاہر نہ کرو

917 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ اُمَيَّةَ الْحَذَّاءُ، ثنا حَفْصٌ، يَعْنِي ابْنَ غِيَاثٍ، ثنا بُرْدٌ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيكَ فَيُعَافِيَهُ اللهُ وَيَبْتَلِيكَ''

(ترمذی (۲۵۰۶) معجم الاوسط (۳۷۳۹) معجم الکبیر للطبرانی (۱۲۷)

ترجمہ: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے بھائی کی مصیبت کو ظاہر نہ کرو (یعنی اس کا مذاق نہ اڑاؤ)، ورنہ اللہ تعالیٰ اس کو عافیت دے گا اور تجھے مبتلا کرے گا۔

918 وَاَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ النَّحَّاسِ، ثنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اَبُو يَعْلَى هُوَ السَّاجِيُّ قَالَ: ثنا الْقَاسِمُ بْنُ اُمَيَّةَ الْحَذَّاءُ، قَالَ: سَمِعْتُ حَفْصَ بْنَ غِيَاثِ بْنِ طَلْقٍ النَّخَعِيَّ، قَاضِيَ الْكُوفَةِ يَقُولُ: سَمِعْتُ بُرْدًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ مَكْحُولًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

919 اَنا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، اَنا اَبُو اَحْمَدَ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَفْصٍ الْبَصْرِيُّ، نا عَمِّي، مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي قَاسِمُ بْنُ اُمَيَّةَ الْحَذَّاءُ، نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ بُرْدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيكَ فَيَرْحَمَهُ اللهُ وَيَبْتَلِيكَ''

(ترمذی (۲۵۰۶) معجم الاوسط (۳۷۳۹) معجم الکبیر للطبرانی (۱۲۷))

ترجمہ: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے بھائی کی مصیبت کو ظاہر نہ کرو (یعنی اس کا مذاق نہ اڑاو)، ورنہ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمادے گا اور تجھے (اس میں) مبتلا کرے گا۔

زمانے کو گالی مت دو

920 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُعَدِّلُ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنَّ اللهَ هُوَ الدَّهْرُ''

(مسلم (۲۲۴۶) مسند احمد (۲۲۶۵۳، ۱۰۴۷۹، ۱۰۳۶۷) الادب المفرد (۷۶۹))

ترجمہ: عبداللہ بن ابو قتادہ نے اپنے والد سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم زمانے کو برا نہ کہو بے شک اللہ تعالیٰ ہی زمانہ ہے۔

921 اَنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقْرِئُ، اَنا اَبُو اَحْمَدَ الْفَرَضِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا بِشْرٌ، نا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: يُؤْذِينِي ابْنُ آدَمَ، يَسُبُّ الدَّهْرَ، وَاَنَا الدَّهْرُ بِيَدِي الْاَمْرُ اُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ"

(بخاری (۴۸۲۶، ۷۴۹۱) مسلم (۲۲۴۶) سنن ابی داؤد (۵۲۷۴) مسند احمد (۷۲۴۵) سنن کبریٰ (۱۱۴۲۳))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ابن آدم نے مجھے اذیت دی جب وہ زمانے کو برا کہتا ہے حالانکہ زمانہ ''میں'' ہوں اور تمام معاملات میرے دست قدرت میں ہیں میں ہی دن اور رات کو پھیرتا ہوں۔

بادشاہ کو گالی نہ دو، وہ زمین میں اللہ کا سایہ ہے

922 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، أَبنا يُوسُفُ بْنُ أَحْمَدَ الصَّنْدَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْعُقَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْبَلْخِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ جَعْفَرٍ السِّمْنَانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ، أَنَّ إِسْمَاعِيلَ مَوْلَى الْمُزَنِيِّينَ أَخْبَرَهُ أَنَّ زَيْدَ بْنَ أَسْلَمَ أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ إِلَى الشَّامِ قَالَ: فَسَمِعْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''لَا تَسُبُّوا السُّلْطَانَ، فَإِنَّهُ فَيْءُ اللهِ فِي أَرْضِهِ''

(شعب الایمان (۶۹۸۷)

ترجمہ: زید بن اسلم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ شام میں تھے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تم بادشاہ کو گالیاں نہ دو بے شک وہ اللہ تعالیٰ کی زمین میں اس کا سایہ ہے۔

مُردوں کو برا کہہ کر زندوں کو تکلیف نہ دو

923 أَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْكَاتِبُ الْبَغْدَادِيُّ، أَبنا أَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْأَشْعَثِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا تَسُبُّوا الْأَمْوَاتَ، فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا إِلَى مَا قَدَّمُوا''

(بخاری (۶۵۱۶، ۱۳۹۳) جامع ترمذی (۱۹۸۲) نسائی (۱۹۳۶) مسند احمد (۱۸۲۱۰، ۱۸۲۰۹)

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم مُردوں کو برا نہ کہو چونکہ وہ اس چیز کی طرف چلے گئے ہیں جو انہوں نے آگے بھیجی تھی (یعنی انہوں نے اپنے اعمال کا بدلہ پا لیا ہے)۔

924 أنا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، تَمْتَامٌ، نا عَبْدُ الصَّمَدِ، وَعَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، فَقَالَا: نا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَذَكَرَهُ

اس سند کے ساتھ یہ روایت بھی منقول ہے۔

925 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، ثنا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَتُؤْذُوا الْاَحْيَاءَ''

(بخاری(۱۳۹۳،۶۵۱۶)جامع ترمذی(۱۹۸۲)نسائی(۱۹۳۶)مسند احمد(۱۸۲۱۰،۱۸۲۰۹))

ترجمہ: حضرت مغیرہ بن شعبہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مُردوں کو برا نہ کہو کیونکہ اس طرح تم اس سے زندہ لوگوں کو اذیت پہنچاؤ گے۔

ہدیہ کا بدلہ دینا چاہیے

926 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ فِرَاسٍ، بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَعْرُوْفُ بِبُكَيْرٍ، ثنا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْاَنْصَارِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ، هُوَ ابْنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا يَرُدُّ الرَّجُلُ هَدِيَّةَ اَخِيْهِ، فَاِنْ وَجَدَ فَلْيُكَافِئْهُ''

ترجمہ: حسن نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی اپنے بھائی کا ہدیہ واپس نہ کرے، اگر اس (ہدیہ) کو پائے تو اس کا بدلہ دے۔

جس کپڑے کو استعمال نہیں کیا اس کے ساتھ ہاتھ صاف نہ کرو

927 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ النَّصِيبِيُّ، اَبنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْحُصَيْنِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا اَبِيْ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ الْمَنْصُوْرِ، عَنِ الْمُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَمْسَحْ يَدَكَ بِثَوْبِ مَنْ لَا تَكْسُو''

ترجمہ: حضرت ابو بکرہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنا ہاتھ ایسے کپڑے کے ساتھ مت صاف کرو جو تم نے پہنا نہیں ہے۔

928 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ السَّقَطِيُّ، وَذُو النُّوْنِ بْنُ

مُحَمَّدٍ قَالَا: ثنا الْعَسْكَرِيُّ، ثنا الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، ''أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَمْسَحَ الرَّجُلُ يَدَهُ بِثَوْبِ مَنْ لَمْ يَكْسُ''

ترجمہ: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا ہے: بندہ اپنا ہاتھ ایسے کپڑے کے ساتھ صاف کرے جو اس نے پہنا نہ ہو۔

سائل کو خالی نہیں لوٹانا چاہیے

929 أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ، أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقْرِئُ، أَبنا أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الضِّرَابُ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ مَرْوَانَ، ثنا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: ''لَا تَرُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ''

(شعب الایمان (۳۱۲۶))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سائل کو خالی واپس نہ بھیجو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی دو۔

وضاحت: اگر کوئی فقیر سوالی بن کر دروازے پر آجائے تو اس کو خالی نہ بھیجو۔ اس کو ضرور کچھ نہ کچھ دو خواہ وہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔

930 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ الصَّنْعَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُعَاذٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ جَدَّتِهِ حَوَّاءَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''لَا تَرُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ''

(مسند احمد (۲۷۴۵۱) معجم الاوسط (۷۱۶) معجم الکبیر (۵۵۵))

ترجمہ: حضرت مطلب بن حنطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم سائل کو خالی نہ لوٹاؤ، اگرچہ جلا ہوا کھر ہی دو۔

نوٹ: یعنی سائل کو کچھ نہ کچھ لازمی دو خواہ وہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

931 اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ عَبْدَانَ، نَا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْعَاصِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قُتَيْبَةَ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِشَامٍ، نَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور (پھر راوی نے) اس روایت کا ذکر کیا۔

932 اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نَا اَبُوْ سَعِيْدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ حَنْطَبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا تَرُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ''

(مسند احمد (۲۷۴۵۱) معجم الاوسط (۷۱۶) معجم الکبیر (۵۵۵)

ترجمہ: حضرت مطلب بن حنطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم سائل کو خالی نہ لوٹاؤ، اگرچہ جلا ہوا کھر ہی ہو۔

مسلمان کی غیبت اور عیب جوئی نہیں کرنی چاہیے

933 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِيْنَ، وَلَا تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ''

(سنن ابی داؤد (۴۸۸۰) مسند احمد (۱۹۷۷۶) مسند ابی یعلی (۷۴۲۳، ۱۶۷۵) شعب الایمان (۶۷۲۹، ۶۷۲۸)

ترجمہ: حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلمانوں کی نہ غیبت کرو اور نہ ہی ان کی عیب جوئی کرو۔

934 وُجِدَ بِخَطِّ شَيْخِنَا اَبِي مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْغَنِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ الْحَافِظِ، ثنا اَبُو الْحُسَيْنِ، اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا اَبُوْ يَحْيَى، مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْخُرَيْبِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ شَيْخًا، بِبَيْرُوْتَ يُكْنَى اَبَا عُمَرَ، اَظُنُّهُ حَدَّثَنِي، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، اَنَّ رَجُلًا، يُقَالُ لَهُ حَرْمَلَةُ اَتَى النَّبِيَّ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ: اَلْاِيمَانُ هٰهُنَا، وَاَشَارَ اِلٰى لِسَانِهِ، وَالنِّفَاقُ هٰهُنَا، وَاَشَارَ اِلٰى قَلْبِهِ، فَلَا اَذْكُرُ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيلًا. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَهُ لِسَانًا، ذَاكِرًا وَقَلْبًا شَاكِرًا. .. وَذَكَرَ حَدِيثًا طَوِيلًا فِيهِ'' وَلَا تَخْرِقَنَّ عَلٰى اَحَدٍ سِتْرًا"

ترجمہ: سیّدہ اُمّ درداء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حرملہ نامی ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ تو اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ ایمان یہاں ہے، اور اشارہ اپنی زبان کی طرف کیا اور نفاق یہاں ہے اور اشارہ اپنے دل کی طرف کیا۔ (اور اس نے کہا) میں اللہ کا ذکر تھوڑا کرتا ہوں۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ، اے اللہ اس کی زبان کو ذکر والا بنادے اور اس کے دل کو شکر کرنے والا بنادے۔۔۔۔ اور (پھر راوی نے) ایک طویل حدیث کا ذکر کیا اس میں یہ بھی تھا کہ ''تم کسی کا بھی پردہ چاک نہ کرو''۔

نیکی کو حقیر نہ جانو

935 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ، عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ آزَاذْ مَرْدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: ثنا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، ثنا اَبُو الْعَلَاءِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكُوفِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنِي عَقِيلُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِي جُرَيٍّ الْهُجَيْمِيِّ، قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ، تُعَلِّمُنَا عَمَلًا لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَنْفَعُنَا بِهِ، قَالَ: ''لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا''

(مسند ابی داؤد طیالسی (۱۳۰۴) مسند احمد (۲۰۶۳۲) الادب المفرد (۱۱۸۲) ابن حبان (۵۲۱))

ترجمہ: حضرت ابوجری ہجیمی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بے شک ہم ویرانوں میں رہنے والے ہیں، ہمیں کوئی ایسا عمل بتادیں جس سے اللہ کریم ہمیں فائدہ دے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کسی بھی نیکی کو حقیر نہ سمجھو۔

936 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا الْحَضْرَمِيُّ، وَهُوَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تُوَاعِدْ اَخَاكَ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے بھائی سے ایسا وعدہ نہ کرو جس کا تم خلاف کرو۔

کسی تکلیف کی وجہ سے موت کی تمنا نہیں کرنی چاہیے

937 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، اَبنا اَبُو الطَّيِّبِ، عُثْمَانُ بْنُ الْمُنْتَابِ، ثنا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: اَنْبَاَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ''

(مسلم (۲۶۸۰) سنن ابی داؤد (۳۱۰۹) ترمذی (۹۷۰) سنن نسائی (۱۸۲۰))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص کسی تکلیف کے باعث جو اسے پہنچی ہو، موت کی تمنا نہ کرے۔

938 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيدِ بْنِ سَخْتَوَيْهِ، بِمَكَّةَ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَبْلَ مَوْتِهِ بِثَلَاثٍ: ''اَلَا لَا يَمُوتَنَّ اَحَدٌ اِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللهِ''

(مسند احمد (۱۴۳۸۶) مسند ابی یعلی (۲۰۵۳))

ترجمہ: حضرت جابر بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے وصال مبارک سے تین دن پہلے یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: خبردار! کوئی ہرگز نہ مرے مگر اس حال میں کہ وہ اللہ کریم کے متعلق اچھا گمان رکھتا ہو۔

تم آپس میں حسد، بغض اور دشمنی نہ کرو

939 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ النَّحَّاسِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، مَوْلَى عَامِرِ بْنِ كَرِيزٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَنَاجَشُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللهِ اِخْوَانًا''

(مسلم (۲۵۶۴) مسند احمد (۷۷۲۷)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم آپس میں حسد نہ کرو، تم ایک دوسرے کے مقابلے میں بڑھ کر بولی نہ لگاؤ، اور تم آپس میں بغض نہ کرو، اور تم آپس میں دشمنی نہ کرو۔ اور اللہ کے بندو، تم (آپس میں) بھائی بن کے رہو۔

940 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، اَبنا مُحْرِزٌ اَبُوْ رَجَاءٍ، مَوْلَى هِشَامٍ اَنَّهُ سَمِعَ مَكْحُولًا، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَكُونُوا عَيَّابِينَ وَلَا مَدَّاحِيْنَ، وَلَا طَعَّانِيْنَ وَلَا مُتَمَاوِتِيْنَ''

(الزهد والرقائق لابن مبارك والزهد لنعيم بن حماد (باب في التواضع)

ترجمہ: مکحول بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم عیب بیان کرنے والے اور نہ ہی مدح کرنے والے اور نہ ہی طعنہ زنی کرنے والے اور نہ ہی (دشمن کے مقابلہ میں) کمزوری دکھانے والے ہونا۔

941 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُثْمَانَ الْمَرْوَرُوذِيُّ اَبُوْ حَفْصٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ زُغَيْلٍ التَّمَّارُ، بِالْبَصْرَةِ، ثنا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ، ثنا فُضَالُ بْنُ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَعْجَبُوا بِعَمَلِ عَامِلٍ حَتّٰى تَنْظُرُوا بِمَ يُخْتَمُ لَهُ''

(معجم الكبير طبرانی (۸۰۲۵)

ترجمہ: حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم کسی عامل کے عمل پر تعجب نہ کرو حتیٰ کہ تم دیکھو اس کا اختتام کس پر ہوا ہے۔

وضاحت: بعض اوقات کوئی شخص بڑا اچھا عمل کرتا اور لوگوں اس سے متاثر ہو جاتے ہیں لیکن اس شخص کا خاتمہ اچھا نہیں ہوتا۔ جیسا کہ ایک روایت میں ہے' جس کا مفہوم یہ ہے کہ ایک جنگ میں ایک شخص بڑی بہادری کے ساتھ کفر کے خلاف تلوار چلا رہا تھا صحابہ کرام نے اس کی تعریف کی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے دوزخی ہونے کا فرمایا؛ صحابہ کرام فرماتے ہیں ہم نے دیکھا کہ اس شخص نے آخر میں خودکشی کر لی جس سے اس کا انجام برا ہو گیا۔

942 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْيَمَانِ، بِالْبَصْرَةِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ التِّرْمِذِيُّ، قَدِمَ عَلَيْنَا، ثنا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ الْكُوفِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنْ

نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يُعْجِبُكُمْ إِسْلَامُ رَجُلٍ حَتّٰى تَعَلَّمُوا كُنْهَ عَقْلِهِ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: کسی شخص کا اسلام (لانا) تمہیں تعجب میں نہ ڈالے حتیٰ کہ تم اس کی عقل کی گہرائی نہ جان لو۔

943 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَبُوْ سَعِيدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا حَمْدَانُ الْوَرَّاقُ، ثنا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يُعْجِبَنَّكُمْ إِسْلَامُ رَجُلٍ حَتّٰى تَعَلَّمُوا عُقْدَةَ عَقْلِهِ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: کسی شخص کا اسلام (لانا) تمہیں تعجب میں نہ ڈالے حتیٰ کہ تم اس کی عقل کی گہرائی نہ جان لو۔

944 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لَا تَجْعَلُوْنِي كَقَدَحِ الرَّاكِبِ''، قَالُوا: وَمَا قَدَحُ الرَّاكِبِ؟ قَالَ: " اِنَّ الرَّجُلَ لِيَرْفَعُ مَتَاعَهُ عَلَى رَاحِلَتِهِ، فَيَبْقَى فِي قِدَحِهِ مَاءٌ، فَيُعِيدُهُ فِي إِدَاوَتِهِ، قَالَ: ''اجْعَلُوْنِي فِي اَوَّلِ الْحَدِيثِ وَاَوْسَطِهِ وَآخِرِهِ''

(شعب الایمان (۱۴۷۶))

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے سوار کے پیالہ کی طرح نہ بناؤ، عرض کیا: (یارسول اللہ!) سوار کا پیالہ کیا ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ اپنے سامان کو اپنی سواری پر رکھتا ہے پس اس کے پیالہ میں پانی باقی رہتا ہے تو وہ اس کو اپنے برتنوں میں ڈال دیتا ہے۔ پھر فرمایا: تم مجھے اپنی بات کے اول اور درمیان اور آخر میں بناؤ۔ (یعنی اپنی دعا کے اول اور درمیان اور آخر میں شامل کرو یعنی درود شریف پڑھو)۔

945 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْمَعَافِرِيُّ اَبُو الْقَاسِمِ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عِيسَى بْنِ صَالِحٍ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُطَرِّفِ بْنِ سَوَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ الرَّازِيُّ، اَبنا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، وَعَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ،

وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالُوا: اَبنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ، وَاللَّفْظُ لِمُوسَى قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ: ''لَا يَمْنَعَنَّ اَحَدَكُمْ مَهَابَةُ النَّاسِ اَنْ يَقُوْمَ بِالْحَقِّ اِذَا عَلِمَهُ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے (اور موسیٰ کے لفظ ہیں کہ) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اور اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا: ''لوگوں کا خوف تم میں سے کسی کو حق قائم کرنے سے نہ روکے۔ جب وہ اس حق کو جانتا ہو''۔

اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی کی ممانعت

946 اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ، تُرَابُ بْنُ عُمَرَ الْكَاتِبُ، اَبنا اَبُو اَحْمَدَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْمُفَسِّرِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، وَاَبُو خَيْثَمَةَ قَالَا: اَنا جَرِيْرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ النَّاسَ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي مِثْلِ مَقَامِي فَقَالَ: ''لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ فَاِنَّ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ''

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ''جابیہ'' کے مقام پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: بے شک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری مثل جگہ یعنی منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: کوئی مرد (کسی اجنبی) عورت کے ساتھ تنہائی اختیار نہ کرے۔ ورنہ ان دونوں کے ساتھ تیسرا شیطان ہوتا ہے۔

947 اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ، مَنْصُوْرُ بْنُ عَلِيِّ الْاَنْمَاطِيُّ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ مُوْسَى الْعَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَوْحٍ الْقَتِيْرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ نَجِيْحٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَيْثَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''لَا تُرْضِيَنَّ اَحَدًا بِسَخَطِ اللّٰهِ، وَلَا تَحْمَدَنَّ اَحَدًا عَلَى فَضْلِ اللّٰهِ، وَلَا تَذُمَّنَّ اَحَدًا عَلَى مَا لَمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ، فَاِنَّ رِزْقَ اللّٰهِ لَا يَسُوْقُهُ حِرْصُ حَرِيْصٍ، وَلَا يَرُدُّهُ عَنْكَ كَرَاهَةُ كَارِهٍ'' كَذَا فِي الْاَصْلِ: خَالِدُ بْنُ نَجِيْحٍ، وَهٰذَا اِنَّمَا يُرْوٰى عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ الْعُمَرِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ

(معجم الاوسط (۱۰۵۱۴) شعب الایمان (۲۰۴))

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو ناراض کر کے

ہرگز کسی کو راضی نہ کرنا اور اللہ تعالیٰ کے فضل پر کسی دوسرے کا شکر یہ ادا نہ کرے اور جو چیز اللہ کی مرضی سے تجھے نہ ملے اس پر کسی کی برائی نہ کرنا اور کسی حریص کا حرص کرنا' اللہ کے رزق کو تیرے پاس کھینچ کر نہیں لائے گا اور کسی بدخواہ کی بدخواہی اس کو تم سے واپس نہیں لوٹا دے گی۔

948 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثنا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، ثنا الْحَسَنُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيتَهَا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا''

(بخاری (۷۱۴۷، ۷۱۴۶، ۶۷۲۲) مسلم (۱۶۵۲) سنن ابی داؤد (۲۹۲۹) ترمذی (۱۵۲۹) سنن نسائی (۵۳۸۴))

ترجمہ: حضرت عبدالرحمان بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: تم حکومت نہ مانگو اگر تجھے بغیر مانگے مل جائے تو تیری اس پر مدد کی جائے گی۔ اور اگر تو نے مانگ کر لی تو تمہیں اس کے سپرد کیا جائے گا۔

949 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْخَصِيبُ، ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ قَاضِي عُكْبَرَا، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا الْمُؤَمَّلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ اَبِي اُمَيَّةَ بْنِ يَعْلَى الثَّقَفِيِّ، عَنْ اُمِّ عِيسٰى، عَنْ اُمِّ الْفُرَاتِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُونَ الْوَلَدُ غَيْظًا، وَالْمَطَرُ قَيْظًا، وَيَفِيضُ اللِّئَامُ فَيْضًا، وَيَغِيضُ الْكِرَامُ غَيْضًا، وَيَجْتَرِئُ الصَّغِيرُ عَلَى الْكَبِيرِ، وَاللَّئِيمُ عَلَى الْكَرِيمِ''

(معجم الاوسط (۶۴۲۷))

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: قیامت قائم نہیں ہوگی حتیٰ کہ بیٹا (والد پر) غضبناک ہوگا اور بارش کم ہو جائے گی اور کمینے لوگوں کی کثرت ہوگی اور عزت والے لوگ کم ہوں گے اور چھوٹا بڑے پر جرأت کرے گا اور کمینہ عزت والے پر جرأت کرے گا۔

مشورہ کرنے کا فائدہ

950 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا الْقَاضِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ

بُنْدَارٍ، ثنا اَبُوْ عَرُوبَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثنا النُّفَيْلِيُّ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَنْ يَهْلِكَ امْرُؤٌ بَعْدَ مَشُورَةٍ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۶۲۷۱)

ترجمہ: سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بندہ مشورہ کرنے کے بعد ہرگز ہلاک نہیں ہوگا۔

951 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ، صَالِحُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ رِشْدِيْنَ ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدٍ الصَّفَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْقَاضِيْ، بِحِمْصَ، سَنَةَ سَبْعٍ وَثَمَانِيْنَ وَمِئَتَيْنِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ السَّمْتِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ زَيْدٍ اَبُوْ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَنْ تَهْلِكَ الرَّعِيَّةُ وَاِنْ كَانَتْ ظَالِمَةً مُسِيئَةً اِذَا كَانَتِ الْوُلَاةُ هَادِيَةً مَهْدِيَّةً، وَلَنْ تَهْلِكَ الرَّعِيَّةُ وَاِنْ كَانَتْ هَادِيَةً مَهْدِيَّةً اِذَا كَانَتِ الْوُلَاةُ ظَالِمَةً مُسِيئَةً''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم ہرگز ہلاک نہیں ہوگی اگرچہ ظالم وگنہگار ہی ہو جب حکمران ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ ہو۔اور قوم کبھی ہلاک نہیں ہوگی جب وہ (خود) ہدایت یافتہ اور ہدایت دینے والی ہوگی اگرچہ حکمران ظالم ونافرمان ہی ہو۔

952 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحَايِرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ السَّقَطِيُّ، وَذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا ابْنُ مَنِيعٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ رَاشِدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ حَدِّثْنِي حَدِيثًا وَاجْعَلْهُ مُوجَزًا لَعَلِّي اَعِيهِ، فَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''صَلِّ صَلَاةَ مُوَدِّعٍ، كَاَنَّكَ لَا تُصَلِّي بَعْدَهَا، وَايْاَسْ مِمَّا فِي اَيْدِي النَّاسِ تَعِشْ غَنِيًّا، وَاِيَّاكَ وَمَا يُعْتَذَرُ مِنْهُ''

(معجم الاوسط (۴۴۲۷) معجم ابن عساکر (۳۲۳)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا: یا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے حدیث بیان کیجئے (یعنی مجھے وعظ فرمائیں) اور اس وعظ کو مختصر بیان کریں تاکہ میں

اس کو سمجھ سکوں۔تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو الوداع ہونے والے کی طرح نماز پڑھ' گویا کہ تو نے اس کے بعد نماز نہیں پڑھنی اور جو لوگوں کے ہاتھ میں ہے اس سے بے پرواہ ہو جا' تم خوشحالی کی زندگی بسر کرو گے اور ان چیزوں سے بچ کے رہنا جن کی وجہ سے (آدمی کو بعد میں) معذرت کرنی پڑتی ہے۔

منہ پر تعریف کرنا، ذبح کرنے کے مترادف ہے

953 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، قَالَ: ثنا الْعُطَارِدِيُّ، ثنا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَعْبَدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ، وَكَانَ قَلِيْلَ الْحَدِيْثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''وَاِيَّاكُمْ وَالْمَدْحَ، فَاِنَّهُ الذَّبْحُ''

ترجمہ: معبد جہنی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے سنا' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کم احادیث روایت کرتے تھے۔ (حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم تعریف سے بچو بے شک یہ ذبح کرنا ہے۔

وضاحت: کسی کے منہ پر اس کی تعریف کرنا ایسے ہی ہے جیسے اس کو ذبح کرنا ہے۔ اس لیے کسی کے منہ پر اس کی تعریف کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔

954 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ الصُّوْفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَتَّابٍ الزِّفْتِيُّ، ثنا هِشَامٌ يَعْنِي ابْنَ عَمَّارٍ، ثنا سَعِيْدٌ يَعْنِي ابْنَ يَحْيَى، ثنا زَكَرِيَّا، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَعْبَدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ'' قَالَ: ''وَاِيَّاكُمْ وَالْمَدْحَ فَاِنَّهُ الذَّبْحُ''

(مسند احمد (۱۶۹۰۳) شعب الایمان (۴۵۲۸))

ترجمہ: معبد نے حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اس کو دین میں سوجھ بوجھ عطا کرتا ہے اور فرمایا: تم تعریف سے بچو! بے شک یہ اس کو (جس کی تعریف اس کے منہ پر کی جاتی ہے) ذبح کرنا ہے۔

گناہوں کو معمولی نہ سمجھو

955 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ

جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَوْفُ بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ عَائِشَةَ، أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: ''يَا عَائِشَةُ إِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ، فَإِنَّ لَهَا مِنَ اللهِ طَالِبًا''

(مسند احمد (۲۵۱۷۷، ۲۴۴۱۵) سنن دارمی (۲۷۶۸) شعب الایمان (۶۸۷۵))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا: اے عائشہ! تم معمولی سمجھے جانے والے گناہوں سے بچو۔ بے شک اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کی باز پرس ہوگی۔

مشورہ کا فائدہ

956 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ أَبِي غَسَّانَ الْفَارِسِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى الشَّاهِدُ، ثنا بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الشَّافِعِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي عَوْفٍ، ثنا عِصْمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ سَلَمَةَ الْأُرْدُنِّيُّ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِيَّاكَ وَمُشَاوَرَةَ النَّاسِ، فَإِنَّهَا تُظْهِرُ الْعَرَّةَ وَتَدْفِنُ الْغُرَّةَ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں کے مشورہ کو خاص کر۔ بے شک یہ عیب کو ظاہر کرتا ہے اور دھوکہ کو دفن کرتا ہے۔

957 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْأَصْبَهَانِيُّ، أبنا أَبُو سَعِيدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَحْمَدَ الْفَقِيهُ التُّسْتَرِيُّ، بِهَا، وَأَبُو عَبَّادٍ ذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ التُّسْتَرِيُّ الصَّائِغُ قَالَا: ثنا أَبُو أَحْمَدَ الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ اللُّغَوِيُّ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ، ثنا الْوَاقِدِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي وَجْزَةَ يَزِيدَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''إِيَّاكُمْ وَخَضْرَاءَ الدِّمَنِ''، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، وَمَا خَضْرَاءُ الدِّمَنِ؟ قَالَ: ''الْمَرْأَةُ الْحَسْنَاءُ فِي الْمَنْبَتِ السُّوءِ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم (خَضْرَاءُ الدِّمَنِ) کوڑے کی سبزیوں سے بچو۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوڑے کی سبزیاں کیا ہیں؟

ارشاد فرمایا: وہ خوبصورت عورت جس کی نشوونما برے ماحول میں ہوئی ہو۔

قرض اور بدگمانی سے بچو

958 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْجِيْزِيُّ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَادَ بْنِ مِهْرَانَ، ثنا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ. ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ. اَخْبَرَنِي الْحَارِثُ بْنُ النَّبْهَانِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ. اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِيَّاكُمْ وَالدَّيْنَ. فَاِنَّهُ هَمٌّ بِاللَّيْلِ وَمَذَلَّةٌ بِالنَّهَارِ''

(شعب الایمان (۵۱۶۶))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قرض سے بچو، بے شک رات کو اس کے ساتھ پریشانی ہوتی ہے اور دن کو ذلت و رسوائی ہوتی ہے۔

وضاحت: مقروض شخص رات بھر فکرمند رہتا ہے کہ کب قرض ادا ہوگا اور دن کو اگر مقروض کو قرض ادا نہ کرنے پر قرض خواہ لوگوں کے سامنے حصب کرلے تو اس سے اس کی رسوائی اور بےعزتی ہوتی ہے۔

959 اَخْبَرَنَا خَلَفُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُقْرِئُ. اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الْوَرْدِ. اَبنا اَبُوْ يَزِيْدَ، يُوسُفُ بْنُ يَزِيْدَ الْقَرَاطِيسِيُّ. اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ. اَبنا مَالِكٌ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ. اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ. فَاِنَّهُ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ''

(بخاری (۶۰۶۶، ۶۰۶۴، ۵۱۴۳) مسلم (۲۵۶۳) ابو داؤد (۴۹۱۷) ترمذی (۱۹۸۸))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (بُرے) گمان سے بچو، بے شک گمان سب سے زیادہ جھوٹی بات ہے۔

مظلوم کی آہ سے بچو اگرچہ وہ کافر ہی کیوں نہ ہو

960 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ. اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ. ثنا عَبَّاسٌ هُوَ الدُّوْرِيُّ ثنا يَحْيَى، هُوَ ابْنُ مَعِيْنٍ. ثنا ابْنُ عُفَيْرٍ. ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الْغَفَّارِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عِيْسٰى، بَصَرِيٌّ سَمَّاهُ ابْنُهُ بِمِصْرَ عِنْدَ ابْنِ عُفَيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِيَّاكُمْ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ وَاِنْ كَانَ كَافِرًا. فَاِنَّهَا لَيْسَتْ لَهَا

حِجَابٌ دُونَ اللّٰهِ تَعَالٰی''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۹۳۷۱) حلیۃ الاولیاء، ج ۱، ص ۲۲۱

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم مظلوم کی پکار (بددعا) سے بچو۔ اگرچہ وہ کافر ہی کیوں نہ ہو۔ بے شک اس کی پکار کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک پہنچنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

بعض بیان جادو اور بعض شعر حکمت سے لبریز ہوتے ہیں

961 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ، هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ بُنْدَارٍ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى اَبِي عَرُوبَةَ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَوْدُودٍ قُلْتُ لَهُ: حَدَّثَكُمْ مُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ صُوحَانَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا وَاِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكَمًا، وَاِنَّ مِنَ الْقَوْلِ عِيَالًا، وَاِنَّ مِنْ طَلَبِ الْعِلْمِ جَهْلًا''

(سنن ابی داؤد (۵۰۱۲) شرح السنۃ، ج ۱۲، جلد ۳۶۵

ترجمہ: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بعض بیان جادو ہوتے ہیں اور بعض شعر حکمت ہوتے ہیں اور بعض قول بوجھ ہوتے ہیں اور بعض علم کا طلب کرنا' جہالت ہوتا ہے۔

وضاحت: بعض علم ایسے ہیں جن کا حاصل کرنا جہالت ہے جیسے جادو یا کوئی ایسا علم جس سے میاں بیوی کے درمیان جدائی کروائی جائے۔ یہ جہالت اور باعث ذلت ہیں۔

962 اَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا ابْنُ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُبَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكَمًا، وَاِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بعض شعر حکمت سے لبریز ہوتے ہیں اور بعض بیان جادو ہوتے ہیں۔

963 وَاَنَا الْقَاضِي اَبُو مَطَرٍ، عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَا اَبُو بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

خَرُوْفٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُوسُفَ، نا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ قَالَ: قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ، فَخَطَبَا، فَعَجِبَ النَّاسُ لِبَيَانِهِمَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا، اَوْ'' اِنَّ بَعْضَ الْبَيَانِ لَسِحْرٌ"

ترجمہ: زید بن اسلم، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ مشرق سے دو شخص آئے انہوں نے خطاب کیا تو لوگ ان دونوں کے خطاب سے بڑے متاثر ہوئے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک کچھ بیان جادو ہوتے ہیں یا (فرمایا) بے شک بعض بیان جادو ہیں۔

964 وَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، نا يَعْقُوبُ بْنُ الْمُبَارَكِ، نا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ، نا عَمْرُوْ بْنُ خَالِدٍ، وَيَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَا: نا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً''

ترجمہ: ہشام بن عروہ نے اپنے والد سے انہوں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بعض شعر حکمت ہوتے ہیں۔ (یعنی بعض اشعار حکمت سے بھرپور ہوتے ہیں۔)

965 اَنا اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعْدُوْنٍ الْمَوْصِلِيُّ، نا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، نا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً''

ترجمہ: ہشام بن عروۃ انہوں نے اپنے والد سے انہوں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بعض شعر حکمت ہوتے ہیں۔ (یعنی بعض اشعار حکمت سے بھرپور ہوتے ہیں۔)

966 نا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْفَارِسِيُّ، لَفْظًا مِنْ كِتَابِهِ، اَنا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الصُّوفِيُّ الْوَاعِظُ، نا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ يُوسُفَ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلِ بْنِ حَسَّانَ الْاَنْبَارِيُّ، اَخْبَرَنِي جَدِّي، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، نا اَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، يَرْفَعُهُ قَالَ: ''اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكَمًا، وَاِنَّ

مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا''

ترجمہ: ابو اسحاق نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک بعض شعر حکمت پر مبنی ہوتے ہیں اور بے شک بعض بیان، جادو ہوتے ہیں۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت، امت مرحومہ ہے

967 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ الْمَالِكِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ الْفَضْلِ الْفَقِيهُ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا اَبُوْ الْجَوَّابِ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اُمَّتِيْ اُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میری امت، امت مرحومہ ہے۔

968 اَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ الْمُقْرِئُ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، نَا عَمْرُوْ بْنُ عَلِيٍّ، نَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، نَا الْبَخْتَرِيُّ بْنُ الْمُخْتَارِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ، وَاَبَا بُرْدَةَ يُحَدِّثَانِ عَنْ اَبِيهِمَا يَعْنِي اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ اُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ، لَيْسَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ، جُعِلَ عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الْقَتْلُ وَالْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ''

(مسند احمد (۱۹۷۵۲، ۱۹۶۷۸) مسند رویانی (۵۰۵) معجم الاوسط (۴۰۵۵) شعب الایمان (۹۳۴۲))

ترجمہ: بختری بن مختار کہتے ہیں کہ میں نے ابوبکر اور ابو بردہ سے سنا اور یہ دونوں اپنے والد حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک یہ امت، امت مرحومہ ہے۔ آخرت میں ان پر عذاب نہیں ہے۔ زلزلوں، فتنوں اور قتل ہونے کو دنیا میں ان کے لیے عذاب بنا دیا گیا ہے۔

969 وَاَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُقْرِئُ اَنَا النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْبَزَّارُ، نَا عَمْرُوْ بْنُ عَلِيٍّ، نَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي مُوْسَى، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اُمَّتِيْ اُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ، لَيْسَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ، اِنَّمَا عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ''

(مسند احمد (۱۹۷۵۲، ۱۹۶۷۸، ۱۹۶۷۸) مسند رویانی (۵۰۵) معجم الاوسط (۴۰۵۵) شعب الایمان (۹۳۴۲))

ترجمہ: سعید بن ابو بردہ اپنے والد سے اور وہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میری امت، امت مرحومہ ہے۔ آخرت میں ان پر عذاب نہیں ہے۔ زلزلوں اور قتل ہونے کو دنیا میں ان کے لیے عذاب بنا دیا گیا ہے۔

970 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. اَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعْدٍ، عَمْرَو بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ، مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ يَقُوْلُ: لَمَّا دَخَلْتُ بُخَارَى فَفِي اَوَّلِ مَجْلِسٍ حَضَرْتُ مَجْلِسَ الْاَمِيرِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَحْمَدَ فِي جَمَاعَةٍ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ. فَذَكَرْتُ فِي حَضْرَتِهِ اَحَادِيثَ. فَقَالَ الْاَمِيرُ: حَدَّثَنَا اَبِيْ. نا يَزِيْدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اُمَّتِيْ اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ. . .'' الْحَدِيثَ. فَقُلْتُ: اَيَّدَ اللهُ الْاَمِيرَ. مَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ اَنَسٌ وَلَا حُمَيْدٌ وَلَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُونَ. فَسَكَتَ وَقَالَ: فَكَيْفَ؟ قُلْتُ: هٰذَا حَدِيثُ اَبِي مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، وَمَدَارُهُ عَلَيْهِ. فَلَمَّا قُمْنَا مِنَ الْمَجْلِسِ قَالَ اَبُوْ عَلِيٍّ صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ: يَا اَبَا بَكْرٍ جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا، فَاِنَّهُ قَدْ ذَكَرَ لَنَا هٰذَا الْاِسْنَادَ غَيْرَ مَرَّةٍ، وَلَمْ يَجْسُرْ وَاحِدٌ مِنَّا اَنْ يَرُدَّهُ عَلَيْهِ. قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ: اِنَّمَا اَرَادَ الْاَمِيرُ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَحْمَدَ حَدِيثَ يَزِيْدَ بْنِ هَارُونَ عَنِ الْمَسْعُودِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوْسَى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قُلْتُ وَحَدِيثُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرِ بْنِ الْفَضْلِ الْفَقِيْهِ الَّذِي رُوِّيْنَاهُ يَنْتَهِي اِلَى حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ. وَهٰذَا حَدِيثٌ خَرَّجَهُ شَيْخُنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْغَنِيِّ فِي كِتَابٍ جَمَعَ فِيْهِ الصَّحِيحَ مِنْ حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ عَلَى شَرْطِ صَحِيحَيْ مُسْلِمٍ وَالْبُخَارِيِّ. فَاَمَّا حَدِيثُ الْمَسْعُودِيِّ فَقَدْ رُوِّيْنَاهُ مِنْ طَرِيقِ الْبَزَّارِ

ترجمہ: عمرو بن محمد بن منصور کہتے ہیں کہ میں نے ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ کو کہتے ہوئے سنا کہ جب میں سب سے پہلے بخارا شہر میں داخل ہوا تو میں امیر کی مجلس میں حاضر ہوا، تو امیر اسماعیل بن احمد اہل علم کی ایک جماعت میں تھے۔ میں نے ان کی موجودگی میں احادیث کا ذکر کیا، تو امیر نے کہا مجھے میرے والد نے یزید بن ہارون سے، حمید سے، ان کو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میری اُمت، اُمت مرحومہ ہے''۔

میں نے دعا کی، اللہ تعالیٰ امیر کی مدد فرمائے۔ اس نے یہ حدیث انس، حمید، یزید بن ہارون سے روایت نہیں کی۔ تو وہ خاموش ہو گئے اور کہا: کیسے؟ میں نے کہا کہ یہ حدیث حضرت ابوموسیٰ اشعری سے روایت ہے اور اس پر ہی اس کا مدار ہے۔ جب ہم مجلس سے اٹھے تو ابوعلی صالح بن محمد بغدادی نے کہا: اے ابوبکر! اللہ تعالیٰ تجھے جزائے خیر دے اس نے کئی مرتبہ ہمارے سامنے یہ روایت اس سند کے ساتھ بیان کی، لیکن ہم میں سے کسی کو یہ جرأت نہ ہوئی کہ وہ اس کی تردید کرے۔

حسن عہد ایمان سے ہے

971 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ رُسْتُمَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''وَذَكَرَ حَدِيثًا، وَفِيهِ اِنَّ حُسْنَ الْعَهْدِ مِنَ الْاِيمَانِ''

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور (پھر راوی نے) حدیث کا ذکر کیا جس میں (یہ الفاظ بھی) تھے۔ ''بے شک حسن عہد ایمان سے ہے''۔

دوستی کا احترام کرنا ایمان سے ہے

972 وَاَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُذْفُوِيُّ، اَنَا اَبُو الطَّيِّبِ الْجُرَيْرِيُّ، اِجَازَةً، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ الطَّبَرِيُّ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوخِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ يَمَانٍ الصَّنْعَانِيُّ، بِالرُّهَا، نا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ عَجُوزٌ تَأْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُسَرُّ بِهَا وَيُكْرِمُهَا، فَقُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، اِنَّكَ لَتَصْنَعُ بِهٰذِهِ الْعَجُوزِ شَيْئًا مَا تَصْنَعُهُ بِاَحَدٍ؟، قَالَ: ''اِنَّهَا كَانَتْ تَأْتِينَا عِنْدَ خَدِيجَةَ، اَمَا عَلِمْتِ اَنَّ كَرَمَ الْوُدِّ مِنَ الْاِيمَانِ''

(شعب الایمان (۸۷۰۰)

ترجمہ: اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک بڑھیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا کرتی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے بہت خوش ہوا کرتے تھے اور اس کی عزت کرتے تھے۔ میں نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بڑھیا کے ساتھ خاص سلوک کرتے ہیں جو دوسروں کے ساتھ نہیں کرتے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ہمارے ہاں (بیوی) خدیجہ کے پاس

آیا کرتی تھی (یعنی یہ ان کی سہیلی ہے)۔ کیا تم نہیں جانتی ہو؟ کہ دوستی کا احترام کرنا ایمان سے ہے۔

اچھا گمان عبادت ہے

973 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمَالِكِيُّ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ. ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا عَفَّانُ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ شُتَيْرِ بْنِ نَهَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ''

(مسند احمد (٧٩٥٦، ٨٠٣٦) معجم ابن الاعرابی (١١٠٧)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک حسن ظن (اچھا گمان) حسن عبادت سے ہے۔

974 اَنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، نا اَبُوْ سَعِيْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، نا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي الْحَجْمِ، نا عَمْرُوْ بْنُ مَرْزُوْقٍ، اَنا صَدَقَةُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ شُتَيْرِ بْنِ نَهَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ''

(مسند احمد (٧٩٥٦، ٨٠٣٦) معجم ابن الاعرابی (١١٠٧)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک حسن ظن (اچھا گمان) حسن عبادت سے ہے۔

علماءانبیاء کے وارث

975 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ التَّمِيْمِيُّ، اَبنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقِ بْنِ دِيْنَارٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ جَمِيْلٍ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ''

(ترمذی (٢٦٨٢) ابن ماجہ (٢٢٣) ابن حبان (٨٨)

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بے شک علماءانبیاء کے وارث ہیں۔

976 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ. اَبنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ، اَبنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْغِفَارِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ الدِّينَ يُسْرٌ، وَلَنْ يُشَادَّ هٰذَا الدِّينَ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبَهُ، فَسَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَاسْتَعِينُوا بِالْغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَيْءٍ مِنَ الدُّلْجَةِ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک یہ دین آسان ہے۔ جو شخص بھی اس میں سختی پیدا کرنے کی کوشش کرے گا یہ دین اس پر غالب آ جائے گا۔ تم لوگ ٹھیک رہو، میانہ روی اختیار کرو، صبح و شام اور رات کی تاریکی میں (نوافل ادا کر کے) مدد حاصل کرو۔

977 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ، اَبنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوبَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''.. وَذَكَرَ حَدِيثًا وَفِيهِ'' اِنَّ دِيْنَ اللّٰهِ الْحَنِيفِيَّةُ السَّمْحَةُ"

(معجم اوسط (۷۹۴) شعب الایمان (۲۵۳۴))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (اور پھر راوی نے حدیث پاک کا ذکر کیا جس میں یہ تھا) بے شک اللہ تعالیٰ کا دین ہر باطل سے پاک ہے جس میں کوئی تنگی نہیں ہے۔

صلہ رحمی ثواب میں بڑی نیکی ہے

978 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، قَالَ: ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ التِّرْمِذِيُّ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنِ ابْنِ عُلَاثَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اَعْجَلَ الطَّاعَةِ ثَوَابًا صِلَةُ الرَّحِمِ''

(معجم اوسط (۱۰۹۲) شعب الایمان (۷۶۰۱) صحیح ابن حبان (۴۴۰))

ترجمہ: ان کو ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثواب کے اعتبار سے زیادہ جلدی

والی اطاعت (قبول ہونے والی نیکی) صلہ رحمی ہے۔

حکمت، شرافت کو زیادہ کرتی ہے

979 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ، اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ. ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَسَنٍ الْاَعْسَمُ. ثنا يُوْسُفُ بْنُ مُسْلِمٍ. ثنا عَمْرُوْ بْنُ حَمْزَةَ. ثنا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''وَذَكَرَ حَدِيْثًا وَفِيْهِ'' اِنَّ الْحِكْمَةَ تَزِيْدُ الشَّرِيْفَ شَرَفًا"

(حلیہ الاولیاء ج۶ ص ۱۷۳ - ترتیب الامالی الخمیسیۃ للشجری (۳۱۰)

1447 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا الْحَجَبِيُّ، ثنا سَلَّامُ بْنُ [ص:321] اَبِي الصَّهْبَاءِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَوْ لَمْ تُذْنِبُوا الْخَشِيتُ عَلَيْكُمْ مَا هُوَ اَشَدُّ مِنْ ذٰلِكَ الْعُجْبَ الْعُجْبَ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم سے گناہ سرزد نہ ہوئے ہوتے تو مجھے تم پر جو خوف تھا وہ اس عجب پسندی سے زیادہ سخت ہوتا۔

اللہ تعالیٰ بندے کے گمان کے ساتھ ہے

1448 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا يَعْقُوبُ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّرْحِ ح وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَبنا اَبُو غَسَّانَ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ ذَكْوَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي، وَاَنَا مَعَ عَبْدِي اِذَا ذَكَرَنِي"

(بخاری (۷۵۰۵، ۷۴۰۵) مسلم (۲۶۷۵) جامع ترمذی (۳۶۰۳) مسند احمد (۱۰، ۹۳۵۱، ۸۱۷۸، ۷۴۲۲، ۱۰۷۰۴، ۱۰۶۸۴، ۲۵۳) مسند البزار (۹۲۱۸، ۹۱۴۲)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میں اپنے بندے کے گمان کے پاس ہوتا ہوں جو میرے متعلق ہے اور جب وہ میرا ذکر کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔

اللہ کے لیے باہمی محبت کرنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی محبت لازم ہوگی

1449 اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ تُرَابُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عُبَيْدٍ، اَبنا اَبُو الْقَاسِمِ حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِنَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَابِرٍ الْقَطَّانُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، ثنا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، حَدَّثَنِي اَبُو حَازِمٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " قَالَ اللهُ تَعَالَى: وَجَبَتْ مَحَبَّتِي لِلْمُتَحَابِّينَ فِيَّ وَالْمُتَزَاوِرِينَ فِيَّ"

(موطا مالک عبدالباقی (۶) مسند احمد (۲۲۱۳۱، ۲۲۰۳۰) شرح مشکل الاثار (۳۸۹۱) مسند الشاشی (۱۳۸۴، ۱۳۸۳، ۱۳۸۱) معجم الاوسط (۵۶۹۵) معجم الکبیر طبرانی (۱۵۰) مستدرک للحاکم (۷۳۱۴) حلیۃ الاولیا ج۵ص۱۲۷۔ شعب الایمان (۸۵۶۹)

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرا محبت کرنا واجب ہوگیا ان لوگوں کے ساتھ' جو میرے لیے محبت کرتے ہیں اور میرے لیے آپس میں مل کر بیٹھتے ہیں۔

1450 اَنا اَبُو اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْغَازِي، نا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمَوْتِ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي حَازِمِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " قَالَ اللهُ تَعَالَى: . وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اور (پھر راوی نے) اس روایت کا مختصر ذکر کیا۔

کلمہ توحید کی فضیلت

1451 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْاِمَامُ، اِمَامُ مَسْجِدِ عَبْدِ اللهِ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ غِيَاثٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنِي اَبِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنِي اَبِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَقُولُ اللهُ تَعَالَى: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ حِصْنِي فَمَنْ دَخَلَهُ

اٰمِنَ عَذَابِیْ"

(ترتیب الامالی الخمیسیة للشجری (۱۶۹۳) معجم ابن عساکر (۸۴۵)

ترجمہ: امام علی رضا نے امام موسیٰ کاظم، امام جعفر صادق، امام باقر، امام زین العابدین، حضرت امام حسین (رضی اللہ عنہم) کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے، حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ کلمہ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) میرا قلعہ ہے پس جو اس میں داخل ہو گیا وہ میرے عذاب سے امن پا گیا۔

ظالم پر خدا کا غضب زیادہ ہوتا ہے

1452 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحَارِثِيُّ، اَبنا اَبُوْ الْفَرَجِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَهْرَيَارَ التَّاجِرُ، وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رِيْذَةَ قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّخَعِيُّ الْكُوفِيُّ الْقَاضِيْ، ثنا مِسْعَرُ بْنُ الْحَجَّاجِ النَّهْدِيُّ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَقُوْلُ اللّٰهُ: اشْتَدَّ غَضَبِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَ مَنْ لَا يَجِدُ نَاصِرًا غَيْرِيْ " قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا شَرِيْكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مِسْعَرٌ

(معجم الصغير للطبرانی (۷۱)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرا غضب اس بندہ پر سخت ہوتا ہے، جس نے اس شخص پر ظلم کیا جو میرے علاوہ کوئی مددگار نہیں پاتا۔

1453 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَرَوِيُّ وَاَبُوْ الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ وَزِيْرٍ قَالَا: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الصُّوْفِيُّ، اَبنا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الرَّازِيُّ قَالَ: ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ دَاوُدَ الْبَلْخِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، ثنا مَنْصُوْرٌ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: يَا دُنْيَا مُرِّيْ عَلٰى اَوْلِيَائِيْ، لَا تَحْلَوْلِيْ فَتَفْتِنِيْهِمْ "

(المجالسة وجواهر العلم (۲۹۴۲) حلیۃ الاولیاء ج۵ ص۹۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ

فرماتے ہیں،اے دنیا! تومیرے دوستوں پر کڑوی ہوجا۔تو میرے (دوستوں) پر میٹھی نہ ہونا۔ورنہ تو ان کو فتنہ میں مبتلا کرڈالے گی۔

1454 اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ الْغَازِي قِرَاءَةً عَلَيْهِ بِمَكَّةَ، ثنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عِصْمَةَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْمُعَدِّلُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَنْصُورٍ الْمُذَكِّرُ، قَالَا: ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ مُعَاذٍ الْبَلْخِيُّ، ثنا الْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، ثنا مَنْصُورٌ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَقُوْلُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلدُّنْيَا: يَا دُنْيَا اخْدُمِي مَنْ خَدَمَنِيْ، وَاَتْعِبِي يَا دُنْيَا مَنْ خَدَمَكِ"

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کریم نے دنیا کو مخاطب کر کے فرمایا: اے دنیا! تو خدمت کر اس کی جو میری فرمانبرداری کرے اور تو اس کو مشقت میں ڈال دے جو تیری خدمت کرے۔

1455 اَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ طٰهٰ، بِدِمَشْقَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ السِّقَاءِ، نَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ، نَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، نَا صَفْوَانُ بْنُ اَبِي الصَّهْبَاءِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَتِيْقٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَقُوْلُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ:..
''مَنْ شَغَلَهُ ذِكْرِي عَنْ مَسْاَلَتِيْ اَعْطَيْتُهُ اَفْضَلَ مَا اُعْطِي السَّائِلِيْنَ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۹۲۷۱-۲۹۲۷۳) حلیہ الاولیا، ج۷ ص۳۱۳۔ شعب الایمان (۳۷۸۶، ۵۶۹، ۵۶۸، ۵۶۷) معجم ابن عساکر (۳۰۱، ۵۲۷)

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: جس شخص کو میرا ذکر مصروف و مشغول کردے مجھ سے سوال کرنے اور مانگنے سے میں اسے عطا کرتا ہوں اس سے بھی بہتر جو میں مانگنے والوں کو عطا کرتا ہوں۔

1456 اَخْبَرَنَا الْمُحْسِنُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي الْكِرَامِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: ثنا صَدَقَةُ، عَنْ هِشَامٍ الْكِنَانِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ جِبْرِيْلَ، عَلَيْهِ السَّلَامُ،

عَنِ اللّٰهِ، تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَالَ: "يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: مَنْ اَهَانَ لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْمُحَارَبَةِ، وَمَا رَدَدْتُ فِي شَيْءٍ اَنَا فَاعِلُهُ مَا رَدَدْتُ فِي قَبْضِ نَفْسِ عَبْدِي الْمُؤْمِنِ، يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَاَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ، وَلَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ"

(معجم الاوسط (۹۳۵۲، ۶۰۹) معجم الکبیر طبرانی (۷۸۸۰) حلیه الاولیاء ج ۱ ص ۱۱، ج ۸ ص ۳۱۸۔ شرح السنة (۱۲۴۹))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے، انہوں نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے روایت کیا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: جس نے میرے کسی ولی کی توہین کی اس نے میرے ساتھ جنگ کا اعلان کیا، اور میں جس کام کو کرنے والا ہوں اس کے کرنے میں ایسا تردد نہیں کرتا جیسا تردد میں اپنے بندہ مومن کی جان قبض کرنے میں کرتا ہوں، کیونکہ وہ بندہ موت کو ناپسند کرتا ہے اور میں اس کی رنجیدگی کو ناپسند کرتا ہوں۔ لیکن اس بندے کے لئے موت کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے۔

1457 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، نَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ، نَا عَبَّادُ بْنُ مُوْسَى الْخُتُلِّيُّ، نَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: مَنْ آذٰى لِي وَلِيًّا فَقَدِ اسْتَحَلَّ مُحَارَبَتِي، وَمَا تَقَرَّبَ اِلَيَّ عَبْدٌ بِمِثْلِ اَدَاءِ فَرَائِضَ، وَاِنَّ عَبْدِي لَيَتَقَرَّبُ اِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰى اُحِبَّهُ، اِنْ دَعَانِي اَجَبْتُهُ، وَاِنْ سَاَلَنِي اَعْطَيْتُهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيْءٍ اَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي عَنْ مَوْتِهِ، لِاَنَّهُ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَاَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ"

(مسند ابی یعلی موصلی (۷۰۸۷) حلیه الاولیاء ج ۱ ص ۵، ۴۔ الترغیب فی الاعمال لابن شاهین (۲۸۶) مسند احمد (۲۶۰۷۱))

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: جس نے میرے ولی کو اذیت پہنچائی اس نے میرے ساتھ جنگ کو حلال کر لیا اور میرا بندہ فرائض کی ادائیگی کی مثل، کسی چیز سے میرا تقرب حاصل نہیں کرتا اور بندہ ہمیشہ نوافل سے میرا قرب حاصل کرتا ہے حتیٰ کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں، اگر وہ مجھ سے سوال کرے تو میں اس کو عطا کرتا ہوں، اگر وہ مجھ سے دعا کرے تو میں اس کو قبول کرتا ہوں، اور میں جس کام کو کرنے والا ہوں اس کے کرنے میں ایسا تردد نہیں کرتا جیسا تردد میں اس بندہ کی وفات میں کرتا ہوں، کیونکہ وہ بندہ موت کو ناپسند کرتا ہے اور میں اس کی رنجیدگی کو ناپسند کرتا ہوں۔

1458 اَخْبَرَنَا اَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْحَرَّانِيُّ السُّكَّرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ هُوَ ابْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى نَادٰى مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ بِمِائَةِ اَلْفٍ وَاَرْبَعِينَ اَلْفِ كَلِمَةٍ وَصَايَا كُلُّهَا، فَكَانَ فِيمَا نَاجَاهُ اَنْ قَالَ لَهُ: يَا مُوسٰى اِنَّهُ لَمْ يَتَصَنَّعِ الْمُتَصَنِّعُونَ لِي بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا، وَلَمْ يَتَقَرَّبِ الْمُتَقَرِّبُونَ بِمِثْلِ الْوَرَعِ عَمَّا حَرَّمْتُ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يَتَعَبَّدِ الْمُتَعَبِّدُونَ بِمِثْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خِيفَتِيْ" مُخْتَصَرٌ

(معجم الاوسط (۳۹۳۷) معجم الکبیر طبرانی (۱۲۶۵۰) الترغیب فی الفضائل لابن شاہین (۲۲۷)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ایک لاکھ چالیس ہزار کلمات کے ساتھ ندا دی' یہ تمام کلمات نصیحتوں پر مشتمل تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان سے جو فرمایا ان میں ایک بات یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: اے موسیٰ! میرے لئے کوئی کام کرنے والوں نے دنیا سے بے رغبتی جیسا کوئی کام نہیں کیا اور میرا قرب حاصل کرنے والوں نے پرہیزگاری جیسی کسی چیز سے قرب حاصل نہیں کیا' جو پرہیز ان چیزوں سے۔ وجنہیں میں نے ان کے لئے حرام قرار دیا ہے اور عبادت کرنے والوں نے میرے خوف کی وجہ سے رونے جیسی کوئی عبادت نہیں کی۔

1459 وَاَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، نا اَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ خَلَّادٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، نا اَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ، نا اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، بِاِسْنَادِهِ وَقَالَ: "يَا مُوسٰى اِنَّهُ لَمْ يَتَصَنَّعِ الْمُتَصَنِّعُونَ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا، وَلَمْ يَتَقَرَّبِ الْمُتَقَرِّبُونَ بِمِثْلِ الْوَرَعِ عَمَّا حَرَّمْتُ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يَتَعَبَّدِ الْمُتَعَبِّدُونَ بِمِثْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خِيفَتِيْ"

(معجم الاوسط (۳۹۳۷) معجم الکبیر طبرانی (۱۲۶۵۰) الترغیب فی الفضائل لابن شاہین (۲۲۷)

ترجمہ: جویبر نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ اے موسیٰ! میرے لئے کوئی کام کرنے والوں نے دنیا سے بے رغبتی جیسا کوئی کام نہیں کیا اور میرا قرب حاصل کرنے والوں نے پرہیزگاری جیسی کسی چیز سے قرب حاصل نہیں کیا' جو پرہیز ان چیزوں سے ہو جنہیں میں نے ان کے لئے حرام قرار دیا ہے اور عبادت کرنے والوں نے میرے خوف کی وجہ سے رونے جیسی کوئی عبادت نہیں کی۔

1460 وَاَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْجِيزِيُّ، اَنا اَبُو عَمْرٍو زَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، نا اَحْمَدُ

بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَا عَمِّي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي الْمَاضِي بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، بِإِسْنَادِهِ: ''إِنَّهُ لَمْ يَتَصَنَّعِ الْمُتَصَنِّعُونَ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا، وَلَمْ يَتَقَرَّبِ الْمُتَقَرِّبُونَ بِمِثْلِ الْوَرَعِ عَمَّا حَرَّمْتُ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يَتَعَبَّدِ الْمُتَعَبِّدُونَ بِمِثْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خِيفَتِي''

(معجم الاوسط (۳۹۳۷) معجم الکبیر طبرانی (۱۲۶۵۰) الترغیب فی الفضائل لابن شاہین (۲۲۷))

ترجمہ: ماضی بن محمد نے جویبر سے، اس نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ میرے لئے کوئی کام کرنے والوں نے دنیا سے بے رغبتی جیسا کوئی کام نہیں کیا اور میرا قرب حاصل کرنے والوں نے پرہیز گاری جیسی کسی چیز سے قرب حاصل نہیں کیا' جو پرہیز ان چیزوں سے ہو جنہیں میں نے ان کے لئے حرام قرار دیا ہے اور عبادت کرنے والوں نے میرے خوف کی وجہ سے رونے جیسی کوئی عبادت نہیں کی۔

سخاوت اور حسن اخلاق کے ساتھ دین کی تعظیم کرو

1461 اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَزِيدَ الْاُمَوِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّيَ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ يَقُولُ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: هٰذَا دِينٌ ارْتَضَيْتُهُ لِنَفْسِي، وَلَنْ يُصْلِحَهُ إِلَّا السَّخَاءُ وَحُسْنُ الْخُلُقِ، فَأَكْرِمُوهُ بِهِمَا مَا صَحِبْتُمُوهُ"

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۳۹،۵۵۹) شعب الایمان (۱۰۳۶۸))

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: بے شک اس دین کو میں نے اپنے لیے پسند فرمایا تھا (کہ میرا دین، دین الٰہی کہلائے) اس کو سخاوت اور حسن خلق کے علاوہ کوئی چیز درست نہیں کرسکتی۔ لہٰذا اس دین کی تعظیم انہیں دو صفات کے ساتھ کرو جب تک تم اس کو اپنائے رکھو۔

مصیبت پر صبر کرنے کا فائدہ

1462 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ اَحْمَدَ الْمُقْرِئُ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الضَّرَّابُ، ثنا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مَرْوَانَ الْمَالِكِيُّ، ثنا اَبُو إِسْمَاعِيلَ التِّرْمِذِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَ: ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْجَهْمِ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جِبْرِيلَ، عَلَيْهِ السَّلَامُ، عَنِ اللهِ، تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَالَ: ''إِذَا وَجَّهْتُ إِلَى عَبْدٍ مِنْ عَبِيدِي مُصِيبَةً فِي بُدْنِهِ أَوْ مَالِهِ أَوْ وَلَدِهِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ ذَلِكَ بِصَبْرٍ جَمِيلٍ اسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنْ أَنْصِبَ لَهُ مِيزَانًا أَوْ أَنْشُرَ لَهُ دِيوَانًا''

(المجالسة وجواهر العلم (۱۰۱)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے انہوں نے اللہ تعالیٰ سے روایت کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب میں اپنے بندوں میں سے کسی بندے کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ وہ اپنے بدن، مال اور اولاد کی وجہ سے کسی مصیبت میں مبتلا ہے اور وہ اس کا صبر جمیل کے ساتھ سامنا کرتا ہے تو مجھے ایسے بندے کے لیے قیامت کے دن میزان نصب کرنے اور نامہ اعمال کھولنے سے شرم آتی ہے۔

عظمت وکبریائی اللہ تعالیٰ کی چادر ہیں

1463 أَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْكَاتِبُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَمْدُونٍ بِبَالِسَ، حَدَّثَنِي عَمِّي إِبْرَاهِيمُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَقُولُ اللهُ تَعَالَى: الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ إِزَارِي، فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا أَلْقَيْتُهُ فِي النَّارِ "

(سنن ابی داؤد (۴۰۹۰) سنن ابن ماجه (۴۱۷۴،۴۱۷۵) مسند الحمیدی (۱۱۴۳) مسند احمد (۹۹۰۳،۹۵۰۸،۹۳۵۹،۸۸۹۴،۷۳۸۲) مسند البزار (۵۱۰۶۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اللہ تعالیٰ نے ارشادفرمایا: تکبر میری چادر ہے عظمت میرا تہبند ہے جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں بھی میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کرے گا میں اسے دوزخ میں ڈالوں گا۔

1464 وَأَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأُدْفُوِيُّ، أَنَا أَبُو الطَّيِّبِ أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ إِجَازَةً، نا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، نا أَبُو كُرَيْبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: ثنا ابْنُ فُضَيْلٍ، نا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي

مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَبِّهِ، تَعَالٰى قَالَ: ''اَلْعَظَمَةُ اِزَارِى وَالْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا اَلْقَيْتُهُ فِي جَهَنَّمَ''

(سنن ابی داؤد (۴۰۹۰) سنن ابن ماجه (۴۱۷۵، ۴۱۷۴) مسند الحمیدی (۱۱۸۳) مسند احمد (۹۹۰۳، ۹۵۰۸، ۹۳۵۹، ۸۸۹۴، ۷۳۸۲) مسند البزار (۱۰۶۱: ۵)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تکبر میری چادر ہے عظمت میرا تہبند ہے جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں بھی میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کرے گا میں اسے دوزخ میں ڈالوں گا۔

1465 نا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْفَارِسِيُّ، لَفْظًا مِنْ كِتَابِهِ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ، نا يُوسُفُ اَبُوْ يَعْقُوبَ الْاَنْبَارِيُّ، نا جَدِّي، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَفَعَهُ سُفْيَانُ مَرَّةً اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَقَفَهُ مَرَّةً اُخْرٰى عَلٰى اَبِي هُرَيْرَةَ: " قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ اِزَارِى فَمَنْ نَازَعَنِي فِيهِمَا اُلْقِهِ فِي النَّارِ "

(سنن ابی داؤد (۴۰۹۰) سنن ابن ماجه (۴۱۷۵، ۴۱۷۴) مسند الحمیدی (۱۱۸۳) مسند احمد (۸۸۹۴، ۷۳۸۲، ۹۹۰۳، ۹۵۰۸، ۹۳۵۹) مسند البزار (۱۰۶۱ :۵)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت منقول ہے جو ایک سند کے ساتھ مرفوع حدیث کے طور پر اور ایک سند کے ساتھ موقوف حدیث کے طور پر منقول ہے۔

اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: تکبر میری چادر ہے اور عظمت میرا تہبند ہے' جس نے ان دونوں کے بارے میں میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کی میں اسے دوزخ میں ڈالوں گا۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزوں سے اللہ کی پناہ مانگی

1466 اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِي، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اَحْمَدَ الرُّعَيْنِيُّ الصَّفَّارُ، ثنا اَبُوْ يَعْقُوبَ يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثنا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ حَفْصٍ، هُوَ ابْنُ عَمْرٍو ابْنُ اَخِي اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰؤُلَاءِ

الْاَرْبَعِ''

(مسلم(۲۷۲۲) سنن ابی داؤد(۱۵۴۸) سنن نسائی(۵۵۳۷،۵۵۳۶،۵۴۷۰،۵۴٦۷،۵۴۴۲،۵۴۴۹) سنن ابن ماجه(۲۵۰،۳۸۳۷،۳۸۴۳)مسند ابی داؤد طیالسی(۲۱۱۹،۲۴۴۲)مصنف ابن ابو شیبه(۲۹۱۲٦،۲۹۱۲۸،۳۴۳۵۸) مسند احمد(۱۴۰۲۳،۱۳٦۷۴،۹۸۲۹،۸۷۷۹،۸۴۸۸،٦۵۵۷)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا تھی۔ اے اللہ عزوجل! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور ایسے دل سے جو نہ ڈرے اور ایسی دعا سے جو نہ سنی جائے اور ایسے نفس سے جو سیراب نہ ہو، ان چار چیزوں کے شر سے، میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔

1467 وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، انا خَلَفُ بْنُ خَلِيْفَةَ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ، وَقَالَ فِي آخِرِهِ: ''اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ''

ترجمہ: سعید بن منصور نے ہمیں بیان کیا کہ خلف بن خلیفہ نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل نقل کیا اور اس کے آخر میں دعا کے یہ الفاظ نقل کیے: اے اللہ عزوجل! بے شک میں تیری پناہ میں آتا ہوں ان چار کے شر سے''۔

1468 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكَاتِبُ، ثنا اَبُو الْقَاسِمِ الْبَغَوِيُّ، ثنا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: ''اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَعَمَلٍ لَا يُرْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَقَوْلٍ لَا يُسْمَعُ''

(مسلم(۲۷۲۲) سنن ابی داؤد(۱۵۴۸) سنن نسائی(۵۵۳۷،۵۵۳٦،۵۴۷۰،۵۴٦۷،۵۴۴۲) سنن ابن ماجه(۲۵۰،۳۸۳۷،۳۸۴۳)مسند ابی داؤد طیالسی(۲۱۱۹،۲۴۴۲)مصنف ابن ابو شیبه(۲۹۱۲٦،۲۹۱۲۸،۳۴۳۵۸) مسند احمد(۱۴۰۲۳،۱۳٦۷۴،۹۸۲۹،۸۷۷۹،۸۴۸۸،٦۵۵۷)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے: اے اللہ! میں اس علم سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو نفع نہ دے اور ایسے عمل سے جو اوپر نہ لے جایا جائے اور اس دل سے جو نہ ڈرے اور اس بات سے جو سنی نہ جائے۔

1469 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، انبا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُسْلِمٌ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: مَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْتِيْ صَبَاحًا اِلَّا رَفَعَ

بَصَرَهُ اِلَى السَّمَاءِ وَقَالَ: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ، اَوْ اَذِلَّ اَوْ اُذَلَّ، اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ، اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ''

(سنن ابی داؤد (۵۰۹۴) الدعاللطبرانی (۴۱۹،۴۱۳،۴۱۲) معجم الاوسط (۲۳۸۳) معجم الکبیر (۱۱،۲۶،۷۲۶))

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں ایک صبح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر سے نکلے اس حال میں کہ آپ اپنی نظر کو آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے تھے۔ اور یہ دعا کر رہے تھے، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں، اس سے کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کیا جاؤں، میں رسوا ہو جاؤں یا رسوا کیا جاؤں، میں ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں، میں جاہل بنوں یا جاہل بنادیا جاؤں۔

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ دعا سکھائی

1470 اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمَوْتِ الْمَكِّيُّ، اِمْلَاءً، ثنا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا يُوْسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ عَبْدُ الْحَكَمِ بْنُ مَيْمُوْنٍ يَعُوْدُنِي فَاَخْبَرَنِي اَنَّهُ، دَخَلَ مَعَ ثَابِتٍ عَلَى اَنَسٍ فَحَدَّثَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ شَاكٍ فَقَالَ لَهُ: ''قُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ، وَصَبْرًا عَلَى بَلِيَّتِكَ، وَخُرُوْجًا مِنَ الدُّنْيَا اِلَى رَحْمَتِكَ''

(الدعاللطبرانی (۱۴۵۲) معجم الاوسط (۹۶۹) مستدرک (۱۹۱۷) الدعوات الکبیر (۲۲۳))

ترجمہ: یوسف بن عطیہ نے کہا کہ عبدالحکم بن میمون میری عیادت کے لیے میرے پاس تشریف لائے انہوں نے کہا کہ وہ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے کہ تو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو حدیث بیان کی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اس حال میں کہ وہ بیمار تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! تم یہ دعا کرو: یا اللہ عزوجل! میں تجھ سے جلدی صحت یابی کا سوال کرتا ہوں اور آزمائش پر صبر کا اور دنیا سے تیری رحمت کی طرف نکلنے کا سوال کرتا ہوں۔

جب بھی کوئی کام کرنے کا ارادہ ہو تو یہ دعا پڑھیں

1471 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا يُوْسُفُ بْنُ اَحْمَدَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْعُقَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْمُعَيْطِيُّ، ثنا زَنْفَلُ الْعُرَفِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَدْعُوْ بِھٰذَا الدُّعَاءِ: ''اَللّٰھُمَّ خِرْ لِیْ وَاخْتَرْ لِیْ''

(ترمذی (۳۵۱۶) مسند البزار (۵۹) مسند ابی یعلی (۴۴) مکارم الاخلاق للخرائطی (۱۵ ۹) شعب الایمان (۲۰۰) شرح السنۃ (۱۰۱۷)

ترجمہ: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (جب کسی کام کا ارادہ فرماتے تو) یہ دعا فرماتے: اے اللہ! اسے میرے لیے بہتر کر دے اور اختیار فرما لے۔

آئینہ دیکھنے کی دعا

1472 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَیْسَرَانِیُّ، ثنا الْخَرَائِطِیُّ، ثنا عَلِیُّ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُحَاضِرُ بْنُ الْمُوَرِّعِ، قَالَ: ثنا عَاصِمٌ، عَنْ عَوْسَجَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی الْھُذَیْلِ، عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِیِّ، قَالَ: کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: ''اَللّٰھُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ''

(مسند ابو داؤد طیالسی (۳۷۲) الادب المفرد (۲۹۰) مسند ابو یعلی (۵۰۷۵) صحیح ابن حبان (۹۵۹) الدعا للطبرانی (۴۰۴) شعب الایمان (۸۱۸۶)

ترجمہ: حضرت ابو مسعود بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: اے اللہ عزوجل! تو نے میری خوبصورت تخلیق فرمائی پس تو میرے اخلاق کو بھی خوبصورت بنا دے۔

1473 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِیْبِیُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، ثنا یَحْیَی بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ الْحِمَّانِیُّ، ثنا عَلِیُّ بْنُ مُسْھِرٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَوْسَجَةَ بْنِ الرَّمَّاحِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی الْھُذَیْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ''اَللّٰھُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ''

(مسند ابو داؤد طیالسی (۳۷۲) الادب المفرد (۲۹۰) مسند ابو یعلی (۵۰۷۵) صحیح ابن حبان (۹۵۹) الدعا للطبرانی (۴۰۴) شعب الایمان (۸۱۸۶)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ عزوجل! تو نے میری خوبصورت تخلیق فرمائی پس تو میرے اخلاق کو بھی خوبصورت بنا دے۔

گناہوں سے معافی کی دعا

1474 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِیْبِیُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ جَامِعٍ،

ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي نُعَيْمٍ، ثنا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللهِ، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَأَيْتَ لَوْ عَلِمْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَا كُنْتُ أَدْعُو؟ قَالَ: ''قُولِي اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي''

(جامع ترمذی(۳۵۱۳) سنن ابن ماجه(۳۸۵۰) مسند احمد (۲۵۴۹۷،۲۵۴۹۵،۲۵۳۸۴، ۲۵۵۰۵، ۲۶۲۱۵، ۲۵۷۴۱) سنن کبریٰ للنسائی (۱۰۰۴۲، ۱۰۰۶۴۲، ۷۶۶۵)

ترجمہ: اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اگر میں لیلۃ القدر پاؤں تو کیا دعا کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کہنا، ''اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي'' اے اللہ عزوجل! بے شک تو درگزر کرنے والا ہے اور درگزر کرنے کو پسند فرماتا ہے پس تو مجھ سے (میرے گناہوں سے) درگزر فرما۔

1475 وَنا أَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، نا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، نا أَبُو سَعِيدٍ الْحَارِثِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، نا الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

جریری نے اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل نقل کیا ہے۔

1476 وَأَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأُدْفُوِيُّ، أنا أَبُو الطَّيِّبِ أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ، أنا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، نا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ وَاصِلٍ، أَوْ أَبِي وَاصِلٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ هٰذَا شَهْرُ رَمَضَانَ قَدْ حَضَرَ، فَمَاذَا أَقُولُ؟ قَالَ: ''قُولِي اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي''

(جامع ترمذی(۳۵۱۳) سنن ابن ماجه(۳۸۵۰) مسند احمد (۲۵۴۹۷،۲۵۴۹۵،۲۵۳۸۴، ۲۵۵۰۵، ۲۶۲۱۵، ۲۵۷۴۱) سنن کبریٰ للنسائی (۱۰۰۴۲، ۱۰۶۴۲، ۷۶۶۵)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یہ رمضان المبارک کا ماہ مبارک آگیا ہے۔ میں اس میں کیا کہوں (یعنی کیا دعا کروں؟)۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کہنا، ''اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي'' اے اللہ عزوجل: بے شک تو درگزر کرنے والا ہے اور تو درگزر کرنے کو پسند فرماتا ہے پس تو مجھ سے (میرے گناہوں سے) درگزر فرما۔

1477 وَأَنَا أَبُو الْقَاسِمِ الْأُدْفُوِيُّ، أَيْضًا أنا أَبُو الطَّيِّبِ الْجُرَيْرِيُّ، نا أَبُو جَعْفَرٍ

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں میں سے ایک یہ دعا ہے۔ یا اللہ! جو میں نے غلطی کی ہے اسے تو بخش دے اور جو میں نے جان بوجھ کر اور جو میں نے پوشیدہ اور جو میں نے اعلانیہ اور جو میں نے لاعلمی میں اور جو میں نے جانتے ہوئے غلطیاں کی ہیں (ان کی بخشش فرمادے)

نفس کی اصلاح کے لیے دعا

1480 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُو طَاهِرٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، نا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، نا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، نا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، حَدَّثَنِي رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّهُ قَالَ: جَاءَ حُصَيْنٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يُسْلِمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، عَبْدُ الْمُطَّلِبِ خَيْرٌ لِقَوْمِهِ، كَانَ يُطْعِمُ الْكَبِدَ وَالسَّنَامَ، وَاَنْتَ تَنْحَرُهُمْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُولَ، ثُمَّ اِنَّ حَصِينًا قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا تَأْمُرُنِي اَنْ اَقُولَ؟ فَقَالَ: ''اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي وَاَسْاَلُكَ اَنْ تَعْزِمَ لِي عَلَى رُشْدِ اَمْرِي''، قَالَ: ثُمَّ اِنَّ حَصِينًا اَسْلَمَ بَعْدُ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي كُنْتُ سَاَلْتُكَ الْمَرَّةَ الْاُولَى، اَلَا وَاَقُولُ لَكَ مَا تَأْمُرُنِي اَنْ اَقُولَ؟ قَالَ: ''قُلِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ، وَمَا اَخْطَأْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُ، وَمَا جَهِلْتُ وَمَا عَلِمْتُ''

(سنن کبریٰ للنسائی (۱۰۷۶۶) شرح مشکل الاثار (۲۵۲۵)

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس نے کہا کہ حصین، اسلام قبول کرنے سے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم: عبدالمطلب اپنی قوم کا بہترین شخص تھا کہ وہ جگر اور کوہان کھلایا کرتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کا مقابلہ کرتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ پھر حصین نے عرض کیا اگر میں یہ کہوں (یعنی میں اسلام قبول کرلوں) تو مجھے آپ کیا حکم دیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا فرمائی: یا اللہ! میں اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے میری راہ پر پختہ فرمادے۔ پھر حصین، اسلام لانے کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی، کہ میں نے پہلی مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا کہ اگر میں یہ کہوں (یعنی اسلام قبول کرلوں) تو آپ مجھے کیا حکم دیں گے۔ تو تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو یہ دعا کر۔ یا اللہ! تو میرے پوشیدہ اور اعلانیہ (گناہ) بخش دے اور جو میں نے خطائیں کی ہیں چاہے وہ میں نے جان بوجھ کر یا انجانے میں یا جانتے ہوئے کی ہوں ان سب کو معاف فرمادے۔

1481 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ نَظِيفٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، اَبنا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ الرَّازِيُّ، ثنا ابْنُ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاُمَوِيُّ، عَنْ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْغِفَارِيِّ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوَاهَا''، وَقَالَ: ''اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِي تَقْوَاهَا، وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا، وَاَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا''، وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ

(مسلم (۲۷۲۲) سنن نسائی (۵۴۵۸،۵۵۳۸) مصنف ابن ابو شیبہ (۲۹۱۲۴) مسند احمد (۱۹۳۰۸) سنن کبریٰ نسائی (۷۸۱۷،۷۸۱۵) معجم کبیر (۱۱۱۹۱، ۵۰۸۸، ۵۸۸۶، ۵۰۸۵) معجم ابن المقری (۸۶۰) شرح السنہ (۱۳۵۸)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی (ترجمہ: پھر اس کی بدکاری اور اس کی پرہیزگاری دل میں ڈالی) پھر یہ دعا فرمائی: یا اللہ! میرے نفس کو تقویٰ عطا فرما، اور اس کو پاک فرما اور تو ہی سب سے بہتر پاک فرمانے والا ہے اور تو ہی اس کا مولا اور مددگار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز ادا کر رہے۔

کسی قوم سے خوف کے وقت پڑھی جانے والی دعا

1482 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، اَبنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَافَ قَوْمًا قَالَ: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ وَاَدْرَاُ بِكَ فِي نُحُوْرِهِمْ''

(مسند البزار (۳۱۳۶) مسند الرویانی (۴۶۱) معجم ابن المقری (۱۳۴۰)

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی قوم (کے حملہ کرنے) کا خوف ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے۔ یا اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں ان کے شر سے۔ اور میں تجھے ان کے مقابلے میں کرتا ہوں۔

1483 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ، ثنا اَبُوْ طَاهِرٍ الْقَاضِي، ثنا اَبُوْ خَلِيفَةَ، ثنا اَبُوْ سَلَمَةَ مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، اَبنا حَمَّادُ بْنُ

سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامَ خَيْبَرَ كَانَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ، فَسُئِلَ مَاذَا كَانَ يَقُوْلُ؟ قَالَ: ''اَقُوْلُ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ وَبِكَ اَصُوْلُ''

ترجمہ: حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایام خیبر میں اپنے ہونٹ مبارکہ کو حرکت دے رہے تھے تو پوچھا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیا پڑھ رہے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کہتا ہوں، یارب، میں اپنے آپ کو تیرے سپرد کرتا ہوں اور تیری دی ہوئی قوت کے ساتھ لڑتا ہوں اور تیرے بھروسہ پر میں (دشمن) پر حملہ کرتا ہوں۔

اے اللہ! جس طرح بچہ کی حفاظت کرتا ہے اس طرح حفاظت فرما

1484 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحَارِثِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ السَّقَطِيُّ، وَذُو النُّوْنِ قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا ابْنُ اَخِي اَبِي زُرْعَةَ، ثنا عَمِّي، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، اَبنا ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ يَقُوْلُ: ''اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ''

(مسند ابی یعلی (۵۵۲۷) الدعاللطبرانی (۱۴۴۷، ۱۴۴۶))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔ اے اللہ عزوجل! حفاظت فرما جس طرح پیدا شدہ بچہ کی حفاظت کی جاتی ہے۔

1485 وَاَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْمُقْرِئُ، ثنا ابْنُ شَاهِيْنَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَاغَنْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

1486 وَاَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، اَبنا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، ثنا ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ''

(مسند ابی یعلی (۵۵۲۷) الدعاللطبرانی (۱۴۴۷، ۱۴۴۶))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔ اے اللہ عزوجل! حفاظت فرما جس طرح پیدا شدہ بچہ کی حفاظت کی جاتی ہے۔

1487 قَالَ: اَنَاهُ الْعَسْكَرِيُّ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الطُّوْسِيُّ، اِجَازَةً، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْمَرْوَزِيُّ، نَا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ"

(مسند ابی یعلی (۵۵۲۷) الدعا للطبرانی (۱۴۴۷، ۱۴۴۶))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔ اے اللہ عزوجل! تو اس طرح حفاظت فرما جس طرح پیدا شدہ بچہ کی حفاظت کی جاتی ہے۔

پہلے والے قریش کو تکلیف چکھائی بعد والے کو عطیات کا مزہ چکھا

1488 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: ''اَللّٰهُمَّ اَذَقْتَ اَوَّلَ قُرَيْشٍ نَكَالًا فَاَذِقْ آخِرَهُمْ نَوَالًا''

(جامع ترمذی (۳۹۰۸) مسند البزار (۵۰۵۱) مسند للشاشی (۷۲۸) معجم ابن الاعرابی (۲۷۵) حلیہ الاولیاء ج۹ص۶۵۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (یہ دعا مانگا کرتے تھے:) یا اللہ! تو نے پہلے والے قریش کو دکھ و تکلیف چکھائی۔ اب بعد والے قریش کو عطیات کا مزہ چکھا۔

سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لیے صبح کے وقت میں برکت ہے

1489 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُسَاوِرٍ الْعَتَكِيُّ، ثنا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ''لَا تَطْلُبَنَّ حَاجَةً اِلَى اَعْمٰى، وَلَا تَطْلُبَنَّهَا لَيْلًا، وَاِذَا طَلَبْتَ الْحَاجَةَ فَاسْتَقْبِلِ الرَّجُلَ بِوَجْهِكَ، فَاِنَّ الْحَيَاءَ فِي الْعَيْنَيْنِ وَبَاكِرْ حَاجَتَكَ'' فَاِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ

لِاُمَّتِیْ فِیْ بُکُوْرِهَا''

(سنن ابی داؤد(۲۶۰۶) جامع ترمذی(۱۲۱۲) سنن ابن ماجه(۲۲۳۸،۲۲۳۷،۲۲۳۶) مسندابی داؤد طیالسی (۱۳۴۲)مسنداحمد(۲۴۶۴،۱۶۹۶) مصنف ابن ابو شیبه(۳۳۶۲۱،۳۳۶۲۰،۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: تم اندھے شخص سے ہرگز اپنی حاجت کی فرمائش نہ کرو اور نہ ہی رات کو اس کی فرمائش کرو اور جب بھی تو ضرورت کو پورا کرنا چاہے تو تم بذات خود آدمی کے پاس جاؤ کیونکہ شرم وحیا آنکھوں میں ہوتا ہے۔اور تو صبح سویرے اپنی ضرورت کے لیے نکل کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی۔اے اللہ عزوجل میری امت کے لیے صبح کے وقت کو بابرکت بنادے۔

1490 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ، هُوَ ابْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّلْحِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِیْ فِیْ بُکُوْرِهَا''

(سنن ابی داؤد(۲۶۰۶) جامع ترمذی(۱۲۱۲) سنن ابن ماجه(۲۲۳۸،۲۲۳۷،۲۲۳۶) مسندابی داؤد طیالسی (۱۳۴۲)مسنداحمد(۲۴۶۴،۱۶۹۶) مصنف ابن ابو شیبه(۳۳۶۲۱،۳۳۶۲۰،۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! میری امت کے لیے صبح کے وقت کو بابرکت بنادے۔

1491 اَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، وَاَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَا: نَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَهُ

ترجمہ: حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا۔

1492 اَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعْدُوْنِ الْمَوْصِلِيُّ، اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْهَاشِمِيُّ، نَا اَبِيْ قَالَ: حَدَّثَتْنَا زَيْنَبُ بِنْتُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ اَبِيْهَا، عَنْ جَدِّهَا، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِیْ فِیْ بُکُوْرِهَا يَوْمَ خَمِيْسِهَا''

(سنن ابی داؤد(۲۶۰۶) جامع ترمذی(۱۲۱۲) سنن ابن ماجه(۲۲۳۸،۲۲۳۷،۲۲۳۶) مسندابی داؤد طیالسی

(مسند احمد (۲۴۶۴، ۱۶۹۶، ۱۳۴۲) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۳۶۲۱، ۳۳۶۲۰، ۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا فرمائی: اے اللہ! میری امت کے لیے جمعرات کی صبح کو بابرکت بنا دے۔

1493 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَنا الْقَاضِي اَبُو طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، اَنا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ، نا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ كَثِيرٍ، اَنا سُفْيَانُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِي بُكُورِهَا''

(سنن ابی داؤد (۲۶۰۶) جامع ترمذی (۱۲۱۲) سنن ابن ماجه (۲۲۳۸، ۲۲۳۷، ۲۲۳۶) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۳۴۲) مسند احمد (۲۴۶۴، ۱۶۹۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۳۶۲۱، ۳۳۶۲۰، ۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! میری امت کے لیے صبح کے وقت کو بابرکت بنا دے۔

وضاحت: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ مبارکہ تھا کہ جب کوئی چھوٹا یا بڑا لشکر بھیجتے تو صبح سویرے روانہ فرماتے۔ اسی طرح حدیث پاک میں جو حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ راوی ہیں یہ ایک تاجر تھے وہ بھی اپنے کارندوں کو صبح سویرے بھیجتے اس سے وہ دولت مند ہو گئے اور ان کا مال بڑھ گیا۔

1494 وَاَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَهْرَيَارَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ رِيذَةَ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الطَّبَرَانِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ الْاَشْجَعِيُّ، صَاحِبُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِصْرَ فِي جِيزَتِهَا، حَدَّثَنِي اَبِي اِسْحَاقُ، عَنْ اَبِيهِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيهِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِي بُكُورِهَا''، قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: لَا يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ نُبَيْطٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

(سنن ابی داؤد (۲۶۰۶) جامع ترمذی (۱۲۱۲) سنن ابن ماجه (۲۲۳۸، ۲۲۳۷، ۲۲۳۶) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۳۴۲) مسند احمد (۲۴۶۴، ۱۶۹۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۳۶۲۱، ۳۳۶۲۰، ۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت نبیط بن شریط رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! میری امت کے لیے صبح کے وقت کو بابرکت بنا دے۔

امام طبرانی فرماتے ہیں: نبیط کے حوالے سے یہ روایت صرف اسی سند کے ساتھ منقول ہے اور ان سے اس روایت کو

نقل کرنے میں ان کا بیٹا منفرد ہے۔

1495 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ وَصِيْفٍ الْغَزِّيُّ، بِهَا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، ثنا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا مُوْسَى بْنُ حَبِيْبٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِلَيْكَ انْتَهَتِ الْاَمَانِيُّ يَا صَاحِبَ الْعَافِيَةِ''

(معجم الاوسط (۶۶۹۴) شعب الایمان (۹۶۷۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا: اے عافیت عطا کرنے والے! آرزوؤں کا مرکز تو ہی ہے۔

1496 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاذٍ، ثنا اَبُوْ عُمَرَ السَّمَرْقَنْدِيُّ، ثنا اَبُوْ اُمَيَّةَ، ثنا قَبِيْصَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ طَلْقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ دَعْوَتِيْ''

(سنن ابی داؤد (۱۵۱۰) جامع ترمذی (۳۵۵۱) سنن ابن ماجه (۳۸۳۰) مصنف ابن ابو شیبه (۲۹۳۹۰) مسند احمد (۱۹۹۷) صحیح ابن حبان (۹۴۷) شرح السنة: ج ۵ ص ۱۷۶۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے۔ اے اللہ میری توبہ قبول فرما اور میرے گناہوں کو دھو ڈال اور میری دعا قبول فرما۔

1497 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيْقِيُّ اَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي حُصَيْنٍ الْهَمْدَانِيُّ، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، نا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقُرَشِيُّ الْهَبَّارِيُّ، نا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُسَاوِرٍ الْعِجْلِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمْ يُرِدْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفَرًا اِلَّا قَالَ حِيْنَ يَنْهَضُ مِنْ جُلُوْسِهٖ: ''اللّٰهُمَّ بِكَ انْتَشَرْتُ، وَاِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ، وَبِكَ اعْتَصَمْتُ، اَنْتَ ثِقَتِيْ، وَاَنْتَ رَجَائِيْ، اللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ مَا هَمَّنِيْ، وَمَا لَمْ اَهْتَمَّ بِهٖ، وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ، اللّٰهُمَّ زَوِّدْنِي التَّقْوٰى، وَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ، وَوَجِّهْنِيْ

لِلْخَيْرِ اَيْنَمَا تَوَجَّهْتُ''. قَالَ ثُمَّ يَخْرُجُ".

(مسند ابی یعلی موصلی (۲۷۷۰) الدعا للطبرانی (۸۰۵) سنن کبری للبیہقی (۱۰۳۰۶))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آپ سفر پر روانہ ہونے کے لئے کھڑے ہونے لگتے تو یہ دعا پڑھتے تھے: اے اللہ! میں تیرے ہی سہارے اٹھا ہوں اور تیری ہی طرف رخ کیا ہے اور تیرے ہی (عہد) سے وابستہ ہوں۔ تو ہی میرا اعتماد ہے اور تو ہی میری امید ہے۔ اے اللہ! جس کام کا میں اہتمام کرتا ہوں اور جس کا نہیں کرتا ان میں مجھے کفایت فرما اور جس کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ اے اللہ! مجھے پرہیزگاری کا توشہ عطا فرما یا اور میرے گناہ بخش دے اور میں جدھر رخ کروں میرا رخ بھلائی کی طرف پھیر دے۔ یہ دعا پڑھنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر پر تشریف لے جاتے۔

1498 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَيْمُوْنِ الْكَاتِبُ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْخَثْعَمِيُّ، قَالَ: ثنا اَبُوْ كُرَيْبٍ، ثنا خَلَّادٌ الْجُعْفِيُّ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ يَقُوْلُ: "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ عِيْشَةً سَوِيَّةً، وَمِيتَةً نَقِيَّةً، وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍ وَلَا فَاضِحٍ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے: یا اللہ! بے شک میں تجھ سے پاکیزہ زندگی اور (اس کے) ساتھ موت اور بغیر شرمندگی اور رسوائی کے واپسی کا سوال کرتا ہوں۔

1499 اَنا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُدْفُوِيُّ، اَنا اَبُوْ الطَّيِّبِ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ الطَّبَرِيُّ، نا اَبُوْ كُرَيْبٍ، نا خَلَّادُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ، نا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ فَيَقُوْلُ: "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ عِيْشَةً نَقِيَّةً، وَمِيتَةً سَوِيَّةً، وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍ وَلَا فَاضِحٍ"

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے: یا اللہ! بے شک میں تجھ سے پاکیزہ زندگی اور (اس کے) ساتھ موت اور بغیر شرمندگی اور رسوائی کے واپسی کا سوال کرتا ہوں۔"

نوٹ: آج مورخہ ۱۲ اپریل ۲۰۱۶، بروز ہفتہ بوقت دن ۱۲، بجے دوسری جلد کا کام مکمل ہوا۔